ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعہ 29 محرم الحرام 1447ھ 25 جولائی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 20
رجسٹرڈ BC-m-11 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

فتنہ الہندوستان کو کچل دینگے قومی شاہراہوں پر ریاستی رٹ چیلنج کرنیوالوں کو برداشت نہیں کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

ہر ضلع میں انتظامی افسران کی تعیناتی میرٹ پر کی جا رہی ہے، صوبائی حکومت ان افسران سے خاطر خواہ نتائج بھی چاہتی ہے، جرائم کی موثر روک تھام افسران کی ذمہ داری ہے جس کو ہر صورت پورا کرنا ہوگا

پولیس اور لیویز کی حدود سے بالاتر ہوکر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے، انتظامیہ کو مکمل فری ہینڈ ہے، لیویز اور پولیس مل کر منظم حکمت عملی کے تحت ان عناصر کا قلع قمع کریں

قومی شاہراہوں پر جوائنٹ چیک پوسٹیں قائم کی جائیں تاکہ جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت روکی جا سکے، میر سرفراز بگٹی کا سبی نصیر آباد قومی شاہراہ پر امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس میں اظہار خیال

بھارت کی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد گروہ 'فتنہ الہندستان' جیسے عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، سیکیورٹی فورسز اس مقصد کے لیے ہر قیمت چکا رہی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

پاکستانی قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے ہم اپنے شہداء کے خون کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے ان کی قربانیاں ہمارے حوصلے کو بلند کرتی ہیں، مستونگ میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں سبی نصیر آباد قومی شاہراہ پر امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، پرنسپل سیکرٹری بابر خان،........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بنیاد پر کارروائی کو سراہتے ہوئے دہشتگردوں کے خلاف بروقت اور فیصلہ کن اقدام پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا ہے یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ "بھارت کی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد گروہ........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی کے لیڈر بانی پی ٹی آئی ہیں شاہ محمود قریشی نہیں، سلمان اکرم راجہ

مفروضہ ہے شاہ محمود قریشی پارٹی کو لیڈ کریں گے، سیکرٹری جنرل کی صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے مفروضہ ہے شاہ محمود قریشی پارٹی کو لیڈ کریں گے، پارٹی کے لیڈر بانی پی ٹی آئی ہیں، شاہ محمود قریشی نہیں، راولپنڈی میں اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا شاہ........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود اچکزئی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلاموفوبیا کے خطرات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانے ہونگے، اسحاق ڈار

مقبوضہ کشمیر کے عوام کو حق خودارادیت دلوانے بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خاتمے کیلئے عالمی ادارے تعاون کریں

لیبیا، افغانستان، شام، یمن اور دیگر ممالک میں قیام امن کیلئے سلامتی کونسل اور اقوام متحدہ کا کردار اہم ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (شاکر رحمان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا کے بڑھتے خطرات کی روک تھام کیلئے مل کر کام کرنا ... مطابق سلامتی کونسل میں اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے درمیان تعاون کے موضوع پر اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے نائب ... وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسلاموفوبیا کے خلاف مل کر اقدامات اٹھانے ہوں........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں ملنے والے قبائلی جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

مٹھی بھر دہشتگرد بلوچستان کی ترقی کا راستہ نہیں روک سکتے، جنرل احمد شریف چوہدری

بلوچ عوام پاکستان سے تاریخ، مذہب، ثقافت اور روایت کے رشتوں میں جڑے ہیں، ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر

کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا، طلباء و طالبات نے آپریشن بنیان مرصوص کی تاریخی فتح پر خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مٹھی بھر دہشتگرد بلوچستان اور پاکستان کی ... لاہور میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا دورہ کیا جہاں انتظامیہ اور طلبہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس ... مجموعی ترقی اور خوشحالی کا راستہ نہیں روک سکتے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر جنرل نے........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ مواصلات و تعمیرات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی مستقل تشویش کا باعث، وزیر داخلہ کا دورہ انتہائی اہم تھا، دہشتگردوں کی حوالگی کا معاملہ زیر غور آیا، افغان قیادت نے خدشات پر مثبت رویہ دکھایا

مذاکرات کی دعوت دیدی اب فیصلہ بھارت کو کرنا ہے — طالبان حکومت تسلیم کرنیکا کوئی فیصلہ نہیں ہوا — افغانستان دہشتگردوں کی پناہ گاہیں ختم کرے، پاکستان

افغان وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان کی تاریخوں پر مشاورت جاری، رجسٹرڈ افغان پناہ گزینوں کی واپسی ڈیڈ لائن 30 جون کو مکمل ہو چکی، ڈیڈ لائن میں توسیع کیلئے حکومت کو تجاویز دیں، فیصلہ ہونا باقی ہے

دونوں ممالک کے تعلقات میں بہتری کا رجحان واضح ہے، مثبت سفارتی رجحان کو مزید مستحکم کرنے کیلئے دونوں ممالک کوشاں ہیں، ایران کیساتھ تعلقات کو پاکستان کثیر الجہتی و عوامی رابطوں پر مبنی سمجھتا ہے

پاکستان، بھارت کے درمیان مسائل کا حل صرف مذاکرات سے ممکن ہے، اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے، کسی بھی جارحیت کی صورت میں پاکستان بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے

پاکستان مسئلہ کشمیر سمیت تمام امور پر بھارت سے مذاکرات کیلئے تیار ہے، بھارت کی تاخیری حکمت عملی مسئلے کے حل میں رکاوٹ ہے، امریکی ثالثی کی کوئی رسمی تجویز یا مقام تاحال موصول نہیں ہوا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ طالبان حکومت کو تسلیم کرنے کی خبریں قیاس آرائی پر مبنی ہیں، افغانستان میں موجود دہشتگردوں کی پناہ گاہیں مستقل تشویش کا باعث ہیں، ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی معیشت کیلئے ایک اور خوشخبری عالمی ریٹنگ ایجنسی نے ایک درجہ بہتر کردیا — بیرونی قرضوں کا دباؤ کم ہو گا، وزیراعظم کا اظہار اطمینان

اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے ملکی معیشت کی بہتری کو مد نظر رکھتے ہوئے آؤٹ لک کو مستحکم قرار دیدیا، یہ پیش رفت تین سال بعد دیکھنے میں آئی ہے

پاکستان کو آخری مرتبہ جولائی 2022 میں بی مائنس کی درجہ بندی دی گئی تھی، حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشیں قابل تعریف ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کو ایک درجہ بہتر کرتے ہوئے ٹرپل سی پلس سے بڑھا کر بی مائنس کر دی ... معیشت کی بہتری کا اعتراف ہے، اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے کہا........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی منصوبوں میں کوتاہی برداشت نہیں، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

منصوبوں میں معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت مواصلاتی منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

آپ کا اکاؤنٹ ہیک ہوسکتا ہے! پی ٹی اے نے عوام کو خبردار کردیا

کوریئر سروسز کے جعلی نمائندوں کی جانب سے بھیجے جانے والے مشتبہ پیغامات سے ہوشیار رہیں

صارفین سے ذاتی اور حساس معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، پی ٹی اے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ میں فورسز کا خفیہ اطلاع پر آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک

آپریشن بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی پر کیا گیا، آئی ایس پی آر

شہید میجر زیاد سلیم ٹیم کی قیادت کر رہے تھے، خوشاب میں سپرد خاک، سپاہی ناظم حسین کی جہلم میں تدفین، سلامی پیش کی گئی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

قاسم اور سلیمان میری اولادیں ہیں، باپ کی رہائی کیلئے آواز اٹھانا حق ہے، عمران خان

وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور، بیرسٹر گوہر اور بیرسٹر سلمان اکرم راجہ بھی تحریک چلائیں گے، سابق وزیراعظم

انصاف کا نظام دفن، 22 گھنٹے تک سیل میں ...

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان نے کہا ہے قاسم اور سلیمان میری اولادیں ہیں اور باپ کی رہائی کیلئے آواز اٹھانا حق ہے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے ایک بار پھر بیانات دہرا کر انہیں بانی پی ٹی آئی سے منسوب کرنے کا دعویٰ کیا، علیمہ خان نے کہا توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل ساحر شمشاد مرزا سے سعودی بحریہ کے سربراہ کی ملاقات

دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق، علاقائی بحری سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلا دیش، شیخ مجیب قتل کیس کا فیصلہ سنانیوالے سابق چیف جسٹس کو گرفتار

ڈھاکہ (م ڈ) بنگلا دیش میں شیخ مجیب الرحمان قتل کیس سمیت اہم کیسز کا فیصلہ سنانے والے سابق چیف جسٹس اے بی ایم خیر الحق کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈھاکہ میٹروپولیٹن پولیس کی ڈیٹیکٹو برانچ (ڈی بی) نے صبح...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

برساتی نالے میں بہہ جانے والے ریٹائرڈ کرنل کی لاش مل گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں موسلا دھار بارش کے دوران برساتی نالے میں بہہ جانے والے ریٹائرڈ کرنل قاضی اسحاق کی لاش مل گئی، ذرائع کے مطابق کرنل ریٹائرڈ اسحاق قاضی کی لاش دریائے سواں...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

چین پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کررہا ہے، صدر مملکت

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت بین الاقوامی معاہدوں کو نقصان پہنچا رہا ہے، شہباز شریف

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سبی کے علاقے ڈنگر میں بولان میل کی آمد پر دہشتگردی، دھماکے سے کوئی نقصان نہیں ہوا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ ناگزیر ہے، اسلامی نظریاتی کونسل

26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی کے 12 کارکنوں کو 6، 6 ماہ قید

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

عافیہ صدیقی کیس توہین عدالت کا نوٹس بھجوانے کا معاملہ لٹک گیا

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی بڑا واقعہ لیکن دو سال کے بعد کوئی فیصلہ قبول نہیں کرے گا، شاہد خاقان

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

موثر قانون سازی، عوامی پالیسیوں کی تشکیل کیلئے نوجوانوں کا کردار ناگزیر ہے، جعفر خان مندوخیل

مچھ میں فائرنگ، بچے سمیت دو افراد جاں بحق ایک زخمی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ہمارا ملک ہے اسے جان بوجھ کر ڈبویا جا رہا ہے، محمود خان اچکزئی

کمبوڈیا کے ساتھ جھڑپوں میں 11 تھائی شہری اور فوجی ہلاک

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی گورنر ہاؤس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

5 اگست کو اسلام آباد نہیں جا رہے ہر جگہ پر امن احتجاج ہوگا، چیئرمین پی ٹی آئی

پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف کارروائیاں دبانے کی کوشش، 39 اراکین پارلیمنٹ پر تلوار لٹک رہی، 2 ایم این ایز اور سینیٹر کو سزا ہو چکی

سینٹ انتخابات کیلئے پی ٹی آئی کے تمام امیدوار عمران خان کے نامزد کردہ تھے، پاپولر لیڈر اور فیملی کو لمبے عرصہ تک جیل میں نہیں رکھ سکتے

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے 5 اگست کو اسلام آباد نہیں جا رہے ہر جگہ پر امن احتجاج ہوگا، سینٹ انتخابات کیلئے پی ٹی آئی کے تمام امیدوار عمران خان کے نامزد کردہ تھے........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں کسی آپریشن کی اجازت نہیں دینگے ادارے حدود کی حفاظت کریں، علی امین گنڈاپور

گڈ طالبان کی کوئی گنجائش نہیں، محسن نقوی کرکٹ کے فیصلے، وفاقی اور بنا سکتے ہیں لیکن صوبے کے فیصلے نہیں کر سکتے، وزیراعلیٰ پختونخوا

سرحدوں کی حفاظت وفاقی حکومت کی ذمے داری، فرنٹیئر کانسٹیبلری کو وفاقی فورس بنانے کیخلاف عدالت جائینگے، صحافیوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے صوبے میں کسی قسم کے آپریشن کی اجازت نہیں دیں گے، ادارے سرحدوں کی حفاظت کریں، آل پارٹیز کانفرنس کے بعد علی امین گنڈاپور نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا اے........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج ہوگا

اسمبلی اجلاس میں اضافی فیس وصولی بارے قرارداد پیش کی جائے گی

اراکین طلباء یونینز پر پابندی ختم، بورڈ کے نصاب بارے اظہار خیال کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج (جمعہ) کو سہ پہر تین بجے ہوگا اجلاس میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین صوبے میں پی ڈی ایم کو ختم کرنے اور رولز آف بزنس کے تحت محکموں کے امور چلانے، جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر آغا صوبے کے پرائیویٹ اسکولوں کے نصاب کو بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے نصاب سے ہم آہنگ کرنے اور گرمی و سردی کی تعطیلات کے دوران اضافی فیس وصول کرنے سے روکنے، حق دو تحریک کے رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ طلباء یونینز پر عائد پابندی کو ختم کرنے کی قراردادیں پیش کریں گے۔ اجلاس میں رکن اسمبلی سید ظفر آغا ضلع پشین میں نئی سبزی........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا جانے والے غیر ملکیوں پر 250 ڈالر کی اضافی ویزا فیس عائد

واشنگٹن (م ڈ) امریکا نے نان امیگرنٹ ویزا حاصل کرنے والے تمام غیر ملکیوں پر نئی ویزا فیس عائد کر دی ہے، جس کے تحت اب ہر درخواست گزار کو 250 امریکی ڈالرز اضافی ادا کرنا ہوں گے۔ امریکی میڈیا ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان، بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت

استغاثہ کے مزید ایک گواہ پر جرح مکمل، سماعت 26 جولائی تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی اڈیالہ جیل میں سماعت کے دوران استغاثہ کے مزید ایک گواہ پر جرح مکمل کر لی گئی۔ توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت اسپیشل جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند نے اڈیالہ جیل میں کی، عمران خان اور...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

صفر کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صفر کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹیوں کا اجلاس (آج) جمعہ کو ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وزارت مذہبی امور کے مرکزی دفتر اسلام آباد میں ہوگا .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

وطن کیلئے جان کا نذرانہ دینا سب سے بڑا اعزاز، سردار کھیتران

مستونگ اور مچھ میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

پوری قوم اپنے عظیم شہید سپوتوں پر فخر کرتی ہے، صوبائی وزیر کی دہشت گردی کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و واسا بلوچستان سردار عبدالرحمن کھیتران نے ضلع مستونگ اور.......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ساڑھے چار سال کے دوران 79 خودکش حملے 690 افراد جاں بحق

خیبر پختونخوا میں 54، بلوچستان 19، سندھ 4 اور پنجاب میں ایک خودکش حملہ ہوا

پشاور (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں گزشتہ ساڑھے چار سال کے دوران 79 خودکش حملے ہوئے جن میں 690 جاں بحق اور 1300 سے زائد زخمی ہوئے۔ خیبر پختونخوا میں 54، بلوچستان میں 19، سندھ میں 4 اور پنجاب میں ایک خودکش حملہ ہوا، خیبر پختونخوا...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

تشدد سے طالبعلم کی موت، گرفتار 11 ملزمان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

سوات (بیورو رپورٹ) سوات میں تشدد سے مدرسے کے طالبعلم کی موت کے کیس میں گرفتار 11 اساتذہ کو عدالت نے دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا، مرکزی ملزم تاحال گرفتار نہیں کیا جا سکا۔......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مقتولہ بانو بی بی کی والدہ گل جان کا ریمانڈ منظور

گل جان کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پیش کیا گیا

عدالت سے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سنجیدی ڈیگاری دوہرے قتل کیس میں مقتولہ بانو بی بی کی والدہ گل جان کو دو روزہ ریمانڈ پر سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔ سنجیدی ڈیگاری فائرنگ کیس میں مقتولہ بانو بی بی کی والدہ گل جان کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پیش کیا گیا متعلقہ حکام نے عدالت سے گل جان بی بی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائی، بارڈر کراسنگ کی کوشش پر 33 غیر ملکی گرفتار

گرفتار ملزموں کا تعلق بنگلہ دیش سے ہے، کارروائی فرنٹیئر کور حکام کے تعاون سے عمل میں لائی گئی

چمن (اصغر اچکزئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل تفتان نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر بارڈر کراسنگ کی کوشش میں ملوث 33 ملزموں کو گرفتار کر لیا، ترجمان ایف آئی اے نے کہا اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ: بلوچستان میں غیرت کے نام پر جوڑے کے قتل کیخلاف قرارداد منظور

جرگے میں ملوث افراد کو سخت سے سخت سزا دی جائے، جرائم کی روک تھام ہونی چاہیے، پیپلز پارٹی کی قرارداد کا متن

تمام شہریوں کی حفاظت ریاستی ذمہ داری ہے، شیری رحمن، جے یو آئی کی جانب سے قرارداد کی حمایت نہیں کی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ نے بلوچستان کے علاقے ڈیگاری میں غیرت کے نام پر جوڑے کے قتل کیخلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمن کی منظور کردہ قرارداد میں کہا گیا ایوان بلوچستان میں غیرت کے نام پر قتل...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ہائیکورٹ نے توہین مذہب کے الزامات پر کمیشن بنانے کا فیصلہ معطل کردیا

جسٹس خادم سومرو اور جسٹس اعظم خان نے کمیشن تشکیل دینے کے فیصلے پر عمل درآمد روک دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توہین مذہب کے الزامات پر کمیشن قائم کرنے کا جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کا فیصلہ معطل کر دیا اور کمیشن تشکیل دینے کے فیصلے پر عملدرآمد روک دیا، جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس اعظم خان نے کیس پر ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صدر ینگ پارلیمنٹیرینز فورم سید نوشین افتخار کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

یہ لمحہ، یہی زندگی



صدائے جرس
نواز بگٹی

یہ لمحہ۔ یہ جو ابھی آپ کے ہاتھ میں ہے، یہ سانس، یہ دل کی دھڑکن، یہ خاموشی یا ہنگامہ جو آپ کے گرد سمایا ہے — یہ کیا ہے؟ ایک سیکنڈ جو گزر جائے گا؟ یا وہ واحد حقیقت جو آپ کی پوری زندگی کا جوہر ہے؟ ہم زندگی کو برسوں میں ناپتے ہیں، خوابوں میں سجاتے ہیں، مستقبل کی امیدیں باندھتے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ زندگی صرف یہ موجودہ پل ہے۔ اس سے پہلے سب یاد، اس کے بعد سب امید۔ لیکن یہ لمحہ؟ یہ آپ کا ہے۔ یہ وہ بیج ہے جو کل کے باغ کو سرسبز یا ویران کرے گا۔ اسے ڈھنگ سے جینا نہ صرف ضروری ہے، بلکہ اسی پر آپ کا کل، آپ کی خوشیاں، اور آپ کی کامیابیاں منحصر ہیں۔

زندگی ایک ایسی کتاب ہے جس کا ہر لفظ یہ لمحہ لکھتا ہے۔ ہم صبح اٹھتے ہیں، فون کی سکرین ہماری نظروں کو جکڑ لیتی ہے۔ واٹس ایپ کے میسجز، ای میلز، کام کی ڈیڈ لائنز۔ گھر کی ذمہ داریاں، بچوں کی تعلیم، مستقبل کی منصوبہ بندی۔ اس بھاگ دوڑ میں ہم بھول جاتے ہیں کہ یہ پل، یہ جو ابھی ہمارے پاس ہے، یہی وہ لمحہ ہے جو ہمارے کل کی کہانی رقم کرتا ہے۔ آپ اس لمحے میں جو فیصلہ کرتے ہیں، جو عمل کرتے ہیں، جو لفظ بولتے ہیں — یہ سب کل کی کامیابی کا زینہ بنتا ہے یا ناکامی کا بوجھ۔

بڑے مواقع مانگتی ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ عظیم کامیابیاں چھوٹے لمحات کے درست استعمال سے جنم لیتی ہیں۔ ایک لمحے کی محنت کل آپ کو ایک بہتر پیشہ ور بناتی ہے۔ ایک لمحے کی ہمت کل آپ کے رشتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ ایک لمحے کی سچائی کل آپ کے ضمیر کو سکون دیتی ہے۔ اگر آپ اس لمحے میں اپنے غصے پر قابو پا لیں، تو کل آپ کے رشتوں میں دراڑ نہیں پڑے گی۔ اگر آپ اس پل میں ایک گہری سانس لے کر اپنے دل کو سکون دیں، تو کل آپ کا دماغ زیادہ صاف، زیادہ پرعزم ہوگا۔ ہمارے معاشرے میں ہم اکثر کل کی فکر میں آج کو کھو دیتے ہیں۔ ہم سوچتے ہیں کہ جب ملازمت بہتر ہوگی، جب گھر بن جائے گا، جب بچوں کی شادی ہو جائے گی، تب ہم خوش ہوں گے۔ لیکن خوشی کوئی منزل نہیں، یہ اسی لمحے میں چھپی ہے۔ یہ اس چائے کے کپ میں ہے جو آپ کی والدہ نے محبت سے بنایا۔ یہ اس بچے کی ہنسی میں ہے جو آپ کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہے۔ یہ اس خاموشی میں ہے جو آپ رات کو ستاروں کے نیچے محسوس کرتے ہیں۔ اگر آپ اس لمحے کو نہیں جیتے، تو کل کی خوشی ایک خواب ہی رہے گی۔ یہ لمحہ آپ کو ایک عظیم ذمہ داری سونپتا ہے اسے جیو، اسے سمجھو، اسے معنی دو۔ یہ آپ سے پوچھتا ہے کہ تم اس پل میں کیا چھوڑنا چاہتے ہو؟ ایک نیک ارادہ؟ ایک سچی مسکراہٹ؟ یا ایک چھوٹی سی کوشش جو کل کو بدل دے؟ یہ لمحہ آپ کی کل کی خوشیوں کی جڑ ہے۔ اگر آپ اسے ضائع کر دیتے ہیں، تو کل آپ کے ہاتھ میں صرف پچھتاوا ہوگا۔

چوہڑ مل روڈ پر سیوریج نظام درہم برہم، گٹروں کا پانی سڑکوں پر بہنے لگا، صفائی کرائی جائے، تاجروں کا مطالبہ

بلدیاتی انتخابات ہونے کے باوجود کسی نے بھی تعمیر نہیں کرائی گئی ہے، رفیع اللہ پیر علیزئی، محمد اقبال اچکزئی ودیگر

بڑے پلازوں کی تعمیر سے نالیاں بند ہو چکی ہیں، عوام کا گزرنا بھی محال ہو گیا ہے، دکانداری شدید متاثر ہو رہی ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ کے مختلف علاقوں کی طرح چوہڑ مل روڈ پر بھی سڑک کی عدم تعمیر کی وجہ سے گندگی کے ڈھیر میں اضافہ ہونے لگی، نالیاں انگریز کے دور کے بنے ہیں، بارہاں بلدیاتی انتخابات ہونے کے باوجود کسی نے بھی تعمیر نہیں کرائی گئی ہے۔

غیرت کے نام پر قتل غیر شرعی اور غیر انسانی عمل ہے، مولانا فضل الرحمان

بلوچستان، فاٹا اور پشتونخوا میں حکمرانوں کے بلند و بانگ دعوؤں کے باوجود حکومتی رٹ نہیں ہے

ضلع لورالائی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری قاری سنزر خان رحیمی کی قیادت ملاقات کرنے والے وفد سے بات چیت

کوئٹہ/ اسلام آباد (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر، رکن قومی اسمبلی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ غیرت کے نام پر قتل غیر شرعی اور غیر انسانی عمل ہے، بلوچستان، فاٹا اور پشتونخوا میں حکمرانوں کے بلند و بانگ دعوؤں کے باوجود حکومتی رٹ موجود نہیں ہے۔

پشتونخواپ ضلع کوئٹہ ایگزیکٹوز کا اجلاس 28 جولائی اور ضلع کمیٹی کا اجلاس یکم اگست کو طلب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹوز کا اجلاس 28 جولائی 2025 بروز سوموار شام ساڑھے چار بجے جبکہ ضلع کمیٹی کا اجلاس یکم اگست شام ساڑھے چار بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوں گے۔

جامعہ بلوچستان میں بزنس انکیوبیشن سینٹر کی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد

کوئٹہ (اے پی پی) جامعہ بلوچستان میں بزنس انکیوبیشن سینٹر BIC کی دوسری اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔

جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے قاری سنزر خان اوتمانخیل کی سربراہی میں لورالائی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بھائی کے اغواء کاروں کو شناخت کے باوجود گرفتار نہیں کیا جا رہا، خوشحال خان

روزی خان محکمہ پولیس میں کانسٹیبل ہے رات 12 کے قریب گھر سے نکلا اور واپس نہیں آیا

کوئٹہ (آن لائن) کچلاک کے رہائشی خوشحال خان اور امیر حمزہ نے کہا کہ میرے بھائی روزی خان کا کسی کے اغواء سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

کوہلو میں اساتذہ کی تقرریوں میں میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، عبدالشکور مری

نان ڈپلومہ ہولڈرز کے کاغذات کرنے کی اطلاعات ہیں، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے کہا ہے کہ کوہلو میں اساتذہ کی تقرریوں میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

وفاقی محتسب کی ہدایت پر خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ کی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کر دی گئی

کوئٹہ، پرائیویٹ لائیو ہیلتھ سائنسز اینڈ میڈیکل انسٹیٹیوٹ بلوچستان کے صدر عبدالشکور مری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سہولیات کو مزید بہتر بنا کر عوامی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا، ڈی جی نادرا بلوچستان

ڈی جی نوید جان صاحبزادہ نے شہریوں کی شکایات کے فوری حل کے لیے ہدایات جاری کیں

ای کچہری میں عوام کی بڑی تعداد نے کالز اور میسجز کے ذریعے اپنے مسائل، شکایات سے آگاہ کیا

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات کے تحت نادرا ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ کی جانب سے منعقدہ فیس بک لائیو ای کچہری میں شہریوں نے ڈائریکٹر جنرل نادرا بلوچستان نوید جان صاحبزادہ سے اپنے مسائل براہ راست بیان کیے۔

ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا علامتی احتجاجی جاری

بی این پی عوامی کے وفد نے ڈاکٹر ناشناس لہڑی کی قیادت میں اظہار یکجہتی کیا

کوئٹہ (این این آئی) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا علامتی احتجاجی کیمپ کوئٹہ پریس کلب کے سامنے جاری رہا۔

حاجی فرقان احمد مرزا کی رسم سوم آج نماز عصر تا مغرب بمقام پائی ناتھ میں ادا کی جائے گی

موثر نگرانی اور ہر بچے تک ویکسین کی رسائی کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی دالبندین

اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاوید سیاپاد، ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر شیر محمد سنجرانی کی شرکت

چیف جسٹس بلوچستان کوئٹہ میں مبینہ کرپشن کی تحقیقات کرائیں، رحیم کاکڑ

سابق کمشنر نے صفائی کا نظام ٹھیکے پر دیا جس کے بعد پورا شہر گندگی میں ڈوب چکا ہے

بلوچستان کی خواتین ادبی میدان میں بھی کارہائے نمایاں سرانجام دے رہی ہیں، طاہرہ احساس

بلوچستان کی خواتین ادبی میدان میں بھی کارہائے نمایاں سرانجام دے رہی ہیں، پروفیسر طاہرہ احساس جٹک

اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے ڈائریکٹر عبدالقیوم بیدار کی خصوصی معاونت سے خواتین اہل قلم کی کاوشیں پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا

ہائیکورٹ بار کے صدر میر عطاء اللہ لانگو سے ملک سکندر ایڈووکیٹ اور دیگر وکلا ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: نواں کلی زرغون آباد میں ٹرانسفارمر خراب دو روز سے بجلی بند

ٹرانسفارمر کی مرمت کے لیے اہلکاروں کا مکینوں کو چندہ کر کے پیسے دینے کا مطالبہ

ٹرانسفارمر کی مرمت جلد کروائی جائے مسئلہ حل نہ کیا گیا تو بھرپور احتجاج پر مجبور ہوں گے

صوبائی ترجمان زاہد احمد ناروئی کو مرکزی ترجمان مقرر کر دیا ہے، جے ڈبلیو پی

چمن کے عزیز اللہ اچکزئی ایڈووکیٹ نے سپریم کورٹ کا لائسنس حاصل کر لیا

سپریم کورٹ کا وکیل بننا میرے لیے ایک اعزاز اور میرے خاندان کے لیے قابل فخر ہے

کوئٹہ، کچلاک کے رہائشی خوشحال خان، امیر حمزہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاک افغان تجارتی معاہدہ خوش آئند، برآمدی اشیاء میں ڈرائی فروٹ بھی شامل کیا جائے، دارو خان

تجارتی معاہدے پر عملدرآمد سے دونوں ممالک کی تجارت بڑھنے کے ساتھ باہمی تعلقات میں مثبت تبدیلی آئے گی

چار درآمدی اشیاء شامل کرنے سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے، سابق صدر پی سی آئی اور کوئٹہ پاک افغان سنٹرل ایشیاء کمیٹی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سابق صدر پی سی آئی اور کوئٹہ پاک افغان سنٹرل ایشیاء کمیٹی انجینئر دارو خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدے (پی ٹی اے) خوش آئند ہے۔ پہلے مرحلے میں 14 اگست سے انگور اڈہ کراسنگ پوائنٹ کھولنے، افغانستان میں مشترکہ سرمایہ کاری پروجیکٹ، صنعتی پارک اور اکنامک زونز کے قیام سمیت اہم منصوبوں پر اتفاق ہو گیا ہے۔ تجارتی معاہدے کے پہلے مرحلے پر دستخط کر دیئے ہیں جس پر عملدرآمد 15 اگست 2025 سے شروع ہوگا اور ابتدائی طور پر ایک سال کے لیے موثر رہے گا۔ دونوں ممالک کے مابین پی ٹی اے کے پہلے مرحلے کے تحت دونوں ممالک کی 4،4 برآمدی اشیاء پر ٹیکس میں نمایاں کمی کی گئی جس کیلئے اعلامیہ 15 روز میں جاری کیا جائے گا۔ ان اہم امور پر دونوں ممالک میں اتفاق ہوا ہے ان میں جامع ترجیحی تجارتی معاہدہ، افغانستان پاکستان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدہ، افغانستان میں مشترکہ سرمایہ کاری پروجیکٹس اور صنعتی پارکوں کے قیام اور افغانستان اور پاکستان میں مشترکہ تجارتی نمائشوں کا انعقاد اور انگور اڈہ 14 اگست تک تجارت کیلئے کھولنے پر اتفاق ہوا ہے۔

طبی آلات کی صفائی اور جراثیم کشی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے، ڈاکٹر آصف انور شاہوانی

ہسپتال کی لانڈری اور سینٹرل سٹرلائزیشن ڈیپارٹمنٹ کے معائنہ کے موقع پر ایم ایس بی ایم سی کی ہدایت

کوئٹہ (آئی این پی) بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے ہسپتال کی لانڈری اور سینٹرل سٹرلائزیشن ڈیپارٹمنٹ (CSD) کا معائنہ کیا۔

بلوچستان اس وقت شدید معاشی، سماجی اور سیاسی مسائل کا شکار ہے، ڈاکٹر حلیم صادق

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت شدید معاشی، سماجی اور سیاسی مسائل کا شکار ہے۔

انتقال پر ملال

عبدالمنان لالا انتقال کر گئے، فاتحہ خوانی کلی اڑیزئی سور کچھ مسجد میں جاری ہے

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا نصیب ملنگ کی والدہ کی وفات پر دکھ کا اظہار

ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی عبدالقادر محمد حسنی طویل علالت کے باعث انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی عبدالقادر محمد حسنی طویل علالت کے باعث انتقال کر گئے، مرحوم کافی عرصے سے گردوں کے مرض میں مبتلا تھے اور آج بروز جمعرات 24.7.2025 کو دار فانی سے کوچ کر گئے۔ مرحوم کا نماز جنازہ 2.30 بجے کلی سال آباد نزد چلتن ہاسنگ قریبی قبرستان میں ادا کیا گیا۔

آکا محمد عارف سلیمان خیل انتقال کر گئے، نورک سلیمانخیل میں سپرد خاک

شہید میجر محمد انور خان کاکڑ شہید کی فاتحہ خوانی پانچویں روز بھی جاری

علماء کرام قبائلی عمائدین سیاسی جماعتوں کے زعماء، وکلاء، برادری تاجروں نے تعزیت کی

سابق سینیٹر میر اسرار اللہ خان زہری سے حاجی عبدالوہاب موسیانی کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ سابق سینیٹر میر اسرار اللہ خان زہری سے پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی عبدالوہاب موسیانی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال علاقائی امور اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تنظیمی حکمت عملی اور سیاسی حالات کے لائحہ عمل پر بھی گفتگو کی گئی۔

ایگریکلچر کالج کی عمارت کسی دوسرے ادارے کو نہ دی جائے، چنگیز حئی بلوچ

25 جولائی تا 27 جولائی صبح 8 سے دن 12 بجے تک بجلی بند رہے گی

کوئٹہ: کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں سریاب گرڈ اسٹیشن کے غزارہ ٹاون، اجاکٹ روڈ، کرانی، انڈسٹریل، چلتن اور سریاب ون فیڈروں سے 25 جولائی تا 27 جولائی (روزانہ) صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اس کے علاوہ 27 جولائی کے روز سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11 Kv اولڈ لیاقت بازار، اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ جاری بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

TENDER NOTICE

The development Officer Kanraj, invites a sealed Tender/Bid for execution of various development works as per policy, from eligible contractors/firm with the Bid Security **@ 2%** of estimated cost in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Form Fee **Rs.1000/- for each tender** to be deposited in any **Tender Fee Rs. 1000/- and bid Security 2% of Estimated Cost**

S#	Name of Work/s	E/Cost
1	PROVISION OF HOME SOLAR UNION COUNCIL KANRAJ AT DISTRICT LASBELA. **TSE- 252607790273**	4941792

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,459,254 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the fim **Method of Procurement**: Single Stage-Two Envelope Procedure. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of **Call Deposit** or **Bank Guarantee (Bank's certificate is mandatory)** of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be downloaded from BPPRA website. **Bid Validity Period**: 90 days **Issuance of tender Documents:** From the date of publication, during office hours of any working day. **Last Date of bid submission:** The Tenders should be submitted on **11-08-2025** till **11:00 AM Sharp** at the office of the undersigned. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM**. **Address:** Near ADLG Office Kanraj Lasbela **Phone no:** 3112198228
Email: abdulrahmanrind56@gmail.com

Development Officer
Local Government, Kanraj

AB No.96/24-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار

بحوالہ اشتہار نمبر PRQ No.75/08-07-2025 مورخہ 08 جولائی 2025 کو جو آسامیاں مشتہر کی گئی تھیں۔ ان خالصتاً عارضی آسامیوں کی تعداد بڑھا دی گئی۔ ان آسامیوں کے لئے درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 28 جولائی 2025 ہے۔ آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

S. No	Name of Institution	Gender	Standard of School	BEMIS Code	U/C	Tehsil	JAT	JVT	Total
1	GBPS SUR NARAI BAZAI	BOYS	PRIMARY	4503	UC# 09	Sherani		1	01
2	GBMIDS MIR ALI KHAIL	BOYS	MIDDLE	4533	MC	Sherani	1	1	02
3	GGPS KILLI HAYAT KHAN	GIRLS	Primary	09719	UC#10	Sherani		1	01

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification	100%
Note:	
Marks of the eligible candidates shall be calculated as follows:	
(I) Matriculation = 33%	
(II) Intermedidate = 33%	
(III) Graduation (Bacheler's Degree) = 34%	
Total Merit Marks:	100%

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع شیرانی

PRQ No 259/24-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No.72/08-7-2025 the date of bid Submission and opening has been extended: **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **08 August, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **08 August, 2025** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM** The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 23 July, 2025 are required to download the amended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same.

Assistant Director
Local Government & Rural Development Kharan

PRQ No.247/24-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، ہاشم غلزئی

پانی کی قلت کے حوالے سے عوام کی مشکلات کا احساس ہے، مسائل کے خاتمے کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں

مسلسل خشک سالی اور زیرزمین پانی کی سطح گرنے کی وجہ عوام کو پانی کی فراہمی کا نظام متاثر ہو رہا ہے، سیکرٹری پی ایچ ای

عوام کی بڑی تعداد واسا بلوں کی ادائیگی بھی نہیں کر رہی جس کی وجہ سے محکمے کو مشکلات کا سامنا ہے، واسا ہیڈ آفس کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری پی ایچ ای / واسا محمد ہاشم غلزئی نے واسا ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ مینیجنگ ڈائریکٹر واسا محمد گل خلجی نے محکمے سے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقع پر محکمہ کے تمام آفیسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری پی ایچ ای / واسا نے محکمہ واسا سے متعلق بریفنگ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نئے ٹیوب ویلز کو فنکشنل بنا کر عوام کو پانی کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں، تمام زیر تعمیر کاموں جس میں ٹیوب ویلوں اور ریزروائرز کی فعالیت بروقت مکمل کیا جائے اور جلد ہی نئے ٹیوب ویلز کو ٹرانسفارمر لگا کر دونوں ٹیوب ویلز کو سٹارٹ کریں جسے شہر کے پانی کی قلت دور ہو جائے ان تمام کے عوام کا پانی کا مسئلہ کافی حد تک حل ہو جائے گا۔ انہوں نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی کے حوالے سے جاری منصوبوں اور محکمہ کی طرف سے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے کہا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں پانی کا مسئلہ موجودہ حکومت کے دور میں نہیں ہے۔ بلکہ کوئٹہ میں پانی بحران کافی پرانا ہے۔ اور ماضی میں اس پر کوئی عملی طور پر کام نہیں کیا گیا۔ ایک طرف تو کوئٹہ کو پانی کی فراہمی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ اور دوسری جانب عوام واسا بلوں کی ادائیگی بھی نہیں کر رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے۔ جب محکمہ کو مالی مسائل کا مسئلہ نہ ہو تو محکمہ کی کارکردگی مزید بہتر ہوگی۔ اور عوام کی بہترین طریقے سے خدمت کر سکیں گی۔ کوئٹہ شہر کے تمام علاقوں میں پانی کی فراہمی بروقت یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ واسا کے ملازمین کے بھی مسائل حل کیے جائینگے۔ تاکہ وہ محکمہ کے بہتری کے لیے کام کر سکے۔ اور ان مسائل کے خاتمے کے لیے اقدامات بھی اٹھا رہے ہیں۔ مسلسل خشک سالی اور زیرزمین پانی کی سطح گرنے کی وجہ عوام کو پانی کی فراہمی کا نظام متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے لیے پانی کی فراہمی کے لیے مانگی ڈیم سمیت ڈیموں پر کام تیز کرے۔ جس کی تکمیل سے کوئٹہ

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

کیچ کور ندی کے ٹوٹے ہوئے حفاظتی بند کی فوری مرمت کا مطالبہ

اقدامات نہ کیے گئے تو سیلاب میں علاقہ شدید متاثر ہو سکتا ہے، کمیٹی اراکین

تمام فیصلے زمینی حقائق اور مقامی مشاورت کی بنیاد پر کیے جائیں گے، ڈی سی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ سے سیلاب ایکشن کمیٹی کوشکلات کے وفد نے ملاقات کی اور کیچ کور ندی کے حفاظتی بند کے ٹوٹے ہوئے حصے کی فوری مرمت کا مطالبہ کیا۔ ملاقات میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر دشت شیک حیات بھی موجود تھے وفد نے کہا کہ اگر بروقت مرمت اور صفائی کے اقدامات نہ کیے گئے تو آئندہ سیلاب میں علاقہ شدید متاثر ہو سکتا ہے۔ انہوں نے ندی میں موجود جھاڑیوں کی صفائی اور زمین کی لیوننگ کو بھی ناگزیر قرار دیا ڈپٹی کمشنر کیچ نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کے تحفظات جائز ہیں اور ضلعی انتظامیہ ان پر سنجیدگی سے کام کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی پی ایس ڈی پی کے تحت اضلاع کو فنڈز فراہم کیے جا چکے ہیں، اس حوالے سے بہت جلد اقدامات کیے جائیں گے جس میں کمیٹی اور متعلقہ یونین کونسلز کے نمائندے سے مشورہ کریں گ ے، تا کہ فیصلے زمینی حقائق اور مقامی مشاورت کی بنیاد پر کیے جاسکیں۔

وندر میں مسافر کوچ اور موٹر سائیکل میں تصادم، دو افراد شدید زخمی

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد حالت تشویشناک ہونے پر کراچی ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا

سونمیانی وندر (یو این اے) قومی شاہراہ N-25 پر وندر کے قریب چیلیل ہوٹل کے مقام پر تیز رفتار مسافر کوچ اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی 1122 سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول کو کال موصول ہوئی جس پر ریسکیو میڈیکل ایمرجنسی ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ ریسکیو ٹیم نے زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور فوری طور پر وندر سینٹر منتقل کیا، جہاں مزید طبی امداد کے بعد دونوں زخمیوں کو حالت تشویشناک ہونے کے باعث کراچی کے ٹراما سینٹر ریفر کر دیا گیا۔

گوادر، کھلی کچہری میں شہریوں نے شکایات کے ڈھیر لگا دیئے

لوڈشیڈنگ، پانی کی قلت حل منشیات کی سرعام فروخت بند کرائی جائے، شہری

تمام سرکاری ادارے عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہر وقت مستعد رہیں گے، انتظامیہ

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے نیو ڈورا منڈی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوادر سعد کلیم ظفر نے کی۔ اس عوامی اجتماع کا مقصد مقامی آبادی کے مسائل اور شکایات کو براہ راست سننا اور فوری نوعیت کے حل کو ممکن بنانا تھا۔ تقریب میں 70 سے 80 کے قریب مقامی افراد نے شرکت کی، جن میں قبائلی عمائدین، معتبر شخصیات اور نوجوان شامل تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (ڈی ایس پی) گوادر، محکمہ صحت، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) اور کیسکو (QESCO) کے نمائندے بھی موجود تھے، جنہوں نے شہریوں کے ساتھ براہ راست گفتگو کی۔ کھلی کچہری میں عوام کی جانب سے متعدد مسائل اجاگر کیے گئے، جن میں صاف پانی کی شدید قلت، بجلی کی بار بار بندش اور طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ، نیز علاقے میں منشیات فروشی اور نشہ آور اشیاء کی بڑھتی ہوئی سرگرمیاں نمایاں تھیں۔ ضلعی انتظامیہ نے ان مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کا اعلان کیا۔ پانی کی قلت سے نمٹنے کے لیے فوری طور پر ٹینکروں کی تعداد میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر گوادر اور پی ایچ ای کی مشترکہ ٹیم عنقریب علاقے کا دورہ کرے گی تاکہ پانی کی فراہمی کے مستقل حل پر کام کیا جا سکے

تربت میں پرائس کنٹرول کمیٹی کے چھاپے

جرمانہ کی ادائیگی کے بعد دکان کو مشروط طور پر دوبارہ کھولنے کی اجازت

جہاں خلاف ورزی ثابت ہونے پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ کی نگرانی میں پرائس کنٹرول کمیٹی نے کارروائی کرتے ہوئے ایک دکان کو زائد المیعاد اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش فروخت کرنے پر سیل کر دیا اور جرمانہ عائد کیا۔ کمیٹی انچارج نیاز احمد بلوچ نے عوامی شکایات پر چھاپہ مارا، جہاں خلاف ورزی ثابت ہونے پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ جرمانہ کی ادائیگی کے بعد دکان کو مشروط طور پر دوبارہ کھولنے کی اجازت دی گئی پرائس کنٹرول کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایسی کسی بھی خلاف ورزی کی فوری اطلاع دیں تاکہ انسانی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف بروقت کارروائی ممکن ہو سکے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوامی صحت، حقوق اور اشیاء کی معیاری فراہمی کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، اور کسی کو قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلابی اقدامات جاری ہیں، حنیف عباسی

کامیاب طلباء نے والدین کا سر فخر سے بلند کیا بلکہ پوری قوم کا نام روشن کیا، وفاقی وزیر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں تقریب میں شرکت — نمایاں طلبہ و طالبات میں ایوارڈز اور انعامات کی تقسیم وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی ... خدمات انجام دی گئیں، ان کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب کو جاتا ہے، جو ملک میں تعلیمی میدان میں ایک نیا باب رقم کر رہی ہیں۔" محمد حنیف عباسی نے کہا کہ حلقہ این اے 56 میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں ... والدین کا سر فخر سے بلند کیا بلکہ پوری قوم کا نام روشن کیا۔" انہوں نے حکومت پنجاب کی تعلیمی پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ "پنجاب بورڈ نے تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے تاریخی اور مثالی اقدامات کیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اسکالرشپ پروگرام طلبہ و طالبات کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔ تعلیم میں جو نمایاں ... طرح پاک فوج بیرونی خطرات سے ملک کی حفاظت کر رہی ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "تعلیم انسان کو محتاجی سے بچاتی ہے، یہ ایک زیور ہے۔ ہماری بچیاں آج کسی بھی میدان میں کسی سے کم نہیں۔" وفاقی وزیر نے اساتذہ اور سرکاری تعلیمی اداروں کی خدمات کو سراہا اور انہیں نجی اداروں سے بہتر قرار دیا

ڈاکٹر محمد نواز کبزئی چیئرمین مجلس قائمہ محکمہ صحت سے متعلق مسودات قانون کی بابت اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

3 ماہ کے دوران پاکستانی صارفین کی ٹک ٹاک ... ویڈیوز ڈیلیٹ

اسلام آباد (یو این اے) ... ٹک ٹاک نے 2025 کی پہلی سہ ماہی میں پاکستانی صارفین کی ... ویڈیوز پلیٹ فارم سے ڈیلیٹ کردیں ... رپورٹ کے مطابق ... ٹک ٹاک نے جنوری سے مارچ 2025 کے دوران مجموعی طور پر 21 کروڑ 10 لاکھ 97 ہزار 307 ویڈیوز کو کمیونٹی گائیڈ لائنز کی خلاف ورزی پر پلیٹ فارم سے ہٹایا۔

ایوان بالا سابقہ فاٹا کی موثر اور بھرپور آواز ان کے حقوق کا محافظ ہے، یوسف رضا گیلانی

قبائلی عوام کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ان کی محرومیوں کا ازالہ کرنا ہماری قومی ترجیحات میں شامل ہے

سینیٹ آئینی اور پارلیمانی ذمہ داریوں کے تحت ہر وہ قدم اٹھائے گا جس سے قبائلی علاقوں کے مسائل حل ہوں

فیصل کریم کنڈی کی قیادت میں قبائلی جرگہ کے ممبران کی پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں چیئرمین سینیٹ سے ملاقات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی ... روزگار، تعلیم، صحت اور امن کی صورت میں دیا جائے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اس وقت امن کا مسئلہ پوری دنیا کا ہے خصوصاً اسلامی ممالک میں امن کے مسائل پیدا کیے جا رہے ہیں۔ فلسطین، غزہ، کشمیر سمیت دنیا کے کئی ممالک حالت جنگ میں ہیں ہم سب کو مل کر عالمی امن کے لیے کام کرنا ہوگا۔ اسی حوالے سے میں نے حال ہی میں اٹلی کے شہر وینس کا دورہ بھی کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ جب روس نے افغانستان پر حملہ کیا تھا تو تقریباً 35 لاکھ افراد بے گھر ہو کر پاکستان آئے تھے اور اس وقت سے لے کر آج تک وہ پاکستان میں مقیم ہیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما سردار محمد عمر خان گورگیج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

تعلیم اور صحت کے محکموں کی بہتری اولین ترجیح ہے، شیخ زرک مندوخیل

وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کو ان کو دہلیز پر سہولیات فراہم کریں، رکن اسمبلی

غفلت اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے کیونکہ عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم بھی کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے تعلیم اور صحت کے محکموں کی بہتری اولین ترجیح ہے حلقہ انتخاب میں جلد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کرینگے ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ برداشت نہیں کرینگے یہ بات انہوں نے علاقے کے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل اور غیر معیاری کام کی کسی صورت اجازت نہیں دینگے کرپشن و کمیشن کے خاتمے کیلئے صوبائی حکومت ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے اس میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے وفاق و صوبائی حکومتیں ہنگامی طور پر اقدامات اٹھا رہی ہے کیونکہ وفاق و صوبائی حکومتوں کی اولین ترجیح ہے کہ عوام کو ان کو دہلیز پر سہولیات فراہم کریں انہوں نے کہا کہ غفلت اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کی بہتری اولین ترجیح ہے جس کے لئے مثبت اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس سے عوام جلد استفادہ حاصل کرے گی۔

عمران خان کے بیٹے گرفتار ہوں تو ہی صحیح وارث بنیں گے: رانا ثناء اللہ

لاہور (یو این اے) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کے بیٹے اگر گرفتار ہوں گے تب ہی صحیح طور پر وارث بنیں گے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اس بات کا گلہ نہ کریں کہ عمران خان کے بیٹوں کو گرفتار کر لیا جائے گا، عمران خان کے بیٹے اگر گرفتار ہوں گے تب ہی صحیح طور پر وارث بنیں گے، آج مریم نواز وزیراعلیٰ بنی ہیں تو وہ اس بات پر بیٹھی کہ وہ بہت زیادہ قابلیت رکھتی ہے، ہو سکتا ہے کہ ان سے زیادہ قابل لوگ پارٹی میں ہوں، لیکن جس دن وہ اپنے والد کے ساتھ آکر گرفتار ہوئی تھی، یہ چیزیں سیاست میں کوالیفائی کرتی ہیں، ایئرپورٹ پر دونوں باپ بیٹی کو گرفتار کیا گیا۔ ذاتی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ عمران خان کے بیٹوں کو اس خطرے میں نہیں ڈالنا چاہیے لیکن اگر یہ آتے ہیں اور عمران خان فیصلہ کرتے ہیں کہ میرے بیٹے آکر میری پارٹی کو لیڈ کریں تو ہم تو اس حق میں ہیں، ان کو اعتراضات ہوتا تھا

تعلیمی عمل جاری رکھنے کیلئے جامعہ بلوچستان کی مشکلات حل کی جائیں، شاہ علی بگٹی

یونیورسٹی شدید مالی بحران کا شکار ہے اور حکومتیں مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ نظر نہیں آ رہی، گل جان کاکڑ

یونیورسٹی کا بنیادی مقصد علم و تحقیق کی ترویج ہے، جس کیلئے فنڈز کا فوری اجراء ناگزیر ہے، کابینہ اراکین

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی، جنرل سیکرٹری گل جان کاکڑ، کابینہ کے دیگر عہدیداران اور مجلس عاملہ کے اراکین نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ یونیورسٹی آف بلوچستان کے مالی مسائل انتہائی افسوسناک اور تشویشناک ہیں۔ یہ صوبے کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے جس سے پورا بلوچستان مستفید ہوتا رہا ہے۔ یہاں سے فارغ التحصیل طلباء آج صوبے کے مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں، لیکن بدقسمتی سے گزشتہ کئی سالوں سے یونیورسٹی شدید مالی بحران کا شکار ہے اور صوبائی حکومت اس کے حل کے لیے سنجیدہ نظر نہیں آ رہی۔ وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو تحریری خط لکھ کر اس بحران سے آگاہ کیا ہے۔ ایمپلائز ایسوسی ایشن نے وائس چانسلر کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان فوری طور پر خصوصی مالی پیکج کا اعلان کریں تاکہ یونیورسٹی کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔ بیان میں کہا گیا کہ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد علم و تحقیق کی ترویج ہے، جس کے لیے فنڈز ناگزیر ہیں تاکہ اساتذہ و ملازمین کو بروقت تنخواہیں ادا کی جاسکیں اور لائبریری، لیبارٹری و ریسرچ کے شعبے ترقی کی راہ پر گامزن رہیں۔ ایسوسی ایشن نے حکومت کو متنبہ کیا کہ یونیورسٹی ملازمین کے منظور شدہ الاؤنسز پر کٹوتی کا فیصلہ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ یونیورسٹی کے آئینی اداروں سے منظور شدہ ہیں۔ اگر صوبائی حکومت نے ان الاؤنسز کو ختم کرنے کی کوشش کی تو بھرپور احتجاج کیا جائے گا"

میرزا اللہ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں جس میں دیگر تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام شریک ہیں

گوادر، شادی کور اور سوڈ ڈیم خشک ہونے لگے

پانی کی شدید قلت کا خدشہ، زمیندار نئی فصلیں نہ اگائیں، محکمہ اریگیشن

اگلے ہفتے سے پانی کی فراہمی بند کر دی جائے گی، علاقہ مکینوں کا آگاہی

گوادر (یو این اے) شادی کور اور سوڈ ڈیم سمیت ضلع گوادر کے آبی ذخائر میں پانی کی سطح خطرناک حد تک کم ہو گئی ہے، جس کے باعث شدید قلت آب کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ محکمہ اریگیشن گوادر کے مطابق شادی کور ڈیم میں صرف پانچ ماہ اور سوڈ ڈیم میں دو ماہ کا پینے کا پانی باقی ہے۔ اریگیشن حکام نے خبردار کیا ہے کہ اگر بارشیں نہ ہوئیں تو شادی کور ڈیم مکمل طور پر خشک ہو جائے گا۔ اس صورت حال کے پیش نظر محکمہ نے آبیانہ ادا کرنے والے زمینداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ نئی فصلیں نہ اگائیں کیونکہ اگلے ہفتے سے پانی کی فراہمی بند کر دی جائے گی۔ محکمہ اریگیشن کا کہنا ہے کہ پانی کی موجودہ سطح صرف پینے کے استعمال کے لیے بھی ناکافی ہونے کے قریب ہے، اس لیے زراعت کے لیے پانی کی ترسیل محدود کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ حکام نے مزید کہا کہ شادی کور اور سوڈ ڈیم کے علاقے مون سون زون میں شامل نہیں، لہٰذا بارش کے امکانات بھی کم ہیں، جس سے صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے۔

بلوچستان کی چراگاہوں کو دیہی زندگی کی بقا میں بنیادی حیثیت حاصل ہے، ولید مہدی

یہ وسیع و عریض قدرتی علاقے مالداری سے وابستہ لاکھوں افراد کے لیے مویشیوں کی خوراک کا ذریعہ ہیں

موسمیاتی تبدیلی، غیر متوازن، بے ہنگم زراعت اور بے قابو چراؤ نے ان علاقوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے

بلوچستان میں چراگاہی وسائل کے پائیدار اور سائنسی انتظام کو فروغ دیا جائے گا، تربیتی ورکشاپ سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محکمہ جنگلات و جنگلی حیات اور اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ برائے خوراک و زراعت (FAO) کے زیر اہتمام رینج ٹیکنیشنز اور سروے اسٹاف کے لیے چراگاہی وسائل کے جائزے اور نقشہ سازی سے متعلق تین روزہ تربیتی پروگرام منعقد ہوا۔ یہ تربیت ری وائیول آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام (RBWRP) کے تحت منعقد کی گئی، جسے عالمی ادارہ خوراک نے نافذ کیا اور یورپی یونین (EU) نے مالی معاونت فراہم کی۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن بلوچستان کے سربراہ اور انٹیگریٹڈ پروگرام کوآرڈینیٹر ولید مہدی نے محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے قابل اور مستعد ٹیم کی پیشہ ورانہ امور کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی چراگاہیں نہ صرف صوبے کی معیشت بلکہ اس کے ماحولیاتی توازن اور دیہی زندگی کی بقا، میں بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ یہ وسیع و عریض قدرتی علاقے مالداری سے وابستہ لاکھوں افراد کے لیے مویشیوں کی خوراک کا ذریعہ ہیں۔ مقامی افراد کا انحصار نہ صرف گوشت، دودھ اور اون پر ہے بلکہ ان چراگاہوں سے حاصل ہونے والی قدرتی جڑی بوٹیوں، نباتات اور ایندھن پر بھی ہے۔ ان علاقوں کی زرخیزی اور بقا کا دار و مدار اس بات پر ہے

ڈی سی، ڈپٹی کمشنر محمد نعیم کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں، اس موقع پر دیگر آفسران بھی موجود ہیں

حب شہر میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں معمول بن گئیں

شہریوں کے ہزاروں روپے نقدی اور قیمتی موبائل فونز لوٹ لئے گئے

حب (یو این اے) حب شہر میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں روز کا معمول بن گئی ہیں، جبکہ پولیس کی نااہلی کے باعث جرائم پیشہ افراد دیدہ دلیری سے کارروائیاں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ تازہ واقعہ حب سٹی تھانے کی حدود میں مین آر سی ڈی روڈ پر پیش آیا، جہاں تین مسلح افراد نے ایک موبائل شاپ کو لوٹ لیا۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی ہے جس میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ تین رکنی مسلح ڈکیت گروہ شاپ میں داخل ہو کر نہ صرف ہزاروں روپے نقدی اور قیمتی موبائل فونز لوٹ کر لے گیا، بلکہ دکاندار پر تشدد کر کے با آسانی فرار ہونے میں بھی کامیاب ہو گیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایس ایچ او حب سٹی کی نااہلی اور پولیس کی مجرمانہ غفلت کے باعث شہر میں جرائم کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ حب پولیس جرائم کی بیخ کنی کے بجائے ایرانی تیل، چھالیہ، ماوہ اور گٹکے کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر سے مبینہ طور پر بھتہ وصولی میں مصروف ہے۔ شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم اور لاقانونیت سے شہری شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہیں اور پولیس کے کردار پر سوالات اٹھا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لے کر حب میں جرائم کا خاتمہ اور مؤثر پولیسنگ کو یقینی بنایا جائے۔

پاکستان میں حماس کا دفتر قائم ہونا چاہیے، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (یو این اے) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کا دفتر قائم ہونا چاہیے، امت مسلمہ اور ملک کو درپیش حالات میں مضبوط موقف اپنانے کی ضرورت ہے، مسئلہ فلسطین درحقیقت قبلہ اول کی آزادی کی جنگ ہے

ایف آئی اے میں جامع اصلاحات اور تنظیم نو کا عمل جاری

اصلاحاتی اقدامات عوام کی بہتری کیلئے ہیں، ڈی جی رفعت مختار راجہ کی ہدایت

کی ہیلپ لائن 1991 کو بھی باقاعدہ طور پر کمانڈ اینڈ کنٹرول روم سے منسلک کر دیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجہ کی خصوصی ہدایات پر ایف آئی اے میں جامع اصلاحات اور تنظیم نو کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ حالیہ اقدامات کے تحت ایف آئی اے اینٹی کرپشن ونگ میں جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم ایجنسی کی کارکردگی کو مزید فعال اور مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ایف آئی اے سے متعلق تمام کالز اور ان پر فوری ریسپانس براہ راست کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کے ذریعے دیا جائے گا اصلاحاتی اقدامات کا بنیادی مقصد عوام کو بہترین سروس فراہم کرنا ہے اس اقدام سے شہریوں کی شکایات پر فوری اور مربوط کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ایف آئی اے کی ہیلپ لائن 1991 کو بھی باقاعدہ طور پر کمانڈ اینڈ کنٹرول روم سے منسلک کر دیا گیا ہے

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی سے عصمت اللہ شیخ، عبدالناصر درانی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ملک و قوم کی سلامتی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، کمانڈنٹ بی سی

عوام کو تحفظ فراہم کرنا ہمارا نصب العین ہے، جوان اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور اپنے بچوں کی روزی حلال کریں

اگر کوئی بھی ملازم غیر حاضر ہوا تو اسکو بلا تنخواہ کرتے ہوئے کسی دور دراز علاقے میں ٹرانسفر کیا جائے، آغا محمد یوسف

تبادلہ فورس کا حصہ جہاں بھی نفری کی ضرورت ہوگی وہاں پر جانا پڑے گا، کسی کے ساتھ کوئی تعصبانہ رویہ نہیں رکھا جا رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کانسٹیبلری قاسم لائن کوئٹہ میں اہم دربار منعقد کی گئی۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری کے قاسم لائن پہنچنے پر قاسم لائن کے چاک و چوبند دستے نے ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری کو سلامی دی۔ جس میں ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے ملازمان کے مسائل سنے اور کچھ مسائل کو موقع پر ہی حل کیا کچھ مسائل اپنے ہمراہ موجود اسٹاف کو نوٹ کروائے اور جلد از جلد حل کرنے کی تاکید کی۔ دوران دربار کچھ ملازمان نے کھڑے ہو کر ٹرانسفر پوسٹنگ کی بابت استدعا کی کہ ہمیں دور دراز علاقوں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ جس پر ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے زونل کمانڈر زون-1 قاسم لائن، زونل کمانڈر RRG زون III اور SP ایلیٹ فورس کو ہدایت کی کہ جوانوں کے تبادلہ جات اور چھٹیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جائے۔ اس بابت کسی ملازم کی شکایت نہیں آنی چاہیے۔ انہوں نے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس ایک ضلع یا رینج تک محدود ہوتی ہے جبکہ بلوچستان کانسٹیبلری پورے صوبے کی ایک ہی ریزرو فورس ہے جہاں بھی نفری کی کمی ہوتی ہے صوبائی حکومت اور انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کے حکم پر نفری فراہم کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تبادلہ جات فورس کا حصہ ہیں جہاں بھی نفری کی ضرورت ہوگی وہاں پر جانا پڑے گا۔ اور کسی کے ساتھ کوئی تعصبانہ رویہ نہیں رکھا جا رہا ہے۔ تمام ماتحتوں کو میں اپنے بچوں کی طرح سمجھتا ہوں میرے لئے سب برابر ہیں۔ سب کے ساتھ انصاف اور شفافیت کا طریقہ اپنایا جا رہا ہے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنا ہمارا نصب العین ہے۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جوان اپنی حاضری کو یقینی بنائیں

لسبیلہ 309 پولیس اہلکار گٹکا و ماوا کے عادی، ایس ایس پی کی سخت وارننگ

14 روز میں نشہ چھوڑنے کی مہلت، بصورت دیگر محکمانہ کارروائی کی جائے گی، عاطف امیر

قانون کی خلاف ورزی سے پولیس کا عوام میں وقار بھی مجروح ہو رہا ہے، اہلکاروں سے بات چیت

بیلا (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر نے ضلع بھر کے تھانوں، چیک پوسٹوں اور دفاتر میں تعینات گٹکا و ماوا کے عادی 309 پولیس اہلکاروں کو وارننگ جاری کر دی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس کے ملازمین کا مضر صحت نشہ آور اشیا کا استعمال نہ صرف قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے پولیس کا عوام میں وقار بھی مجروح ہو رہا ہے۔ ایس ایس پی کے مطابق گٹکا و ماوا کا استعمال خطرناک بیماری کینسر کا باعث بن رہا ہے اور پولیس اہلکاروں کی صحت کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی ہے کہ 14 روز کے اندر اندر اس مہلک نشہ کو مکمل طور پر ترک کریں بصورت دیگر ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عوامی حلقوں نے ایس ایس پی لسبیلہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے پولیس اصلاحات کی جانب مثبت قدم قرار دیا ہے۔

ڈاکٹر رابعہ بلیدی کا یوتھ پروڈکشن اینڈ مینٹل ہیلتھ کے موضوع سے منعقدہ تقریب میں گروپ فوٹو

PAKISTAN RAILWAYS

Office of the Divisional Medical Officer, Quetta.
Phone No. 081-2440947.

RE-INVITATION OF BIDS THROUGH E-PADS
MEDICAL DEPARTMENT PAKISTAN RAILWAYS QUETTA

No. 08-AC/1/PT-IX

Divisional Medical Officer, Pakistan Railways, Quetta, invites sealed Four bids for execution of below works, based on through Rates on the basis Single Stage-Single Envelop from the eligible Supplier who have license and registered with Sales & Income Tax Department and active on ATL of FBR.

Bidding/Tender Documents can be obtained from **http://eprocure.gov.pk (under noted E-PADS Bid/Tender Numbers)** free of cost. Bidders must submit their bids through **E-Pak Acquisition & Disposal System (E-PADS)**. Bid/Tenders must be accomplished with scanned copy of Bid Security (Name of firm/Agency on call deposit is mandatory) in the form of CDR/Pay order, in the name OF **DAO/P.R Quetta.** Whereas, bid security in original shall be submitted along with other necessary documents as stated in bidding documents. Bid/Tender must be up-loaded on E-Pads at **12:00 hours on 12th August, 2025.**

Only bids through E-Pads will be entertained and no other bids will be accepted except E-PADS. Bids will be opened on same date at **12:30 hours** in Divisional Office Pakistan Railways Quetta in the presence of representatives of the firms who want to be witnessed.

The Tenders/Bids Notice is also available on PPRA website (www.ppra.org.pk) and Pakistan Railways web site (www.pakrail.gov.pk).

Detail of bids as under.

S. No.	Name of Work	Estimate Cost Yearly Basis	Call Deposit	Period	E-PADs Tender No.
1.	Supply of conveyance, driver and Labour for the conservancy work and it's supervision at Quetta for the year 2025-2026.	20,00,000/-	40,000/-	One Year 2025-2026 from the date of Agreement	F-250752172
2.	Supply of conveyance, driver and Labour for the conservancy work and it's supervision at Sibi for the year 2025-2026.	15,00,000/-	30,000/-	One Year 2025-2026 from the date of Agreement	F-250752189
3.	Local Purchase of Medicines/ Drugs etc. For (Indoor Patients) Railway Hospital Quetta for the year 2025-2026.	12,00,000/-	24,000/-	One Year 2025-2026 from the date of Agreement	F-250751682

Dr. Mariya Mukhtar
Divisional Medical Officer, Pakistan Railways, Hospital Quetta.

ریلوے لائن کو صرف کراسنگ سے احتیاط سے پار کریں
PID (Q) 43/25

PAKISTAN RAILWAYS

Divisional Office, Quetta

RE-TENDER NOTICE

No. 08-AC/1/PT-IX — Dated: 17-07-2025

Divisional Superintendent, Pakistan Railways, Quetta, re-invite sealed Bids on through rates prescribed documents for the following work under Single Stage Two Envelope procedure as per PPRA Rules 36 (b) 2004 by experienced firms/contractors, who are on the Active Taxpayers List (ATL) of the Federal Board of Revenue. The contracting firms who are registered with PPIB in C-3 or above category and Pakistan Engineering Council (PEC) in C-5 or above category are eligible to apply for the work as mentioned below

Name of Work	Tender Closing Date	Tender Opening Date	Approximate Cost Rs.	Bid Security
Design, Supply, Installation & Commissioning of Hybrid Solar System at 15 Nos. Railway Stations over Quetta Division	09-08-2025 12:00 PM	09-08-2025 12:30 PM	Rs. 15,824,355/-	Rs. 474,730/-

1. Bids submitted through E-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) will only be entertained. However, bid security and tender documents duly signed, stamped & sealed will also be submitted on date of opening of tender physically in the office of Divisional Accounts Officer, Pakistan Railways, Quetta. Bidder will also upload the complete scanned copy of their bid and CDR in EPADS.

Note: EPADS Tender No. F.250751272

2. Interested firms can download bidding documents from EPADS portal (www.eprocure.gov.pk)
3. Bidder need to get registered at EPADS, PPRA to access the tender documents and other relevant information.
4. The bid prepared in accordance with the instructions contained in the bidding documents must be submitted on EPADS as per the schedule mentioned in the table above.
5. Pakistan Railways reserves the right to accept or reject any or all bids as per provision of PPRA rule 33(1).

(Pervaiz Ahmed)
Divisional Assistant Electrical Engineer, Pakistan Railways, Quetta.

PID(Q)3325

ریلوے لائن کو صرف کراسنگ سے احتیاط سے پار کریں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر: پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلیفون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 25 جولائی 2025ء

گورننس کی بہتری اور سول سروسز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا عزم

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سول سروسز کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، سول سروسز اسٹرکچر کی بہتری اور اسے جدید خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنے کے لئے وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی سربراہی میں کمیٹی قائم کرتے ہوئے کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ کمیٹی ایک ماہ میں تفصیلی مشاورت کے بعد اصلاحات پر مبنی جامع سفارشات پیش کرے۔ یہ ہدایت وزیراعظم شہباز شریف نے اس اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران دی ہے جو سول سروسز کی اصلاحات کا جائزہ لینے کے سلسلے میں گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کو سول سروسز اصلاحات کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سول سروسز میں بھرتی، ٹریننگ، کارکردگی کے جائزے، تنخواہوں کی بہتری اور ترقی کے حوالے سے مشاورت کے بعد تجاویز مرتب کی جا رہی ہیں۔ اجلاس کے دوران خطے کے دوسرے ممالک میں سول سروسز کی اصلاحات کا پاکستان کے ساتھ تقابلی جائزہ بھی پیش کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گورننس کی بہتری، عام شہری کی زندگی کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ بہترین ٹیلنٹ کی میرٹ پر بھرتیوں کو سول سروسز اصلاحات کا محور رکھتے ہوئے سفارشات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ وزیراعظم نے کمیٹی کو ایک ماہ کے دوران اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد جامع سفارشات کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے سول سروسز میں اصلاحات کے حوالے سے قائم کی گئی کمیٹی کو میرٹ پر بہترین ٹیلنٹ کی بھرتی، ترقی کیلئے مخصوص اہداف پر مبنی کے پی آئیز، اے سی آر نظام کی بہتری و موثر تبادل کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے جدید ٹیکنالوجی و جدید نظام کو مدنظر رکھتے ہوئے افسران کی استعداد کار کو بڑھانے کیلئے لائحہ عمل کو بھی سفارشات کا حصہ بنانے کا حکم دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ایسی سفارشات مرتب کی جائیں جو پائیدار نظام کی بنیاد بنیں اور گورننس کی بہتری اور سول سروسز کو عصری تقاضوں سے متواتر ہم آہنگ کرنے کا مستقل نظام قائم ہو۔ وزیراعظم نے کہا کہ سول سروسز میں عام آدمی کی زندگی کو آسان بنانے اور اسکا معاون بنانے کیلئے اصلاحات حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سول سروسز کی اصلاح اور جدید خطوط پر استواری پائیدار گورننس کی جانب ایک اہم قدم ہے اور دیکھا جائے تو ہماری قومی ترقی اور استحکام کا دارومدار ایک مضبوط، موثر اور جدید سول سروسز کے نظام ہی پر ہے۔ اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے، وزیراعظم شہباز شریف نے گورننس کی بہتری اور سول سروسز کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کا عزم کیا ہے۔ ان کا یہ اقدام نہ صرف ملک کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنائے گا بلکہ عام شہری کی زندگی میں بھی مثبت تبدیلی لائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا وژن ایک ایسی سول سروسز کا قیام ہے جو صرف انتظامی فرائض کی انجام دہی تک محدود نہ ہو، بلکہ ایک فعال، ذمہ دار اور عوام دوست ادارہ ہو۔ ان کا یہ عزم سول سروسز کے مختلف پہلوؤں میں اصلاحات لانے کی ضرورت پر مبنی ہے، جن میں بھرتی، تربیت، کارکردگی کا جائزہ، اور ترقی کے طریقہ کار شامل ہیں۔ ان کا یہ اقدام ظاہر کرتا ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ملک کے مسائل کا حل صرف معاشی ترقی میں نہیں بلکہ ایک موثر اور شفاف انتظامی نظام میں بھی مضمر ہے۔ انہوں نے وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی ہے جس نے ایک ماہ کے اندر جامع سفارشات مرتب کر کے پیش کرنی ہے یہ انتہائی قابل ستائش ہے یہ کمیٹی نہ صرف موجودہ نظام کا جائزہ لے گی بلکہ اس میں موجود خامیوں کو دور کرنے کے لئے ٹھوس تجاویز بھی پیش کرے گی کسی بھی ادارے کی کامیابی کا انحصار اس میں شامل افراد کی قابلیت اور دیانت داری پر ہوتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس حقیقت کو سمجھتے ہوئے کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ میرٹ پر بہترین ٹیلنٹ کی بھرتی کو یقینی بنانے کے لئے سفارشات مرتب کرے ایک ایسا نظام جہاں بہترین دماغوں کو ملک کی خدمت کا موقع ملے، وہ یقیناً پاکستان کی ترقی میں ایک اہم کردار ادا کرے گا یہ اقدام نہ صرف سول سروسز کی کارکردگی کو بہتر بنائے گا بلکہ نوجوانوں میں ایک نیا اعتماد بھی پیدا کرے گا۔ جب نوجوانوں کو یہ یقین ہو گا کہ ان کی محنت اور قابلیت کو سراہا جائے گا، تو وہ زیادہ جوش اور لگن سے کام کریں گے اسی طرح وزیراعظم نے ترقیاتی اہداف پر مبنی نظام قائم کرنے کی ہدایت کی ہے یہ نہ صرف جوابدہی اور شفافیت کو فروغ دے گا اور افسران کو زیادہ محنت اور لگن سے کام کرنے کی تحریک دے گا۔ عصری دنیا میں ٹیکنالوجی کے بغیر کوئی بھی ادارہ ترقی نہیں کر سکتا جبھی تو وزیراعظم نے سول سروسز میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور افسران کی استعداد کار کو بڑھانے کے لئے لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کی ہے۔ یہ ایک نہایت ہی قابل ستائش قدم ہے جو سول سروسز کو ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرے گا ٹیکنالوجی کا استعمال نہ صرف کام کی رفتار کو بڑھائے گا بلکہ شفافیت بھی پیدا کرے گا اور یوں انتظامی امور کی انجام دہی سہل اور تیز ہوگی عوام کا اعتماد بھی بڑھے گا اور ترقی کا سفر بھی تیز تر ہوگا۔ افسران کو جدید ٹیکنالوجی اور مینجمنٹ کے طریقہ کار کی تربیت دینا بھی ان کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائے گا وزیراعظم شہباز شریف کا سب سے اہم وژن ایک ایسی سول سروسز کا قیام ہے جو عام آدمی کی زندگی کو آسان بنائے۔ انہوں نے کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ ایسی سفارشات مرتب کی جائیں جو عام شہری کے مسائل کو حل کرنے میں معاون ہوں۔ یہ ایک ایسا اقدام ہے جو سول سروسز کی عوام سے دوری کو ختم کر کے اسے ایک فعال اور عوام دوست ادارہ بنائے گا ایک عوام دوست سول سروسز کا مطلب ہے کہ افسران کو عوام کی خدمت کے لئے تیار کیا جائے، ان کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، اور ان کے ساتھ احترام اور ہمدردی سے پیش آیا جائے۔ یہ وژن سول سروسز کو صرف حکمرانی کے آلے سے بڑھ کر عوامی فلاح و بہبود کا ذریعہ بنائے گا اصلاحات کا یہ اقدام پاکستان میں پائیدار گورننس کی بنیاد رکھنے کا ایک اہم موقع ہے ہمیں امید ہے کہ وزیر احسن اقبال کی سربراہی میں قائم کردہ کمیٹی ایک ماہ کے اندر ایسی جامع اور قابل عمل سفارشات پیش کرے گی جو وزیراعظم کے وژن کو عملی جامہ پہنائیں گی۔ یہ اصلاحات نہ صرف سول سروسز کی کارکردگی کو بہتر بنائیں گی بلکہ ملک میں گورننس کے معیار کو بھی بلند کریں گی اور یوں طرز حکمرانی میں بہتری سے لے کر عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی اہداف کے حصول تک انتہائی مثبت دور رس اور ثمر بار نتائج ملیں گے۔

سیاسی پناہ یا ایجنڈا؟ انسانی حقوق پر مغرب کا دہرا معیار

منظر نامہ

بیرسٹر عثمان علی



مغربی دنیا طویل عرصے سے خود کو انسانی حقوق، آزادی اظہار، اور مظلوموں کے لیے پناہ گاہ کے طور پر پیش کرتی آئی ہے۔ امریکہ، برطانیہ، اور کینیڈا جیسے ممالک ان افراد کو سیاسی پناہ دیتے ہیں جو اپنے ممالک میں مبینہ مظالم یا خطرات کا سامنا کر رہے ہوں۔ ان کا موقف ہے کہ وہ جنیوا کنونشن 1951 اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے چارٹر کے تحت ایک انسانی ہمدردی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ مگر جب یہی پناہ یافتہ افراد مغرب کی سرزمین کو اپنے وطن کے خلاف منفی پروپیگنڈے، سیاسی انتشار، اور گمراہ کن معلومات پھیلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں، تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے: کیا یہ واقعی انسانی ہمدردی ہے، یا کسی بڑے سیاسی منصوبے کا حصہ؟ پاکستان اس تضاد کی ایک نمایاں مثال ہے۔ ایسے افراد، جن پر وطن میں سنگین فوجداری مقدمات — مثلاً ریاست مخالف سرگرمیاں، اشتعال انگیزی، اور مالی بدعنوانی — درج ہیں، وہ مغربی ممالک میں پناہ لے کر خود کو ''جمہوری کارکن'' اور ''آزادی اظہار کے علم بردار'' بنا کر پیش کرتے ہیں۔ وہ سوشل میڈیا اور دیگر پلیٹ فارمز پر ریاستی اداروں، فوج، عدلیہ، اور حتیٰ کہ قومی سلامتی کے خلاف باقاعدہ مہمات چلاتے ہیں۔ ان کے بیانات اکثر سیاق و سباق سے ہٹے ہوئے، مبالغہ آمیز، اور عوامی جذبات کو مشتعل کرنے والے ہوتے ہیں۔

یہی رویہ اگر خود مغرب میں اپنایا جائے تو سخت قانونی ردعمل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر، امریکہ میں ''Espionage Act'' اور ''Patriot Act'' کے تحت قومی سلامتی یا خفیہ معلومات افشا کرنے والے افراد کے لیے سخت سزائیں مقرر ہیں۔ ایڈورڈ سنوڈن، جس نے امریکی نگرانی کے پروگرامز کو بے نقاب کیا، آج بھی روس میں جلاوطن ہے۔ جولین اسانج، جس نے وکی لیکس کے ذریعے حساس معلومات افشا کیں، برسوں سے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہا ہے۔ برطانیہ میں بھی آزادی اظہار کی حدود واضح ہیں، خاص طور پر جب بات قومی سلامتی، نسلی منافرت یا نفرت انگیزی کی ہو۔ یہ دلیل دی جا سکتی ہے کہ مغرب میں انفرادی پناہ کے فیصلے خودمختار عدالتیں کرتی ہیں، اور ہر کیس کا جائزہ اس کی نوعیت کے مطابق لیا جاتا ہے۔ لیکن پھر سوال یہ ہے: جب قوانین اتنے سخت ہیں، تو کیا مغرب خود اپنے معیارات کو ترقی پذیر ممالک پر یکساں لاگو کرتا ہے؟ یہ تضاد اور واضح ہو جاتا ہے جب ہم مغرب کے رویے کو عالمی انسانی سانحات کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔ غزہ میں جاری اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں 58,000 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں — جن میں بڑی تعداد بچوں، خواتین، صحافیوں اور طبی عملے کی ہے۔ (ماخذ: الجزیرہ، اقوام متحدہ انسانی حقوق کونسل رپورٹس)۔ ہیومن رائٹس واچ، ایمنسٹی انٹرنیشنل، اور اقوام متحدہ کی رپورٹس اس پر جنگی جرائم کی تحقیقات کا مطالبہ کر چکی ہیں۔ لیکن امریکہ، برطانیہ، اور دیگر مغربی ممالک یا تو خاموش ہیں، یا حملہ آور فریق کی حمایت میں سرگرم دکھائی دیتے ہیں۔ نہ کوئی اقتصادی پابندیاں، نہ شدید سفارتی دباؤ، اور نہ ہی کسی بین الاقوامی فورم پر مؤثر پیش رفت۔ اس کے برعکس، اگر کسی ترقی پذیر ملک میں میڈیا پر جزوی پابندی عائد ہو، یا کوئی سیاسی کارکن قانونی گرفتاری کا سامنا کرے، تو مغرب فوراً ''آزادی اظہار'' اور ''جمہوری اقدار'' کے نام پر شور مچا دیتا ہے۔ یہ دہرا معیار محض اخلاقی تضاد نہیں، بلکہ ایک منظم سیاسی پالیسی لگتا ہے — جس کا مقصد مخصوص ریاستوں کو کمزور کرنا اور عالمی بیانیے پر اپنی گرفت مضبوط رکھنا ہے۔

وہ افراد، جو مغرب میں بیٹھ کر اپنے وطن کے خلاف منظم نفرت انگیز مہمات چلاتے ہیں، نہ صرف ذاتی مفادات کو قومی مفاد پر ترجیح دیتے ہیں، بلکہ ان کی سرگرمیاں ان مقامی شہریوں کو بھی نقصان پہنچاتی ہیں جو اندرون ملک پرامن اور آئینی جدوجہد کے ذریعے اصلاحات کے خواہاں ہیں۔ اس سے قومی یکجہتی متاثر ہوتی ہے، بیرون ملک پاکستانی برادری تقسیم کا شکار ہوتی ہے، اور پاکستان کی بین الاقوامی ساکھ مجروح ہوتی ہے۔ اب وقت ہے کہ مغربی ممالک اپنے اصولوں کو جغرافیائی اور سیاسی بنیادوں پر تقسیم کرنے کے بجائے انہیں یکساں طور پر لاگو کریں۔ اگر آزادی اظہار واقعی ایک آفاقی حق ہے، تو اس کے ساتھ برابر کی اخلاقی اور قانونی ذمہ داریاں بھی ہونی چاہئیں۔ اگر انسانی حقوق واقعی غیر جانب دار اصول ہیں، تو مغرب کو فلسطین جیسے المناک سانحات پر بھی وہی شدت سے آواز بلند کرنی چاہیے، جو وہ دیگر مخصوص معاملات پر اٹھاتے ہیں۔ جب تک یہ دہرا معیار قائم رہے گا، مغرب کی پناہ کی پالیسیاں ایک ''اخلاقی اصول'' نہیں بلکہ ایک ''سیاسی آلہ'' سمجھی جائیں گی — جو کچھ افراد کو تحفظ دیتی ہیں، اور بے شمار مظلوموں کو نظرانداز کر دیتی ہیں۔ اصل سوال یہ نہیں کہ مغرب انسانی حقوق پر یقین رکھتا ہے یا نہیں؛ بلکہ یہ ہے کہ کیا وہ ان کو انصاف کے ساتھ لاگو کرتا ہے — یا صرف اپنے مفادات کی روشنی میں؟

بلاسفمی اور جھوٹے الزامات

حروف

نوید چوہدری

اگر کوئی کہے کہ بلاسفمی کی آڑ میں جھوٹے مقدمات درج نہیں ہوتے تو یہ کھلا جھوٹ ہے لیکن اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ بلاسفمی کے واقعات سرے سے ہو ہی نہیں رہے تو یہ اس سے بھی بڑی غلط بیانی ہے، اسلام آباد ہائی کورٹ کے ایک جج کی جانب سے بلاسفمی کے مقدمات کے حوالے سے حکومتی کمیشن بنانے کا جو حکم سامنے آیا ہے اس پر علما کا ردعمل پریشان کن حد تک شدید ہے، جج صاحب کو سخت الفاظ میں بُرا کہنے کے ساتھ سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، عدالتی فیصلے سے ناراض عناصر کا کہنا ہے کہ بیرونی دباؤ پر توہین مذہب کا قانون ختم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، کمیشن کے قیام کا حکم اسی منصوبے کی ایک کڑی ہے، ان کا یہ موقف بھی ہے کہ پاکستان میں کونسا جرم ہے جس کا جھوٹا مقدمہ درج نہیں ہوتا، بلاسفمی کے مقدمات میں کمیشن بنانے کی ضرورت کیوں پڑ گئی؟ قانون کے مطابق تحقیقات کے بعد ٹھوس شواہد والے مقدمات پر کارروائی کی جانی چاہیے اور جو کیسز جھوٹے ثابت ہوں انہیں خارج کر دیا جانا چاہیے، اگر زمینی حقائق کو دیکھا جائے تو یہ امر تقریباً ناممکن ہے کہ توہین مذہب کے قوانین کو ختم کیا جا سکے یا ان میں کوئی بنیادی تبدیلی لائی جا سکے۔ اس حوالے اگر معمولی شک یا غلط فہمی پیدا ہو جائے تو حکومت کیا ریاست کو بھی لینے کے دینے پڑ جاتے ہیں، سب سے خطرناک بات یہ ہے کہ توہین مذہب کا جرم دیگر جرائم کی طرح نہیں، کسی پر جھوٹا الزام بھی لگ جائے تو اس کو جان کے لالے پڑ جاتے ہیں، خواہ وہ مضبوط ایمان والا، پابند شریعت باعمل مسلمان ہی کیوں نہ ہو، ہونا تو یہ چاہیے کہ عدلیہ اور حکومت جرأت دکھائیں اور بوگس مقدمات بنوانے والوں کو قرار واقعی سزائیں دیں، ہجوم اور بلوے جیسی اصطلاحوں کی آڑ سے کسی کی جان جانے کے معاملے پر مٹی ڈال دینا معاشرے کو جنگل کے قانون کی طرف دھکیل رہا ہے۔ جائیداد کے تنازعوں، ذاتی رنجش کی بنا پر توہین مذہب کے مقدمات بنوانا فیشن بن چکا، مسلکی اختلافات کو ابھارنے والے عناصر بھی ایک بہت بڑی بنیاد ہیں، پاکستان کے اندر مسلکی تقسیم صرف اندرونی معاملہ نہیں، باریک بینی سے غور کرنا چاہیے کہ مختلف ممالک کے سفیر خصوصاً امریکہ اور یورپ والے کس طرح کی سرگرمیوں میں ملوث ہیں، ان میں سے کئی کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں تو پھر وہ متحرک ہو کر کچھ معاملات میں غیر معمولی دلچسپی کیوں لیتے ہیں؟ توہین مذہب کے واقعات میں اضافہ ہونا خطرے کی گھنٹی ہے، قوانین موجود ہیں، ضابطہ اخلاق موجود ہے لیکن ان کو روندا جا رہا ہے، ریاست اس حساس معاملے میں اپنا کردار ادا نہیں کر رہی، کون کہہ سکتا ہے کہ آنے والے دنوں میں حالات کیا رخ اختیار کریں، افسوس کا مقام ہے کہ معاشرے میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کے حوالے سے مذہبی سیاسی جماعتیں موثر کردار ادا نہیں کر رہیں بلکہ کوئی کردار ہی ادا نہیں کر رہیں، ان کا سارا جوش کسی جج کے متعلق بیان بازی یا کسی انفرادی شخصیت کی مذمتیں کرنے میں نکل جاتا ہے، کہاوت ہے برائی کو جڑ سے ختم کرو، اسی طرح توہین مذہب کی مذموم کوششوں کو شروع میں ہی سختی سے دبا دینا چاہیے، اس سے بھی زیادہ ضروری ہے کہ غلط الزام لگانے والوں کے بارے میں مزید سخت قانون سازی کی جائے، قوانین اور ضابطہ اخلاق تو پہلے بھی موجود ہیں لیکن اگر عمل درآمد ہی نہیں کرانا تو اسکے مہلک نتائج کا سامنا کرنا کیلئے تیار رہنا ناگزیر ہے، جس کی ایک جھلک قوم کو اس وقت نظر آ جائے گی جب اگلے چند روز میں کمیشن بنانے کے عدالتی فیصلے کا حشر نشر ہو گا۔ ہمارے معاشرے کا ایک بہت بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ عام پاکستانیوں نے کسی خدشے کے تحت یا سب کو خوش رکھنے کے لیے مذہبی معاملات کے بارے میں لاتعلقی کا رویہ اختیار کر رکھا ہے۔ غلط بات پر کان بند کر لیتے ہیں، توہین مذہب کے جھوٹے الزامات لگانے والوں سے خوفزدہ ہو جاتے ہیں یہ ایسا ہی ہے جیسے کبوتر بلی کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لے، اس طرح تو انتشار بھی قابو میں نہیں آئے گا، دنیا کے دوسرے ممالک کا جائزہ لیں وہاں رائج قوانین کے خلاف کوئی چوں بھی نہیں کر سکتا، مذہب کے معاملے میں حدود و قیود ہر جگہ ہیں، امریکہ کو ہی دیکھ لیں چند روز قبل غزہ میں ایک چرچ اسرائیلی حملے کی زد میں آیا تو ٹرمپ نے نیتن یاہو کو فون کر کے سرزنش کی، فلسطینی مسلمانوں کی پوری دھرتی کے نسل کشی کرنے والے بے رحم قاتل نیتن یاہو پر اتنی گھبراہٹ طاری ہوئی کہ پوپ کو فون کر کے معافیاں مانگتا رہا، اسرائیل میں امریکہ کے سفیر نے باقاعدہ خط لکھ کر خبردار کیا۔ امریکہ کا یہ ردعمل ایک پیغام ہے کہ مذہب کے معاملے پر معذرت خواہانہ رویہ اختیار کرنا کمزوری اور بزدلی کی علامت ہے، انتہا پسندانہ رویہ کی بھی کوئی گنجائش نہیں، بلاسفمی کے مسئلے کا سب سے موثر حل متعلقہ قوانین اور قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کرانا ہے، شفاف تحقیقات لازم ہیں، جس روز ریاست معاشرے کو اسی یقین دہانی کرانے میں کامیاب ہو گئی اسی دن توہین کا ارتکاب کرنے اور جھوٹے الزامات لگانے والوں، دونوں کا حقیقی احتساب شروع ہو جائے گا۔

سب اسی "مک مکا سیاست" کے اسیر ہوئے

برملا

نصرت جاوید



میرے دل خوش فہم کو گماں ہے کہ پیر کے روز خیبرپختونخوا میں سینٹ کی خالی ہوئی نشستوں کے لئے ہوئے انتخاب کے بعد اس کالم کے باقاعدہ قارئین کو سمجھ آ گئی ہوگی کہ گزشتہ چند دنوں سے میں نے ''سیاست'' پر لکھنا کیوں چھوڑ رکھا ہے۔ بدھ کی صبح کالم میں عرض کیا تھا۔ آج دہرائے دیتا ہوں کہ ''صحافی'' سیاست کے بارے میں اسی وقت لکھ سکتا ہے جب وہ ہوتی نظر آ رہی ہو۔ ہم جس ''سیاست'' کے برسوں سے عادی رہے ہیں وہ ہمارے ہاں برطانوی سامراج کے دور میں متعارف ہوئی تھی۔ اس کے ذریعے سامراج ہمیں یہ جھانسہ دینا چاہتا تھا کہ ''مقبوضہ'' ہونے کے باوجود برٹش انڈیا میں فیصلہ سازی کے عمل میں ''عوامی نمائندے'' بھی شریک ہوتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ''عوامی نمائندوں'' کے چناؤ کے لئے شہریوں کی محدود تعداد کو ووٹ کا حق میسر تھا۔ ووٹ کے حقدار عموماً زمین کی ملکیت کے لئے ''دائمی بندوبست اراضی'' کے تحت تشکیل دئے جاگیرداروں اور ''شرفا'' کو اپنا ''نمائندہ'' مقرر کرتے۔ اس دور کے بانی برز جمہوری نظام کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مگر مولانا محمد علی جوہر جیسے لوگوں نے ''احتجاجی سیاست'' شروع کر دی۔ مہاتما گاندھی بھی عموماً انتخابی عمل سے دور رہتے ہوئے کانگریس کو ایسی سیاست میں ملوث کرتے۔ پنجاب میں مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کی قیادت میں ایسی ہی سیاست متعارف ہوئی۔ ان سب سے جدا علامہ مشرقی کی بنائی خاکسار تحریک بھی تھی۔ پشاور سے کلکتہ تک وہ ''چپ راست'' کی آوازوں کے ساتھ ہوئے مارچ کے ساتھ ہٹلر کی نازی تحریک کی یاد دلاتی۔ اس کی انتہاپسندی مگر برطانوی راج کے سخت گیر نظام کو زیادہ عرصہ تک نہیں بھائی۔ قیام پاکستان کے لئے 1940ء کی قرارداد پیش کرنے کے دوران لاہور میں خاکسار پارٹی کی جانب سے ہوئی ہنگامہ آرائی نے پنجاب کے عام مسلمانوں کو اس سے ناراض بھی کر دیا۔

قیام پاکستان کے کئی دہائیوں بعد عوام کو بالغ رائے دہی کی بنیاد پر ووٹ دینے کا حق بالآخر 1970ء میں نصیب ہوا۔ اس میں حصہ لینے کے لئے پیپلز پارٹی اور عوامی لیگ جیسی سیاسی جماعتیں عوام کے دلوں میں برسوں سے جمع ہوئی خواہشوں کے اظہار کے لئے نمودار ہوگئیں۔ پاکستان کے مشرقی حصے میں ان دنوں عوامی جذبات ''خودمختاری'' کی جانب راغب تھے۔ مغربی پاکستان معیشت پر 22 خاندانوں کی اجارہ داری توڑنے کو مچل رہا تھا۔ ایک ہی ملک کے دو حصوں میں وسیع پیمانے پر پھیلی مگر مختلف النوع خواہشات نے بالآخر 1970ء کے انتخابات کے بعد پاکستان کو دولخت کر دیا۔ 1970ء کے انتخابی نتائج کی بدولت پاکستان کا دولخت ہو جانا ہماری ریاست کے دائمی اداروں کے لئے حیران کن تھا۔ اجتماعی یا اداراتی (Institutional) فیصلہ ان کی جانب سے یہ ہوا کہ اب کسی بھی انتخاب کو چونکا دینے والے نتائج فراہم کرنے کا موقعہ نہیں دیا جائے گا۔ 1985ء کے برس سے میری دانست میں ایسے ہی ''انتخاب'' منعقد ہو رہے ہیں۔ ریاستی اداروں کی کڑی نگرانی میں ہوئے انتخابات نے بھی لیکن وطن عزیز کو سیاسی استحکام فراہم نہیں کیا ہے۔ 1988ء کے برس سے البتہ دکھاوے کی ہلچل برپا رہی۔ اس برس جنرل ضیاء کی ایک حادثے میں ہلاکت کے بعد اکثر لوگوں کو یہ گماں تھا کہ جو انتخاب کروانا ضروری ہو گئے ہیں انہیں پیپلز پارٹی تقریباً سویپ (Sweep) کر جائے گی۔ وہ بھاری اکثریت کے ساتھ اقتدار میں آ گئی تو ذوالفقار علی بھٹو کے عدالتی قتل کا بدلہ لینے میں مصروف ہو جائے گی۔ اسے بھاری اکثریت سے محروم رکھنے کے لئے راتوں رات جنرل حمید گل کے رچائے معجزے سے ولی خان کی ''سیکولر'' اے این پی اور مولانا مودودی کی وارث جماعت اسلامی ''اسلامی جمہوری اتحاد'' (IJI) میں یکجا ہوگئیں۔ آبادی کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ پنجاب پیپلز پارٹی کو حکومت کرنے کے لئے آج تک نصیب نہیں ہوا۔ وہ سندھ کے علاوہ کبھی کبھار بلوچستان کی ''مخلوط حکومت'' کیلئے وزیر اعلیٰ ضرور نامزد کر لیتی ہے۔ 2011ء کے برس ہم سب کو یہ امید دلائی گئی کہ کرکٹ کی وجہ سے کرشمہ ساز ہوئے عمران خان اقتدار میں باریاں لینے والی ''بدعنوان اور نااہل'' سیاسی جماعتوں سے پاکستان کو نجات دلا کر ''تبدیلی'' لائیں گے۔ 2018ء میں بالآخر آر ٹی ایس بیٹھ جانے کی وجہ سے وہ اقتدار میں آ گئے۔ حکومت میں لیکن پانچ برس کی آئینی مدت مکمل نہ کر پائے۔ بنیادی وجہ اس کی یہ تھی کہ موصوف قمر جاوید باجوہ کی ''مشاورت'' سے آزاد ہونا چاہتے تھے۔ موصوف کو حکومت سے نکالنے کیلئے نہایت منظم انداز میں چلائی مہم کے ذریعے اخبار نویسوں کی اکثریت اور اپوزیشن جماعتوں کے علاوہ عمران حکومت کی اتحادی جماعتوں کو بھی اس امر پر قائل کر دیا گیا کہ 29 اپریل 2022ء تک وزیر اعظم عمران خان قمر جاوید باجوہ کو آرمی چیف کے منصب سے ہٹا کر جنرل فیض حمید کو ان کی جگہ نامزد کر دیں گے۔ اس طرح عمران خان آئندہ دس برس تک ہمارے بادشاہی اختیارات والے وزیر اعظم بن جائیں گے۔ ذاتی طور پر میں نے ایک لمحہ کو بھی اس سازشی تھیوری پر اعتبار نہیں کیا۔ تحریک انصاف کے حامیوں کی جانب سے ''لفافہ'' ہونے کی تہمت مسلسل دہرائے جانے کے باوجود مذکورہ بالا سوچ کی بلکہ نفی میں مصروف رہا۔ سیاستدانوں کو مگر اقتدار میں آنے کی جلدی ہوتی ہے۔ وہ بہک گئے اور اپریل 2022ء میں عمران خان کو تحریک عدم اعتماد کے ذریعے وزارت عظمیٰ سے فارغ کر دیا گیا۔ بانی تحریک انصاف نے اپنی برطرفی کے بعد عوام میں ''انقلابی روح'' بیدار کرنے کی ہر ممکن کوشش کی۔ بالآخر گرفتار ہوئے اور اب دو سال سے پابند سلاسل ہیں۔ جیل میں بیٹھے بھی وہ مقبول تر رہے کیونکہ نظر بظاہر وہ اپنی رہائی کے لئے اختیار والوں کے ساتھ کوئی سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ پیر کے روز مگر خیبرپختونخوا اسمبلی کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے اپوزیشن کی ان ہی جماعتوں کے ساتھ جنہیں ان کے قائد تواتر سے ''چور لٹیرے'' پکارتے رہے ہیں ایک مصالحتی فارمولے کی بدولت 6/5 کے تناسب سے 11 اراکین سینٹ کے لئے منتخب کروا لئے ہیں۔ تحریک انصاف کے نام نہاد ''نظریاتی رکن'' بھی بڑھکیں لگاتے ہی رہ گئے۔ پیر کے روز ہوئے سینٹ کے انتخاب نے ثابت کیا ہے تو فقط اتنا کہ ''ہم ہوئے، تم ہوئے کہ میر ہوئے - سب اسی (مک مکا سیاست) کے اسیر ہوئے''۔ تحریک انصاف سمیت ہماری ہر بڑی سیاسی جماعت نے سینٹ کے ٹکٹ دیتے ہوئے ATM دکھتے سیٹھوں کو ترجیح دی ہے۔ ''نظریات'' کوڑے دان میں پھینک دئے گئے ہیں۔ اپنی سیاست کے کئی برس ''دینی'' جمعیت العلمائے اسلام کی نذر کرنے والے طلحہ محمود اب پیپلز پارٹی جیسی ''دنیاوی'' جماعت کے نامزد کردہ سینیٹر ہیں۔ سینیٹر دلاور خان مسلم لیگ نون کے ٹکٹ پر سینٹ میں آئے تھے۔ اب مشرف بہ پی ٹی آئی ہو گئے ہیں۔

غیرت کے نام پر قتل، عورت ہی ذمہ دار کیوں؟ (حصہ آخر)

اظہار خیال

سدرہ ڈار

دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں

امتحان

صوفیہ بیدار



سینیٹ انتخابات کا دھندا

شہر یاراں

نجم ولی خان



غزہ: بھوک سے مرتے لوگ اور محو خواب عالمی ضمیر

تاثرات

سید مجاہد علی

نواں کلی کی سڑکیں، روڈ یا گڑھے؟ بہت بڑا المیہ!!

تحریر: انجیلا کائنات

[illegible]

لورالائی میں غیر فعال 105 اسکولز کو فعال کر دیا گیا ہے، میر عبدالرشید

[illegible]

وڈھ، کیمپ میں متاثرہ مریضوں کا ڈاکٹرز معائنہ کر رہے ہیں

ڈی سی کی کھلی کچہری کا انعقاد، انجمن تاجران، مختلف مکاتب فکر کے افراد کی شرکت

شہریوں نے امن و امان، سڑکوں کی خستہ حالی، صاف پانی کی فراہمی، تعلیم، صحت اور دیگر مسائل پیش کیے

ڈپٹی کمشنر نے بعض مسائل پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے، دیگر معاملات جلد حل کرنے کی یقین دہانی

[illegible]

[illegible]

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5430212760405 اور ڈرائیونگ لائسنس نمبر 00137660 ... پر مطلع کریں 03378254499

تلاش گمشدہ
... پر مطلع کریں 03003879093

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 54203292855623 ... پر مطلع کریں 03058818138

اطلاع عام
میرا رکشہ نمبر RA-5815 ماڈل 2014 ... 13-1-2025 ... 03162532955 ... R.No......61784

درستگی تاریخ پیدائش
... 06-04-1996 ... 06-04-1994 ...

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 542030714138 ... پر مطلع کریں 03002847327

تلاش گمشدہ
میری موٹر سائیکل CD70 رجسٹریشن نمبر QAW5506 انجن نمبر RNI37021 چیسس نمبر SR70258914 ... پر مطلع کریں 03013758948

وڈھ کا کاہیر میں گیسٹرو وبا، 133 افراد متاثر، محکمہ صحت کا فوری ردعمل

ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں روانہ، طبی خدمات فراہم کیں

[illegible]

زیارت، قوم پرست پارٹی کے نام پر بلیک میلنگ جرگے کرنا ناانصافی ہے، عقیل خان کاکڑ

[illegible]

سرکاری ملازمین اور پینشنرز کی سہولت کے لیے انقلابی اقدام کا اعلان

اے جی پی بی کا نیا آن لائن سسٹم متعارف کرانے کی تیاری مکمل کر لی گئی ہے

[illegible]

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی شہید سکندر یونیورسٹی کا افتتاح جلد کریں گے، امیر حمزہ زہری

مجھے اس بات کا اندازہ ہے کہ خضدار کے نوجوان تعلیم کے حصول کیلئے کوئٹہ و دیگر علاقوں کا رخ کرتے ہیں

ملک بھر سے طلباء یہاں آئیں گے، شہر میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا

[illegible]

قلعہ عبداللہ میں انجینئر زمرک کی صلح کی دعوت مکمل

ناقدین کی انتھک کوششوں کے بعد معمولی غلط فہمی خوشگوار ماحول میں ختم کر دی گئی

حالیہ انتخابات میں کشیدگی کے بعد سیاسی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا بحال

[illegible]

[illegible]

[illegible]

بعدالت فیملی جج (3) کوئٹہ

مثل نمبر 25/ درخواست گارڈین

حبیبہ زوجہ مختار حسین سکنہ پلاٹ نمبر H-67 محلہ وحدت کالونی بروری روڈ کوئٹہ

بنام 1 عوام الناس 2۔ مختار حسین ولد رمضان علی موجودہ پتہ پلاٹ نمبر H-67 محلہ وحدت کالونی بروری روڈ کوئٹہ (حال ساکن آسٹریلیا) اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 11/8/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 24/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61785

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department Pishin invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the work mentioned below based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below under BPPRA Rules. **Earnest Money 3% in Shape of Call Deposit. Tender Fee Rs. 1500/-**

S#	Name of Work	E/Cost
1	CONST: OF ROAD TARAN CHUNGI TO ZARGHOON MANDA PISHIN PSDP NO. 1510/ Z2025.0494 **TSE-252607790123**	47.520 M
2	CONST: OF TALRI TO MAMA NIKHA ROAD PISHIN PSDP No. 1234/Z2025.0521 **TSE-252607790083**	44.55 M
3	SMALL BRIDGE BOX CULVERTS AT KILLI HURAMZAI MAIN ROAD NEARAJWA CENTER ANDMOHLLA DIN MUHMMAD AGHAAND MOHLLA TWAHIRAGHA TEHSIL HURAMZAI DISTRIC PISHIN PSDP No. 1581/Z2025.2063 **TSE-252607791083**	24.75 M
4	CONST: OF BT ROAD AT KILI ESSA KAREZ THESIL PISHIN PSDP NO.1267/ PSDP Z2025.0250 **TSE-252607790153**	19.80 M
5	CONST: OF BT MAIN ROAD IN KILLI SHADEZAI TEHSIL SARANAAN DISTRICT PISHIN (LENGTH 1.04 KM) PSDP NO. 1340/Z2025.0444 **TSE-252607790073**	19.80 M
6	CONST: OF BLACK TOP ROAD AT KILLI NALLI TEHSIL PISHIN DISTRICT PISHIN PSDP 1310/ Z2025.0250 **TSE-252607790463**	19.80 M
7	CONSTRUCTION OF 2KM ROAD AT KILLI SHAHEED MUHAMMAD RAMZAN HAJI ABDUL BARI KAKAR DISTRICT PISHIN PSDP 504/Z2023.0292 **TSE-252607790503**	19.80 M
8	CONST: OF BT ROAD AT KILI MAULA SHADO THESIL PISHIN PSDP NO.1270/ PSDP Z2025.0255 **TSE-252607791093**	14.85 M
9	CONST: OF BT ROAD AT KILI TARATA THESIL PISHIN PSDP No. 1259/Z2025.0256 **TSE-252607791123**	9.90 M

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e 2024-25 with Pakistan Engineering Council in relevant Category & relevant discipline and fresh registration with tax authority's i.e (NTN, sales tax Department and BRA) where applicable. The bidder must have completed at least 03 similar nature assignment & all other eligibility factors are mention in the biding documents. As per BPPRA rule #25 (3) only one Bid can be submitted against one NTN. **METHOD OF PROCUREMENT:** (Single Stage –Two Envelop) bidding Procedure will be adopted Call Deposit and Challan should be attached with Technical proposal. Which will be verified accordingly. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention below on production of green Challan form for an amount of Rs. mentioned above (Non-refundable) for each work deposited in the head of account C-02716 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission. The contractors/Forms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to provide deposited green Challan from of above mentioned Fee. The bids must be accompanied with bid security "in Technical Bid" for each work in the form of call deposit of amount specified above in the office name of the undersigned from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable. DEADLINE OF SUBMISSION:** Technical and financial proposals from intending contractors/ firms by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **11th Aug, 2025 at 11:30 AM OPENING:** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **11th August 2025 at 12:30 PM** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter. Second envelope containing financial bids of technically qualified bidders will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the technical bids. **BIDS VALIDITY:** Ninety (90) days **PLACE:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be the Office of the Executive Engineer (Roads), CWPP&H Department District Pishin. Telephone No. 0826920562.
E-mail Address: EEIProvincialBandRDisttPishin@yahoo.com
The Technical Qualification Criteria is incorporated in the detailed bidding documents uploaded on BPPRA website. The firms providing unsubstantiated and / or incorrect information are liable to disqualification and / or legal action at any stage. The undersigned reserves the right to reject all bids as per the BPPRA rules. Any person appearing / submitting bids other than the owner of the firm will need an Authority letter on stamp paper of Rs. 100 duly attested by a first class magistrate.

PRQ No.253/24-07-2025

Executive Engineer (Roads)
CWPP&H Department District Pishin

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR EXPRESSIONS OF INTEREST

CONSULTING SERVICES – FIRMS SELECTION

The Islamic Republic of Pakistan has received financing from the World Bank toward the cost of the Integrated Flood Resilience and Adaptation Project (IFRAP), and intends to apply part of the proceeds toward payments under the contracts for Hiring of an Independent Technical Verification Consultant (ITPV) for Housing Reconstruction and Restoration in Balochistan
The Outlines of Terms of Reference (TOR) for the assignment can be found at the following website: (https://hru.org.pk/).
The Housing Reconstruction Unit (HRU-IFRAP) now invites eligible consulting firms ("Consultants") to indicate their interest in providing the Services. Interested Consultants should provide information demonstrating that they have the required qualifications and relevant experience to perform the Services. Key Experts will not be evaluated at the expression of interest stage. The prospective consultant(s) shall have the following experience:
i. Corporate capacity for offering similar services (Core business) for Ten (10) years.
ii. At least Three (3) similar assignments completed in the last five years in similar nature and scope.
iii. The firm should provide details including documentary evidences regarding contract awards, reference letters, completion certificates from the clients along with postal address and client contact numbers, stating the scope of services and deliverables of projects completed in the last five (5) years,
iv. In the case of a Joint Venture (JV), the details of such projects will be provided separately for the primary or associated consultant,
v. Details of the logistic capacity of the firm including general availability of technically qualified staff.
The attention of interested Consultants is drawn to Section III, paragraphs, 3.14(Conflict of Interest), 3.16, and 3.17 [Consulting Services] of the World Bank's "Procurement Regulations for IPF Borrowers" dated November 2020 ("Procurement Regulations"), setting forth the World Bank's policy on conflict of interest.
Consultants may associate with other firms to enhance their qualifications, but should indicate clearly whether the association is in the form of a joint venture and/or a sub- consultancy. The Consultant shall clearly describe the anticipated role of each JV partner as well as Sub Consultant within the association. In the case of joint venture, all the partners in the joint venture shall be jointly and severally liable for the entire contract whereas each partner within the JV shall meet the qualification and experience requirement for the assigned role, if selected.
A Consultant will be selected in accordance with the Qualification and Cost Based Selection (QCBS) method set out in the WB Procurement Regulations for IPF Borrowers (Procurement in Investment Project Financing, Goods, Works, Non-Consulting and Consulting Services - Fourth Edition, November 2020).
Further information can be obtained at the address below during office hours 0900 to 1700 hours.
Expressions of interest must be delivered in a written form to the address below (in person, by courier) by August 20,2025.

AB No.98/24-7-2025

Project Director Housing Reconstruction Unit (HRU)-IFRAP H. No 57-A Chaman Housing Society Airport Road Quetta
Ph. No-0812081372

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

[illegible]

نمبر شمار	نام اسامی، اسکیل	تعداد اسامی/یونین کونسل	تعلیمی قابلیت
1	اسٹیبلشمنٹ اسسٹنٹ (گریڈ-14)	01 ضلعی ناظم صحت آفس پنجگور	بی اے/بی ایس سی اور ایک سالہ کمپیوٹر ڈپلومہ کسی خودمختار ادارے سے حاصل کیا ہو
2	جونیئر کلرک (گریڈ-11)	04 ضلعی ناظم صحت آفس، ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک اور ایک سالہ کمپیوٹر ڈپلومہ کسی خودمختار ادارے سے حاصل کیا ہو ٹائپنگ اسپیڈ ایک منٹ میں 30 الفاظ ہونا ضروری ہے
3	ای سی جی ٹیکنیشن (گریڈ-09)	02 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور ای۔سی۔جی ٹیکنیشن کی ایک سالہ ٹریننگ محکمہ صحت کے خودمختار ادارے سے حاصل کیا ہو
4	ڈائیلاسز ٹیکنیشن (گریڈ-09)	02 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور ہیموڈائیلاسز ٹیکنیشن کی ایک سالہ ٹریننگ محکمہ صحت کے خودمختار ادارے سے حاصل کیا ہو
5	اینستھیزیا ٹیکنیشن (گریڈ-09)	06 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور، 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	میٹرک سائنس اور اینستھیزیا ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارے سے پاس کیا ہو
6	لیڈی ہیلتھ وزیٹر (گریڈ-09)	01 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	میٹرک اور لیڈی ہیلتھ وزیٹر کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارے سے پاس کیا ہو
7	[illegible] (گریڈ-09)	02 وشبود تمپ	میٹرک سائنس اور میڈیکل ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارے سے پاس کیا ہو
8	ڈینٹل ٹیکنیشن (گریڈ-09)	02 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور ڈینٹل اسسٹنٹ / ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
9	ایکسرے اسسٹنٹ (گریڈ-09)	03 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	میٹرک سائنس اور ایکسرے اسسٹنٹ کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
10	میڈیکل ٹیکنیشن (گریڈ-09)	05 بونستان، وشبود تمپ، آر ایچ سی پروم 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	میٹرک سائنس اور میڈیکل ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
11	ہیلتھ انسپکٹر (گریڈ-09)	01 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور میڈیکل ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
12	او۔ٹی ٹیکنیشن (گریڈ-09)	09 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور، 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	میٹرک سائنس اور او۔ٹی ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو۔
13	ICU ٹیکنیشن (گریڈ-09)	02 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور ICU ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو۔
14	لیب ٹیکنیشن (گریڈ-09)	02 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور، بونستان	میٹرک سائنس اور لیب ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
15	آکسیجن پلانٹ آپریٹر (گریڈ-09)	01 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور آکسیجن پلانٹ آپریٹر کا ڈپلومہ کسی خودمختار ادارہ سے حاصل کیا ہو
16	الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن (گریڈ-09)	02 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن کا ڈپلومہ کسی خودمختار ادارہ سے حاصل کیا ہو
17	اکاؤنٹ سپروائزر (گریڈ-07)	01 نیشنل پروگرام	میٹرک اور ایک سالہ کمپیوٹر ڈپلومہ کسی خودمختار ادارہ سے حاصل کیا ہو تیز ٹائپنگ اسپیڈ ایک منٹ میں 30 الفاظ ہونا ضروری ہے
18	آئی ٹیکنیشن (گریڈ-06)	01 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور آئی ٹیکنیشن محکمہ صحت کے خودمختار ہسپتال سے حاصل کیا ہو
19	کمپاؤنڈر (گریڈ-06)	04 ملٹی کمن بگر، ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	میٹرک سائنس اور کمپاؤنڈر کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
20	ڈسپنسر (گریڈ-06)	02 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	میٹرک سائنس اور ڈسپنسر کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
21	لیبارٹری اسسٹنٹ (گریڈ-05)	04 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور، بونستان	میٹرک سائنس اور لیبارٹری اسسٹنٹ کا امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
22	ملیریا سپروائزر (گریڈ-05)	02 ملیریا پروگرام	میٹرک سائنس اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو
23	ویکسینیٹر (گریڈ-05)	10 پروم، بگر، چتکان، گوارگو	میٹرک سائنس اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو
24	لیڈی ہیلتھ ورکر (گریڈ-05)	05 نیشنل پروگرام	میٹرک سائنس
25	نرسنگ اردلی (گریڈ-04)	01 سول ڈسپنسری [illegible]	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو۔
26	ڈرائیور (گریڈ-04)	04 نیشنل پروگرام، 50 ہسپتال خدابادان	ڈرائیونگ لائسنس یافتہ ہو۔
27	دائی (گریڈ-02)	03 بگر، ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	ایک سالہ دائی ٹریننگ اور امتحان محکمہ صحت کے خودمختار ادارہ سے پاس کیا ہو
28	سینیٹری پٹرول (گریڈ-01)	04 وشبود، بونستان، تمپ، ٹیچنگ ہسپتال	جسمانی طور پر تندرست ہو
29	نائب قاصد (گریڈ-01)	04 وشبود تمپ، ٹیچنگ ہسپتال، 50 ہسپتال خدابادان	جسمانی طور پر تندرست ہو
30	وارڈ سرونٹ (گریڈ-01)	01 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	جسمانی طور پر تندرست ہو
31	دھوبی (گریڈ-01)	01 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	جسمانی طور پر تندرست ہو
32	چوکیدار (گریڈ-01)	05 بونستان، پروم، سیلکو وتمپ، ٹیچنگ ہسپتال پنجگور	جسمانی طور پر تندرست ہو
33	سویپر (گریڈ-01)	04 ٹیچنگ ہسپتال پنجگور، بونستان، 50 بیڈ ہسپتال خدابادان	جسمانی طور پر تندرست ہو اور صفائی کے کام میں تجربہ رکھتا ہو۔

شرائط۔ (1) عمری حد 18 سے 43 سال ہوگی (2) پہلے سے سرکاری ملازمین اپنی درخواستیں اپنے محکمہ کے توسط سے بمعہ این او سی جمع کرائیں (3) مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا (4) ہر امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ اپنے کاغذات لازمی طور پر تصدیق کرائے غیر تصدیق شدہ کاغذات منسلک کرنے کی صورت میں درخواست ناقابل قبول ہوگی اور درخواست کے ساتھ ایک عدد تازہ ترین تصویر بھی جمع کرانی ہوگی (5) انٹرویو/ٹیسٹ کے دن امیدوار اپنی اصل اسناد بمع کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی طور پر ہمراہ لائے (6) ضلع پنجگور سے مطلوبہ تعلیمی قابلیت / ڈپلومہ کے امیدوار دستیاب نہ ہوں تو دوسرے اضلاع کے امیدوار صرف لیڈی ہیلتھ وزیٹر کی اسامیوں کی درخواست جمع کرانے کے اہل ہونگے۔ تاہم ضلع پنجگور کے اہل امیدوار کو پہلے ترجیح دی جائیگی (7) ٹیکنیکل اسامیوں پر منتخب ہونے والے امیدواروں کو تعیناتی کے احکامات ان کی تعلیمی سرٹیفکیٹ / ڈپلومہ متعلقہ ادارے سے تصدیق کرنے کے بعد جاری کیے جائینگے (8) خالی اسامیوں کی تفصیل متعلقہ دفتر ضلعی ناظم صحت پنجگور سے حاصل کی جا سکتی ہے (9) حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور امیدواروں کیلئے 5% کوٹہ اقلیتی امیدواروں کیلئے 5% اور خواتین امیدواروں کیلئے 5% کوٹہ مختص ہے (10) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کسی قسم کا سفری خرچ نہیں دیا جائیگا۔ **نوٹ:** تحریری ٹیسٹ انٹرویو کی تاریخ کا اعلان بعد میں بذریعہ اخبار کیا جائیگا۔ مطلوبہ تعلیمی قابلیت / ٹیکنیکل ڈپلومہ نہ رکھنے والے امیدوار اور غیر رجسٹرڈ / غیر مصدقہ اداروں سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے بھی درخواست دینے کی زحمت نہ کریں ان کا نام لسٹ میں شامل نہیں کیا جائیگا اور نہ ہی تحریری ٹیسٹ میں بیٹھنے کی اجازت دی جائیگی۔ کسی بھی قسم کی سفارش کرنے والے امیدوار کو نااہل قرار دیا جائیگا کیونکہ تمام اسامیوں پر تقرری خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر عمل میں لائی جائیگی۔

ضلعی ناظم صحت پنجگور

PRQ No255/24-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

مانچسٹر، انگلینڈ اور انڈیا کے درمیان چوتھے ٹیسٹ میں انگلش بیٹر شاٹ لگا رہے ہیں

آئی سی سی ٹی 20 رینکنگ' ٹاپ 10 میں کوئی پاکستانی شامل نہیں

بابر اعظم اور محمد رضوان کی ایک ایک درجہ تنزلی ہوگئی، رینکنگ جاری

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے تازہ ترین ٹی 20 پلیئرز رینکنگ جاری کر دی ہے جس میں پاکستان کے بابر اعظم اور محمد رضوان کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ بدستور ٹی 20 بلے بازوں کی رینکنگ میں سرفہرست ہیں جبکہ بھارت کے یشوی جیسوال ایک درجہ بہتری کے بعد نویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے شائے ہوپ نے 4 درجے ترقی حاصل کی اور 10 ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ دوسری جانب پاکستان کے بابر اعظم ایک درجہ نیچے آ کر 13 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں جبکہ محمد رضوان بھی ایک درجہ تنزلی کے بعد 14 ویں پوزیشن پر آ گئے ہیں، بنگلہ دیش کے تنزید حسن نے 18 درجے بہتری کے بعد 37 ویں پوزیشن حاصل کی ہے۔

رشبھ پنت ریورس سوئپ کھیلتے ہوئے انجرڈ، میدان سے باہر چلے گئے

مانچسٹر (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف چوتھے ٹیسٹ میچ کے پہلے روز بھارت کے وکٹ کیپر بیٹر رشبھ پنت انجری کا شکار ہو کر میدان سے باہر چلے گئے۔ مانچسٹر ٹیسٹ کے پہلے روز کھیل کے اختتام پر بھارت نے 4 وکٹوں کے نقصان پر 264 رنز بنا لیے ہیں، رویندرا جڈیجا 19 اور شردل ٹھاکر 19 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں، رشبھ پنت 37 رنز پر ریٹائرڈ ہرٹ ہو گئے۔ تاہم بھارتی ٹیم کو اس وقت دھچکا لگا جب رشبھ پنت ریورس سوئپ کھیلتے ہوئے گیند پاؤں پر لگنے سے انجری کا شکار ہو کر گراؤنڈ سے باہر چلے گئے۔ رشبھ پنت اتنی تکلیف میں تھے کہ وہ چل نہیں سکے اور انہیں گاڑی میں بیٹھ کر میدان سے باہر جانا پڑا۔ وکٹ کیپر بیٹر کو پہلی اننگز کے 68 ویں اوور کے دوران پاؤں میں چوٹ لگی اور ان کی جگہ آل راؤنڈر رویندرا جڈیجا کو بیٹنگ کے لیے آنا پڑا۔ رشبھ پنت کرس ووکس کی گیند پر ریورس سوئپ کھیلنے کی کوشش کی لیکن گیند ان کے پاؤں کی طرف لگ گئی۔ میدان میں طبی امداد کے باوجود رشبھ پنت ٹھیک نہیں ہوئے اور فزیو کی مدد سے میدان سے لنگڑاتے رہے پھر ایک چھوٹی گاڑی میں بیٹھ کر انہیں باہر لے جانا پڑا۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کا کرکٹ کے فروغ و امپائرز ڈویلپمنٹ پروگرام کے لئے تعاون پر اتفاق

چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی بنگلہ دیشی وزیر کھیل آصف محمود سے ملاقات، ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کا عزم کا اعادہ

اجلاس خوشگوار ماحول میں ہوا، بہت جلد ایشیا کپ کے شیڈول کا مسئلہ حل ہو جائے گا بھارتی کرکٹ بورڈ سے رابطے میں ہیں، محسن نقوی کی بات چیت

ڈھاکہ (این این آئی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان کرکٹ کے فروغ و امپائرز ڈویلپمنٹ پروگرامز کیلئے تعاون پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بنگلہ دیش کے وزیر کھیل امور نوجوانان، لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی آصف محمود سے ملاقات کی، جس میں سپورٹس کے فروغ کے لئے پی سی بی اور بی سی بی میں باقاعدہ معاہدے کا فیصلہ کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان کھیلوں خصوصاً کرکٹ کے فروغ و امپائرز ڈویلپمنٹ پروگرامز کیلئے تعاون پر اتفاق کیا گیا، ویمنز کرکٹ ڈویلپمنٹ پروگرامز کیلئے اشتراک کار بڑھانے پر بات چیت ہوئی۔ محسن نقوی نے بنگلہ دیش کے امپائرز کو پاکستان میں ٹریننگ کی دعوت بھی دی۔ ملاقات میں نوجوانوں کی سکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار سے متعلق مشترکہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا، اعلیٰ تعلیم، سکالرشپ پروگرامز اور تعلیمی میدان میں ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے پر گفتگو کی گئی، اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر اے سی سی اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ اے سی سی اجلاس میں تمام 25 رکن ممالک نے شرکت کی اور ہم سب نے کرکٹ کے لیے کام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بھارت ایشین کرکٹ کونسل کے سالانہ اجلاس میں شرکت کیلئے راضی

بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر آن لائن شرکت کریں گے، بھارتی میڈیا

ڈھاکہ (این این آئی) ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے سالانہ اجلاس سے متعلق اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ ایشین کرکٹ کونسل کے سالانہ اجلاس میں شرکت کرے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کے نمائندے آن لائن اے سی سی کے سالانہ اجلاس میں شریک ہوں گے۔ بھارتی میڈیا نے بتایا ہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا میٹنگ میں آن لائن شرکت کریں گے۔ واضح رہے کہ اے سی سی کا سالانہ اجلاس کل محسن نقوی کی صدارت میں ہوگا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اجلاس میں شرکت کے لیے افغانستان کے نمائندے آج رات ڈھاکا پہنچ رہے ہیں۔ اے سی سی کا اجلاس جمعرات کو ڈھاکا میں ہوگا، سالانہ اجلاس کی صدارت کے لیے محسن نقوی بنگلا دیش پہنچ گئے ہیں۔ اجلاس کے دوران ایشیا کپ کے مستقبل کے حوالے سے اہم فیصلے کا امکان ہے جب کہ بھارت اور سری لنکا کے نمائندے ڈھاکا نہ پہنچ سکے ہیں۔ کہا جا رہا ہے کہ بھارت اے سی سی میں تنہائی محسوس کر رہا تھا جس کے باعث اس نے آن لائن شرکت کا فیصلہ کیا۔ ذرائع کے مطابق ٹورنامنٹ ستمبر میں پروگرام کے مطابق ہونے کا امکان ہے۔ اے سی سی ذرائع کے مطابق سری لنکا بورڈ کے صدر بھی ڈی سلوا لیبل ہیں۔

میرپور، بنگلہ دیش اور پاکستان کے درمیان آخری ٹی 20 میچ میں پاکستانی بولر سلمان مرزا وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

پاک افغان اور یو اے ای سہ ملکی سیریز کے معاملات حتمی مرحلے میں داخل

سہ ملکی سیریز کے شیڈول اور وینیوز کا اعلان جلد ہی متوقع ہے، میڈیا رپورٹس

ڈھاکہ (آن لائن) پاکستان، افغانستان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) سہ ملکی سیریز کے معاملات حتمی مرحلے میں داخل ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق اے سی سی کے اجلاس کے موقع پر سائیڈ لائنز میں سیریز کو حتمی شکل دے دی جائے گی، اے سی سی میٹنگز کے بعد سہ ملکی سیریز کے شیڈول اور وینیوز کا اعلان متوقع ہے۔ سہ ملکی سیریز متحدہ عرب امارات میں ایشیا کپ 2025ء سے پہلے ہوگی جبکہ پاکستان نے اگست میں افغانستان کی میزبانی کرنی تھی۔ پی سی بی نے سیریز کے بجائے متحدہ عرب امارات میں سہ ملکی سیریز کروانے کی تجویز دی تھی۔ ذرائع کے مطابق متحدہ عرب امارات میں سیریز کا مقصد ایشیا کپ سے قبل کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہونا ہے۔

انگلینڈ نے پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز کی تاریخوں کا اعلان کر دیا

انگلش بورڈ کے اعلان کے تحت قومی ٹیم اگلے سال اگست میں انگلینڈ کا دورہ کرے گی، دونوں ٹیموں کے مابین تین ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی جائے گی

پاکستان اور انگلینڈ کے مابین پہلا ٹیسٹ میچ 19 اگست کو شروع ہوگا دوسرا ٹیسٹ 27 اگست سے لارڈز اور تیسرا ٹیسٹ 9 ستمبر سے اوول میں شروع ہوگا

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ٹیسٹ میچز | ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔

لندن (این این آئی) انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز کی تاریخوں کا اعلان کر دیا۔ انگلش بورڈ کے اعلان کے تحت پاکستان ٹیم اگلے سال اگست میں انگلینڈ کا دورہ کرے گی جس دوران دونوں ٹیموں کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلے جائے گی۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 اگست کو لیڈز میں شروع ہوگا، دوسرا ٹیسٹ 27 اگست سے لارڈز اور تیسرا ٹیسٹ 9 ستمبر سے اوول میں شروع ہوگا۔ واضح رہے کہ

ضلع کچھی، بلوچستان گیمز کے لئے انڈر 19 کھلاڑیوں کا ٹرائل شیڈول جاری

بیڈمنٹن ٹیبل ٹینس اور کرکٹ ٹیموں کے ٹرائلز 24 جولائی کو ہوں گے، چیئرمین سلیکشن کمیٹی

بھاگ (این این آئی) بلوچستان گیمز 2025 کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ کچھی کے لیے انڈر 19 کھلاڑیوں کے ٹرائلز 24 جولائی کو ڈگری کالج بھاگ کے گراؤنڈ میں منعقد ہوں گے ان ٹرائلز میں بیڈمنٹن ٹیبل ٹینس اور کرکٹ کے کھیلوں کے لیے باصلاحیت نوجوان کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جائے گا چیئرمین سلیکشن کمیٹی عطاء اللہ جاموٹ کی سربراہی میں یہ ٹرائلز شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کیے جائیں گے اس اہم اسپورٹس ایونٹ کے آرگنائزر ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ایاز احمد واجلی ہوں گے، جبکہ سلیکشن کمیٹی میں شامل دیگر معزز اراکین میں پروفیسر امداد لطیف، گل جان مستوئی، قدیر سومرو اور سجاد گویا شامل ہیں ڈی ایس او ایاز احمد نے بتایا کہ ٹرائلز میں صرف انڈر 19 کھلاڑی شرکت کے اہل ہوں گے تمام کھلاڑیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی شناختی دستاویزات (ب فارم یا شناختی کارڈ یا میٹرک کی اسناد) اور کھیلوں کا مناسب سامان ساتھ لائیں کھلاڑیوں کو شام 4 بجے تک گراؤنڈ پر پہنچنے کی ہدایت دی گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان گیمز کا مقصد ضلعی سطح پر موجود نوجوان ٹیلنٹ کو سامنے لانا اور انہیں صوبائی اور قومی سطح پر نمائندگی کے مواقع فراہم کرنا ہے ٹیلنٹڈ نوجوانوں کے لیے یہ ایک سنہری موقع ہے کہ وہ آگے آئیں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں اور بلوچستان کی نمائندگی کا اعزاز حاصل کریں۔

کراچی، پارلیمانی سیکرٹری شازیہ کریم صفدر بلوچستان فٹبال ٹیم کو تاروے روانگی کے موقع پر الوداع کر رہی ہیں

انڈر 19 چیمپئن شپ: پاکستان والی بال ٹیم نے بیلجیم کو شکست دیدی

تاشقند (این این آئی) پاکستان انڈر 19 والی بال ٹیم نے انڈر 19 ورلڈ چیمپئن شپ میں شاندار ڈیبیو کرتے ہوئے پہلے میچ میں بیلجیم کی ٹیم کو تین۔ صفر سے شکست دے دی۔ ازبکستان کے شہر تاشقند میں شروع ہونے والی انڈر 19 والی بال ورلڈ چیمپئن شپ میں عالمی جونیئر رینکنگ میں انیسویں پوزیشن پر موجود پاکستان نے ورلڈ نمبر 7 بیلجیم کو ہر شعبے میں آؤٹ کلاس کیا۔ پاکستان نے میچ میں پچیس۔ انیس، پچیس۔ سترہ اور پچیس۔ بائیس سے کامیابی حاصل کی۔ گرین شرٹس کی جانب سے سعود اور کپتان یحییٰ نے عمدہ کھیل پیش کیا، سعود نے 9 بلاک پوائنٹس سمیت 13 پوائنٹس حاصل کیے، یحییٰ نے 11 پوائنٹس بنائے۔ پاکستانی کھلاڑیوں نے اٹیک، بلاک اور سرو پوائنٹس میں بیلجیم پر برتری رکھی جب کہ حریف کی غلطیوں سے بھی بھرپور فائدہ اٹھایا۔ ایونٹ میں پاکستان اپنا اگلا میچ جمعہ کو میزبان ازبکستان کے خلاف کھیلے گا۔

معروف امریکی ریسلر ہلک ہوگن 71 برس کی عمر میں چل بسے

1980 کی دہائی میں ہلک ہوگن ڈبلیو ڈبلیو ای کے سپر سٹار ریسلر بنے

واشنگٹن (سپورٹس ڈیسک) معروف امریکی ریسلر ہلک ہوگن 71 برس کی عمر میں چل بسے۔ ہلک ہوگن کی موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی 1980 کی دہائی میں ہلک ہوگن ڈبلیو ڈبلیو ای کے سپر سٹار ریسلر بنے۔ ہلک ہوگن نے 5 بار ورلڈ چیمپئن کا ٹائٹل اپنے نام کیا، ہلک ہوگن نے 1977 میں ریسلنگ کا آغاز کیا۔ ہلک ہوگن کا اصل نام ٹیری بولیا تھا، تاہم انہیں شہرت ہلک ہوگن کے نام سے ملی، امریکی میڈیا کے مطابق ہلک ہوگن نے کئی فلموں میں بھی کام کیا ہے۔ ہلک ہوگن کی زندگی پر ایک نظر ہلک ہوگن جن کا اصل نام ٹیری بولیا ہے، 1953 میں پیدا ہوئے اور 1980 اور 1990 کی دہائیوں میں پروفیشنل ریسلنگ کی دنیا کے بڑے ستارے کے طور پر سامنے آئے۔ انہوں نے نہ صرف ریسلنگ میں شہرت پائی بلکہ فلموں اور ریئلٹی ٹی وی میں بھی اپنی شناخت بنائی۔ ہوگن نے 1979 میں ورلڈ ریسلنگ فیڈریشن (جو آج WWE کہلاتی ہے) میں شمولیت اختیار کی، مگر 1981 میں تنظیم چھوڑ دی۔ ان کی واپسی 1985 میں ریسل مینیا کے پہلے ایونٹ میں ہوئی، جہاں انہوں نے مسٹر ٹی کے ساتھ مل کر روڈی پائپر اور پال اورنڈورف کو شکست دی، اور یہ میچ ان کی مقبولیت کا سنگ میل بن گیا۔ 90 کی دہائی میں انہوں نے "مسٹر نینی" اور "سبربن کمانڈو" جیسی فلموں میں کام کر کے شوبز میں قدم رکھا۔ 2005 میں انہیں WWE ہال آف فیم کا حصہ بنایا گیا، تاہم 2015 میں ایک لیکڈ ویڈیو میں نسل پرستانہ زبان استعمال کرنے پر کمپنی نے ان سے لاتعلقی اختیار کر لی۔

آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ: پنجاب یونیورسٹی، مسلم کلب اور کے جی فاٹا نے پری کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی

ایک روزہ وقفے کے بعد جمعرات کو تین ناک آؤٹ میچز کھیلے گئے، مسلم کلب چمن نے ڈی ایف اے خاران کو تین گول سے شکست دے دی

کے جی فاٹا گوادر پورٹ اتھارٹی پر ایک گول سے فتحیاب، بلوچ مانڈائی کلب کو دلچسپ مقابلے کے بعد پنجاب یونیورسٹی کے ہاتھوں شکست کا سامنا

کوئٹہ (اسپورٹس رپورٹر) آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے سنسنی خیز مقابلے ایک روز کے وقفے کے بعد دوبارہ شروع ہو گئے جمعرات کے روز تین ناک آؤٹ میچز کھیلے گئے پنجاب یونیورسٹی، مسلم کلب چمن اور کے جی فاٹا کی ٹیموں نے اپنے میچز جیت کر پری کوارٹر فائنل کے لیے جگہ بنا لی ریلوے گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں مسلم کلب چمن نے ڈی ایف اے خاران کو صفر کے مقابلے میں تین گول سے شکست دیکر پری کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا جبکہ قیوم پاپا فٹبال گراؤنڈ میں پنجاب یونیورسٹی نے ایک دلچسپ مقابلے کے بعد بلوچ مانڈائی نوشکی کو دو کے مقابلے میں تین گول سے شکست دیکر پری کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی مالی باغ فٹبال گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں کے جی فاٹا نے گوادر پورٹ اتھارٹی کو صفر کے مقابلے میں ایک گول سے شکست دیکر پری کوارٹر فائنل تک رسائی حاصل کرلی آج شام ساڑھے چھ بجے قیوم پاپا فٹبال گراؤنڈ میں یو بی ایف سی اور ہزارہ کمانڈ کے درمیان پری کوارٹر فائنل کے لیے میچ کھیلا جائے گا جبکہ ڈی ایف اے نوشکی اور بلوچ کلب کوئٹہ کے درمیان ریلوے فٹبال گراؤنڈ میں پری کوارٹر فائنل کے لیے دن ڈھائی بجے میچ کھیلا جائے گا بلوچ کلب نوشکی اور اسماعیل میموریل کراچی کے درمیان میچ ریلوے فٹبال گراؤنڈ میں شام پانچ بجے پری کوارٹر فائنل تک رسائی کیلئے میچ کھیلا جائے گا جبکہ چوتھا میچ پہلا پری کوارٹر فائنل میچ افغان یونائیٹڈ اور دشتی ایف سی فٹبال کلب کے درمیان مالی باغ میں کھیلا جائے گا جو جیتا وہ کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرے گا۔

جونیئر اسکواش چیمپئن شپ: کوئی پاکستانی پلیئر کوارٹر فائنل تک نہ پہنچ سکا

عبداللہ نواز کو بھی شکست کا سامنا، باقی کھلاڑی پہلے ہی آؤٹ ہو گئے تھے

اسلام آباد (آن لائن) ورلڈ جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستانی پلیئرز کوارٹر فائنل راؤنڈ تک پہنچنے میں ناکام رہا۔ تفصیلات کے مطابق مصر میں جاری ورلڈ جونیئر ایونٹ کے انفرادی مقابلوں میں پاکستان کے عبداللہ نواز کو پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں شکست کا سامنا رہا جبکہ ایونٹ میں شریک دیگر تین کھلاڑی انس علی شاہ، عمیر عارف اور یحییٰ خان پہلے ہی راؤنڈ میں میگا ایونٹ سے آؤٹ ہو گئے تھے۔

2024ء سے اب تک زیادہ شکستوں کا منفی ریکارڈ پاکستان کے نام جڑ گیا

کراچی (این این آئی) سال 2024 سے اب تک تمام فارمیٹس کے انٹرنیشنل میچز میں زیادہ شکستوں کا منفی ریکارڈ پاکستان کے نام جڑ گیا۔ اس سے قبل بنگلا دیش اور ویسٹ انڈیز ساجھے دار تھے، پاکستان اب تک 64 میچز میں سے 38 میں ناکام ہو چکا۔ گزشتہ روز بنگلا دیش سے سیریز کے دوسرے ٹی 20 میں ناکامی سے ٹرافی بھی ہاتھ سے نکل گئی۔

بابر اور رضوان کو اچانک ڈراپ کرنے سے دباؤ بڑھا، شامیر

زبردستی سلیکشن اچھی نہیں، اس سے ٹیم پر دباؤ پڑتا ہے، بات چیت

لاہور (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی سابق کپتان ثنا میر نے بابر اعظم اور محمد رضوان کو ٹی 20 ٹیم سے باہر کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں ثنا میر نے کہا کہ جب آپ زبردستی سلیکشن کے ذریعے کھلاڑیوں کو سائیڈ کرتے ہیں تو آخر کار یہ دباؤ آپ کی ٹیم پر بھی پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم بابر اور رضوان کے ساتھ کھیلتے ہیں تو توقع کرتے ہیں کہ ان میں سے کسی ایک کو مڈل آرڈر میں کھیلنا چاہیے لیکن ایک ہی وقت میں دونوں کو ڈراپ کر دیا گیا۔

سپین کی ٹیم یوئیفا ویمنز فٹ بال چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئی

سیمی فائنل میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد جرمنی کو شکست کا سامنا

برن (این این آئی) سپین کی ویمنز فٹ بال ٹیم پہلی مرتبہ یوئیفا ویمنز فٹ بال چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئی۔ سپین کی ٹیم نے دوسرے سیمی فائنل میچ میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد 8 بار کی یوئیفا ویمنز فٹ بال چیمپئن جرمنی کی ٹیم کو 0-1 گول سے ہرا کر یوئیفا ویمنز فٹ بال چیمپئن شپ کے فائنل تک رسائی حاصل کی۔ میچ کے مقررہ وقت تک کوئی ٹیم گول سکور نہ کر سکی۔ سپین کی ٹیم نے اضافی وقت میں گول کر کے فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ سپین کی ایتانا بونماتی کو نانے اضافی وقت میں 113 ویں منٹ پر واحد گول کر کے اپنی ٹیم کو فائنل میں پہنچا دیا، یوں سپین نے اپنی تاریخ میں پہلی بار یورو کا فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ سپین کا فائنل میں مقابلہ ایک مرتبہ کی فاتح انگلینڈ کی ویمنز ٹیم سے ہوگا۔

درسگاہوں کو فعال اور اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے، ڈی سی نصیر آباد

گرمیوں کی تعطیلات کے بعد تدریسی عمل کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے ابھی سے اقدامات اٹھائے جائیں

اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں، تعطیلات کے فوراً بعد سرپرائز وزٹ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

نصیر آباد (خ ن + نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا ہے کہ تعلیمی درسگاہوں کو فعال بنانے اور اساتذہ کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، گرمیوں کی تعطیلات کے بعد تدریسی عمل کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے ابھی سے اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ سکول کھلنے کے بعد اساتذہ اور طلباء و طالبات کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور تعطیلات کے فوراً بعد سرپرائز وزٹ کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابڑو نے تعلیمی درسگاہوں کے مسائل اور دیگر امور سے آگاہ کیا جبکہ اجلاس میں عبدالواحد سومرو، ارشاد علی ذوقی، مقبول احمد عمرانی، نثار احمد سومرو، علی عمرانی اور ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد خان کاکڑ نے ہدایت کی کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسران اپنی ذمہ داریوں کا بھرپور مظاہرہ کریں۔

ڈیزرٹ برانچ کے خستہ حال اور کمزور پشتوں کی مرمت کا کام شروع

خضدار، صحت کا شعبہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، یاسر اقبال دشتی

عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شعبہ صحت کی ترقی، عوام کے لیے علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی، اور ڈاکٹرز و عملے کی حاضری کے امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی صحت کے حکام، ہسپتالوں کے سربراہان، اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کا شعبہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

عوام غیروں کے مفادات کی سیاست کو سمجھ چکے ہیں، عبدالسلام ترین

نام نہاد نمائندے اور ان کے سہولت کاروں سے عوام تنگ آ چکے ہیں، خیرو افغان

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی عوام کو درپیش مسائل و مشکلات پر خاموش نہیں رہ سکتی، علی محمد ترین

بلاک شناختی کارڈ کیسز کو میرٹ پر فوری نمٹائیں، ڈی سی جعفر آباد

جن افراد کے شناختی کارڈ بلاک ہیں ان کی مکمل تصدیق کے بعد انہیں ان کا حق دلایا جائے گا، خالد خان

شناختی کارڈ کے بغیر نہ روزگار ملتا ہے اور نہ ہی سرکاری سہولیات، اس لیے اس مسئلے کا حل اولین ترجیح ہے

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت بلاک شناختی کارڈ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جلیل احمد، نادرا کے افسر علی شیر جمالی سمیت انٹیلی جنس اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلاک شناختی کارڈ والے افراد کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے اور اپنی مشکلات اور مسائل سے کمیٹی کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاک شناختی کارڈ کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات درپیش ہیں، شناختی کارڈ کے بغیر نہ روزگار ملتا ہے اور نہ ہی سرکاری سہولیات، اس لیے اس مسئلے کا حل اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ بلاک شناختی کارڈ کیسز کو میرٹ پر فوری نمٹائیں اور حتمی رپورٹ پیش کریں تاکہ مستحق افراد کو جلد ریلیف دیا جا سکے۔

نصیر آباد، بے جوئی کے علامہ عبدالرحیم انقلابی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

جنگل پیر علیزئی، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی کا علاقہ میں آمد پر کرنل سے ملاقات کر رہے ہیں

TENDER NOTICE

The Project Director Dualization of Ziarat Sanjavi Road invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252607789291 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 30,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 30,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Price Reasonability Assurance on bidder's letterhead. 3S dealership facility at Quetta for timely repair and maintenance of vehicles. Bidder's Last 3 Years Financial Audited Reports along with FBR Returns Bidder must have min 7 completed work orders of the same similar nature of vehicles of Rs. 200.00 million in last 1 year and have Min 5 in hand jobs Bidder must have European Standard ISO 9001:2015 Registration **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 07 August, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System **Address:** Office Plot No 41/123 Jinnah Town Street No 08 Samungli Road Quetta Phone no: 3337813286 Email: Auspdz@gmail.com

AB No.97/24-7-2025 — **Project Director Dualization of Ziarat Sanjavi Road**

ADMISSION NOTICE

Applications are invited on prescribed form from the Local/Domicile candidates of Balochistan for admissions in DAE against reserved seats of Balochistan for the session 2025 in Islamabad.

THE DETAILS ARE AS UNDER:-

(1) CONSTRUCTION TECHNOLOGY TRAINING INSTITUTE, ISLAMABAD.

S.#	TECHNOLOGIES	SEATS
1.	Diploma of Associate Engineer in Civil Technology.	15-Seats
2.	Diploma of Associate Engineer in Civil with Specialization in Quantity Survey Technology.	14-Seats
3.	Diploma of Associate Engineer in Mechanical Technology with Specialization in Construction Machinery.	15-Seats
4.	Diploma of Associate Engineer in Auto & Diesel Technology.	14-Seats
5.	Diploma of Associate Engineer in Information Communication Technology.	04-Seats

The following documents are required for admission.

1. Matric certificate with D.M.C. (2-copies).
2. Local/Domicile certificate. (2-copies).
3. Character certificate. (2-copies).
4. Three passport size photographs.
5. 4-Registered Envelops (Non-Written).
6. Postal Order for Rs.400/- or by cash for application form fees.
7. An Affidavit on the Non-judicial stamp paper of Rs.15/- duly attested by the 1st Class Magistrate stating that the candidate of his/her parent/guardian is in possession of only one local/domicile certificate that he/she was not selected previously on any reserved seat of Balochistan **IN ORIGINAL.**

Applications forms are available in Directorate of Technical Education **Near Commerce College Brewray Road Quetta. Application must reach in this Directorate on or before 05th August, 2025.**

NOTE:- Only those candidates are eligible for above admission who have obtained at least **60%** marks in Matric. 5% additional of the total marks of FA/FSc certificate holders will be added in the merit list. 20 Extra Number for Hafiz Quran.

PRQ No.251/24-7-2025 — **DIRECTOR Technical Education Balochistan QUETTA**

REQUEST FOR PROPOSAL

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It Is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The CWPP&H Department GOB, Quetta intends to invite Potential/Established consulting firms under amended BPPRA Rules for Procurement of following consul under **Single Stage Two Envelope Procedure.**

S.No	Name of Project	E/Cost
1	Consultancy for Construction Supervision of Construction of Road from Naag to Gichk **TSE-252607789714**	62.669 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules - 2014. **Bid Security:** 2% of Estimated Cost. **Eligibility of Applicants:** The **Eligibility Criteria** listed in the bidding documents shall apply to the Applicants, including the parties constituting the Applicant, i.e., its proposed partners, subcontractors for any part of the Contract including related services. Financial credentials of the applicants must adhere/conform to the **Eligibility Criteria** of Bidding Documents. Registration with FBR/BRA/PEC along with capabilities with respect to construction and capabilities with respect to personnel, financial soundness and experience as mentioned in request for proposal documents are required. Registration with Pakistan Engineering council (PEC) as consultancy with specialized codes **1203, 1215, 1222 and 1214** is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. **Last Date of Application submission:** The bids must be submitted latest by **06 August, 2025** online on BPPRA website. **Bid Opening:** All applications shall be opened on the same day i.e. **06 August 2025** at the office of the under-signed. **Address: Project Director, SBDP, C&W Balochistan, House # 57/11, Zarghoon Road, Quetta. Telephone:** 081-2822468 **E-mail:** pdsbdp24@gmail.com The Tender Documents can be downloaded from E- Submission BPPRA Website (**www.bppra.gob.pk**).

AB No.95/24-7-2025 — **Project Director Southern Balochistan Development Package (SBDP) CWPP&H Department, GOB, Quetta.**

TENDER NOTICE

ONLY ELECTRONIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED. The Chief ficer District Council Kharan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

S.#	Name of Work/s	E/Cost
1.	IMPROVEMENT/RENOVATION/REPAIR/ SOLARIZATION OF DIFFERENTSCHOOLS OF UNION COUNCILS OF KHARAN **TSE-252607789753**	229,594,539

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 160,716,177 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Same kind of Ongoing project with similar nature of work and same amount of this tender Similar Assignment completed of amount 100 Millions Similar ongoing Assignment of amount 100 Millions **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee , Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically fromwww.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed atwww.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **08August, 2025till 12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM on EPPS System Address:** Chief officer District Council Kharan **Phone no:** 0087510059 Email: faisal_blgb@yahoo.com

AB No.99/24-7-2025 — **Chief Officer District Council Kharan**

www.dpr.gob.pk | dpr_gob | dpr.gob | dgpr.balochistan

بقیہ 1 وزیر اعلیٰ

ایڈیشنل آئی جی محمد یوسف، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعزاز احمد گورایا، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند شریک ہوئے جبکہ سبی اور نصیر آباد ڈویژن کے کمشنرز، ڈی آئی جیز، ڈپٹی کمشنرز اور ایس ایس پیز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شامل ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سبی نصیر آباد شاہراہ پر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہوں پر بدامنی ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا آرگنائزڈ کرائمز پر کنٹرول مقامی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، ہر ضلع میں انتظامی افسران کی تعیناتی میرٹ پر کی جارہی ہے تو صوبائی حکومت ان افسران سے خاطر خواہ نتائج بھی چاہتی ہے جرائم کی موثر روک تھام افسران کی ذمہ داری ہے جس کو ہر صورت پورا کرنا ہوگا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ پولیس اور لیویز کی حدود سے بالاتر ہو کر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے وزیر اعلیٰ نے انتظامیہ کو مکمل فری ہینڈ دیتے ہوئے کہا کہ لیویز اور پولیس مل کر ایک منظم حکمت عملی کے تحت ان عناصر کا قلع قمع کریں انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی یا بہانے بازی ہرگز قبول نہیں کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں ایف سی اور سی ٹی ڈی کی معاونت حاصل کر کے مربوط کارروائی کی جائے انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے باہم رابطہ کاری کو موثر بناتے ہوئے قیام امن کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات اٹھائیں وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ قومی شاہراہوں پر جوائنٹ چیک پوسٹیں قائم کی جائیں اور ان کی موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت روکی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے لیویز، پولیس اور انتظامی افسران کو واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے تحفظ کے لیے کسی بھی دباؤ یا مصلحت کو خاطر میں لائے بغیر جرائم پیشہ افراد کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے امن و امان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اور اس ضمن میں کوئی کوتاہی یا رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 2 مستونگ

فتنہ الہندستان' جیسے عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، اور سکیورٹی فورسز اس مقصد کے لیے ہر قیمت چکا رہی ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مادر وطن کے دفاع میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر افسر میجر زید سلیم اول اور سپاہی ناظم حسین کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا انہوں نے کہا کہ میجر زید سلیم اول جیسے دلیر افسران قوم کا فخر ہیں جنہوں نے فرنٹ لائن پر دشمن کا سامنا کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی بہادری نئی نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین پر بھارتی ایما پر پھیلائی جانے والی بدامنی اور دہشت گردی کے خلاف ہماری پالیسی بالکل واضح ہے ایسا ہر فرد یا گروہ جو دشمن کے ایجنڈے کا حصہ ہوگا اسے ریاستی طاقت سے کچلا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے ہم اپنے شہداء کے خون کو کبھی رائیگاں نہیں جانے دیں گے ان کی قربانیاں ہمارے حوصلے کو بلند کرتی ہیں اور دشمن کو یہ پیغام دیتی ہیں کہ پاکستان کسی بھی جارحیت کے سامنے جھکنے والا نہیں۔" وزیر اعلیٰ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ مستونگ اور گردونواح میں جاری سینی ٹائزیشن آپریشن میں ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے تاکہ علاقے کو مکمل طور پر دہشتگردی سے پاک کیا جا سکے انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

بقیہ 3 ترجمان دفتر

میں کہا پاکستان، افغان وزارت خارجہ کے درمیان دورے کی تاریخوں پر مشاورت جاری ہے، افغان وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان کی تیاری ہو رہی ہے، طالبان حکومت تسلیم کرنے کی خبریں قیاس آرائی پر مبنی ہیں، رجسٹرڈ افغان پناہ گزینوں کی واپسی ڈیڈ لائن 30 جون کو مکمل ہو چکی، ڈیڈ لائن میں توسیع کیلئے حکومت کو تجاویز دیں، فیصلہ ہونا باقی ہے، توسیع یا پابندی کا فیصلہ وزارت داخلہ اور ریاستی ادارے کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا وزیر داخلہ کا دورہ افغانستان انتہائی اہم تھا، افغان ہم منصب سے سکیورٹی اور انسداد دہشتگردی پر تفصیلی بات چیت ہوئی، ٹی ٹی پی و دیگر دہشت گردوں کی حوالگی کا معاملہ زیر غور آیا، افغان قیادت نے پاکستانی خدشات پر مثبت رویہ دکھایا، دونوں ممالک کے تعلقات میں بہتری کا رجحان واضح ہے، مثبت سفارتی رجحان کو مزید مستحکم کرنے کیلئے دونوں ممالک کوشاں ہیں، ایران کیساتھ تعلقات کو پاکستان کثیر الجہتی و عوامی رابطوں پر مبنی سمجھتا ہے، پاکستان ایران جوہری مذاکرات میں سفارتکاری کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے، جوہری معاہدے کا حل سفارتی سطح پر ہونا چاہیے، پاکستان، ایران کے درمیان اعلیٰ سطح کے دوروں پر مشاورت جاری ہے، ایرانی صدر کے دورے کی تاریخ 26 جولائی دونوں ممالک کے درمیان طے نہیں ہوئی تھی، 26 جولائی کی تاریخ محض قیاس آرائی پر مبنی تھی، دونوں ممالک جلد ایرانی صدر کے دورے کی متفقہ تاریخ کا اعلان کریں گے، شفقت علی خان نے کہا پاکستان، بھارت کے درمیان مسائل کا حل صرف مذاکرات سے ممکن ہے، اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں، کسی بھی جارحیت کی صورت میں پاکستان بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان مسئلہ کشمیر سمیت تمام امور پر بھارت سے بامعنی مذاکرات کیلئے تیار ہے، بھارت کی تاخیری حکمت عملی مسئلے کے حل میں رکاوٹ ہے، پاکستان سنجیدہ مذاکرات کی دعوت دے چکا اب فیصلہ بھارت کو کرنا ہوگا، امریکی ثالثی کی کوئی رسمی تجویز یا مقام تاحال موصول نہیں ہوا، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اعلیٰ سطح کے دورے پر امریکہ میں ہیں، اسحاق ڈار نے یو این سلامتی کونسل میں غزہ اور فلسطین کے معاملے پر بات کی، نائب وزیر اعظم نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر کھلی بحث میں بھی شرکت کی، اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ سے ملاقات میں دوطرفہ، علاقائی اور عالمی امور پر بات ہوگی۔

بقیہ 4 احمد شریف چودھری

موقع پر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے آپریشن بنیان مرصوص میں پاک افواج کی حکمت عملی اور کامیابی پر روشنی ڈالی جس پر طلبا و طالبات نے آپریشن بنیان مرصوص کی تاریخی فتح پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا، طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ معرکہ حق میں فتح مبین میں عوام کی حمایت بالخصوص نوجوانوں کا کردار اہم رہا، کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بلوچ عوام پاکستان سے تاریخ، مذہب، ثقافت اور روایت کے رشتوں میں جڑے ہیں، مٹھی بھر دہشت گرد بلوچستان اور پاکستان کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کا راستہ نہیں روک سکتے۔ تقریب کے دوران طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبران نے مزید ایسے انٹرایکٹو سیشنز کے انعقاد کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 5 سلمان اکرم راجہ

محمود قریشی کے خلاف ابھی 8 سے 9 مقدمات زیر سماعت ہیں وہ مزید 8 مقدمات میں گرفتار ہیں، غلط بات ہے شاہ محمود قریشی پارٹی کو لیڈ کرنے جا رہے ہیں، آئین کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں، بند کمرہ ٹرائل آئین و قانون کی خلاف ورزی ہے، ٹرائل کالعدم قرار دے دینا چاہیے۔

بقیہ 6 اسحاق ڈار

گے اور مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کو حق خودارادیت دینا سلامتی کونسل اجلاس کی صدارت کو پاکستان کے لیے اعزاز قرار دیتے ہوئے نائب وزیر اعظم نے مزید کہا کہ پاکستان آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن (او آئی سی) کے بانی ارکان میں سے ایک ہے، انسانی بحران سے نمٹنے کے لیے او آئی سی اور اقوام متحدہ (یو این) میں تعاون اہم اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کو حق خودارادیت دلوانے کے لیے اور بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خاتمے کے لیے لیبیا، افغانستان، شام، یمن اور دیگر ممالک میں قیام امن کیلیے اسلامی تعاون تنظیم کا اہم ترین کردار رہا انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اس بات پر اعتماد ہے کہ او آئی سی کا کلیدی مقام ہے اور اس کی اقوام متحدہ کیساتھ شراکت مضبوط اور گہری ہوتی واضح رہے کہ (23 جولائی) کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے پاکستان کی جانب سے پیش کی گئی قرارداد کو متفقہ طور پر منظور کر لیا قرارداد میں تمام ممالک سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ تنازعات کے پرامن حل کے لیے مذاکرات، ثالثی، پنچایت، عدالتی فیصلے یا دیگر پرامن ذرائع کو موثر طریقے سے استعمال کریں۔

بقیہ 7 بین الاقوامی کریڈٹ

معیشت کی بہتری کو مدنظر رکھتے ہوئے آؤٹ لک کو مستحکم قرار دیا ہے اور یہ پیش رفت تین سال بعد دیکھنے میں آئی ہے۔ کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری مالیاتی شعبے میں بہتری اور پالیسیوں کے تسلسل کی عکاسی کرتی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کو آخری مرتبہ جولائی 2022 میں بی مائنس کی درجہ بندی دی گئی تھی، تاہم اس وقت آؤٹ لک منفی تھا۔ اس سے قبل فروری 2019 میں پاکستان کو بی مائنس کے ساتھ مستحکم آؤٹ لک حاصل ہوا تھا اور اب آؤٹ لک دوبارہ بحال ہو گیا ہے۔

بقیہ 8 وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی

میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام شریک ہوئے اجلاس میں سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے رکھنی بکھڑ شاہراہ سمیت دیگر جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے منصوبوں کے مختلف مراحل، درپیش چیلنجز اور آئندہ حکمت عملی سے متعلق اجلاس کو آگاہ کیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ مواصلاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے عوامی فلاح و بہبود سے براہ راست جڑے ہوئے ہیں

بقیہ 9 سابق وزیر اعظم

اڈیالہ جیل میں تھی، رات 12 بجے سماعت کی اطلاع ملی، صرف 2 وکلا کو اندر جانے کی اجازت دی گئی، فیملی، میڈیا کو داخل نہیں ہونے دیا گیا، ساڑھے 4 گھنٹے تک اڈیالہ جیل کے دروازے پر انتظار کرتے رہے، علیمہ خان کے مطابق بانی نے کہا 22 گھنٹے تک سیل میں رکھا جا رہا ہے، اخبار، کتابیں اور ٹی وی تک بند کر دیا گیا، وکیل باہر جا کر بتائیں غیر انسانی سلوک کیا جا رہا ہے، ایک شخص کی ایما پر سب کچھ ہو رہا ہے، بانی نے کہا پاکستان میں ڈاکو فرا لائنس بن چکا، عدلیہ کی آزادی ختم کر دی گئی، احکامات کی کھلی خلاف ورزی ہو رہی ہے، انصاف کا نظام دفن ہو چکا، علی امین گنڈاپور، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ بھرپور تحریک چلائیں۔

بقیہ 10 جنرل ساحر شمشاد مرزا

نے ملاقات کی جس میں پاک-سعودیہ دو طرفہ دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کے مشترکہ عزم پر زور دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق رائل سعودی نیول فورسز (آر ایس این ایف) کے چیف آف اسٹاف وائس ایڈمرل محمد بن عبدالرحمٰن الغریبی نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (سی جے سی ایس سی) جنرل ساحر شمشاد مرزا سے جوائنٹ اسٹاف ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں ملاقات کی۔

بقیہ 11 بنگلہ دیش

بنگلہ دیش کے سابق چیف جسٹس اے بی ایم خیر الحق کو ڈھاکہ کے علاقے دھان منڈی میں واقع گھر سے گرفتار کیا ہے۔ ڈی ایم پی کے جوائنٹ کمشنر محمد ناصر الاسلام نے تصدیق کی ہے کہ انہیں منٹو روڈ پر ڈی بی ہیڈ کوارٹر منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ 12 برساتی نالے

سے ملی تاہم بیٹی کی تلاش تیسرے روز بھی جاری رہی، ریسکیو 1122 راولپنڈی کی ٹیموں کو اہم پیشرفت تب ملی جب لاپتہ گاڑی کا دروازہ اور بونٹ سواں پل کے نیچے سے ملا۔

بقیہ 13 اسلامی نظریاتی کونسل

کونسل اور پاپولیشن کونسل کے اشتراک وسائل و آبادی میں توازن کے موضوع پر مشاورتی اجلاس ہوا، حکام نے شرکت کی، پاپولیشن کونسل نے کہا پاکستان میں ہر سال 11 ہزار خواتین بچہ حمل و زچگی موت کا شکار ہو جاتی ہیں

بقیہ 14 اکاؤنٹ ہیک

بھیجے جانے والے مشتبہ پیغامات سے ہوشیار رہیں، جن میں صارفین سے ذاتی اور حساس معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پی ٹی اے کا کہنا تھا کہ ان پیغامات میں صارفین کو رقم کی ادائیگی کا جھانسہ دے کر ان سے شناختی معلومات طلب کی جاتی ہیں، جنہیں ممکنہ طور پر فراڈ اور دیگر مجرمانہ سرگرمیوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جعلی ویری فکیشن کوڈ کسی کے ساتھ ہرگز شیئر نہ کریں، کوریئر کمپنیوں کے نام پر ویری فکیشن کوڈ مانگے جاتے ہیں، ان پیغامات میں کال یا لنک کے ذریعے رابطہ کرنے کا کہا جاتا ہے تاکہ صارفین کو دھوکہ دیا جا سکے۔

بقیہ 15 صدر مملکت

کا بھرپور ساتھ دیا، چین پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، صدر مملکت سے چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ملاقات کی، دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، صدر آصف زرداری نے کہا پاکستان چین کیساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، معیشت، ثقافت اور علاقائی روابط کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، خطے میں امن، سلامتی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 16 آئی ایس پی آر

شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے مستونگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، آپریشن کے دوران 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر زید سلیم سمیت 2 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ میجر زید سلیم اپنی ٹیم کی فرنٹ سے قیادت کر رہے تھے، 31 سال کے میجر زید سلیم کا تعلق خوشاب اور 22 سال کے سپاہی ناظم حسین کا جہلم سے تعلق تھا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ علاقے میں مزید بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے سکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 17 شہباز شریف

شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (میناپ) کے ریجنل نائب صدر عثمان ڈیون نے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے پاکستان کے ساتھ طویل شراکت داری پر عالمی بینک بالخصوص عالمی بینک کے صدر اجے بنگا اور پاکستان کے لئے عالمی بینک کے سابق کنٹری ڈائریکٹر ناجی بن حسائن کا پاکستان کے لیے نئے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم نے پاکستان کی ترقی کی ترجیحات بالخصوص توانائی، انسانی وسائل، ماحولیاتی تبدیلی اور گورننس کے شعبوں میں اصلاحات کیلئے سی پی ایف کے سٹریٹجک کردار کو سراہا۔

بقیہ 18 عالیہ صدیقی

بھجوانے کا معاملہ لٹک گیا، ذرائع کے مطابق رجسٹرار آفس کی جانب سے تاحال فریقین کو نوٹسز ارسال نہیں کیے جا سکے، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کے آفس سے 16 جولائی کو نوٹ موصول ہوا جس میں بتایا گیا وہ 21 جولائی کو کیس کی سماعت کریں گے، تاہم اس سے پہلے ہفتہ وار روسٹر جاری ہو چکا تھا جس میں ترمیم کی ضرورت تھی تاکہ نئی کاز لسٹ جاری کی جا سکے،

بقیہ 19 ڈنگر

کے نتیجے میں بولان میل کے آخری بوگی نمبر 7 کے فرش کو جزوی نقصان پہنچا، تاہم دھماکے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا بولان میل کو سبی پہنچنے کے بعد کوئٹہ کے لیے روانہ کر دیا گیا ہے جبکہ دھماکے کے بعد پنجاب سے آنے والی جعفر ایکسپریس کو ڈیرہ مراد جمالی کے مقام پر روک دیا گیا ہے اور کوئٹہ سے پنجاب جانے والی جعفر ایکسپریس کو سبی پر روک دیا گیا ہے، ریلوے حکام نے بتایا کہ واقعے کے بعد ٹرینوں کی آمد و رفت وقتی طور پر معطل ہو گئی ہے اور سیکورٹی فورسز نے دھماکے کے بعد جائے وقوعہ کو گھیرے میں لیا ہے، ریلوے حکام کا مزید کہنا ہے کہ ریلوے کی ٹیم جائے وقوعہ پر روانہ ہو گی، کلیرنس کے بعد ٹرینوں کو اپنی منزل پر روانہ کیا جائے گا۔ دوسری جانب پنجاب سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو سبی ریلوے اسٹیشن روک دیا گیا ضلعی انتظامیہ سبی نے ٹرین کے مسافروں کو سرکٹ ہاؤس منتقل کر کے رہائش، کھانے اور پینے کے لئے خصوصی انتظامات کئے۔

بقیہ 20 سزا سنائی

6،6 ماہ قید کی سزا سنا دی، عدالت نے شواہد اور دلائل کی روشنی میں 12 افراد کو قصوروار ٹھہراتے ہوئے سزا سنائی، ایک ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا گیا ادھر ذرائع کے مطابق سزا پانے والے کارکنوں کے وکلا نے فیصلے کو اعلیٰ عدالت میں چیلنج کرنے پر غور شروع کر دیا۔

بقیہ 21 شاہد خاقان

فیصلے قبول نہیں کرے گا، اس طرح کے فیصلے پہلے بھی آئے تو نہ انہیں سیاستدان قبول کرتے ہیں نہ ہی قانون دان، ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ملک ترقی نہیں کر رہا، سیاسی ڈائیلاگ کریں جس میں فوج اور عدلیہ کو بھی شامل کریں۔ سارے اختیارات پاس رکھ لیں، 26 کے بعد 27 ویں ترمیم کر لیں، اگر صلاحیت نہیں تو ملک نہیں چلا سکتے۔ آج جتنے چیلنجز پاکستان کو درپیش ہیں کبھی نہیں تھے، ملک کو آگے لے جانے کی بات کریں۔

بقیہ 22 ٹکر

میں ایک بچے سمیت دو افراد جاں بحق جبکہ ایک بچہ زخمی ہو گیا جاں بحق اور زخمی بچے کو بی ایچ یو مندے حاجی لایا گیا۔ جاں بحق شخص کی شناخت احمد حسین ولد محمد یوسف سکنہ زرد عبداللہ خاق آباد ٹکر زخمی بچے کا نام احمد خان ولد احمد حسین جبکہ جاں بحق ہونے والے بچے کا نام اب تک معلوم نہیں ہو سکا مکمل تفصیلات حاصل کی جا رہی ہے۔

بقیہ 23 سستی بجلی پیک

کے قریب ہے۔ ذرائع کے مطابق سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں 1.55 روپے فی یونٹ کی کا ریلیف رواں ماہ ختم ہو جائیگا، صارفین کو یہ ریلیف گزشتہ مالی سال کی تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں دیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 4.51 روپے فی یونٹ تک کی مدت گزشتہ ماہ ختم ہو گئی تھی، کراچی کیلئے 3.61 روپے فی یونٹ کی کا ریلیف بھی اس میں شامل تھا۔

بقیہ 24 محمود خان اچکزئی

کہ ہمارے اتحاد نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم 31 جولائی اور یکم اگست 2025 آل پارٹیز کانفرنس بلائیں گے۔ مختلف اداروں کے لوگوں پر مشتمل ایک گول میز کانفرنس جس میں سیاستدان، (ر) جرنیل، (ر) ججز، صحافی، تاجر، وکلاء، کسان، مزدوروں سمیت تمام نمائندہ تنظیمیں سب شریک ہوں گے۔ اور آئین کی بالادستی سمیت مہنگائی، بدامنی، آزادی صحافت، عدلیہ کی آزادی و دیگر نکات پر دو دن تک اور ضرورت پڑی تو تین دن تک کانفرنس ہوگی۔ اور ان سے کہیں گے کہ ہمارا ارادہ یہ ہے اور اگر ہم غلط ہے تو ہماری رہنمائی کرے اور ہمارے ساتھ اجتماعی دانش سے فیصلہ کرنے تک ہم اللہ کر کے چل پڑیں اور ملک کو بربادی سے نجات دلائیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان ہمارا ملک ہے اور یہ ڈوب رہا ہے اور اسے ڈبویا جا رہا ہے۔ جب سیاسی پارٹیاں، اکابرین خاموش ہو جاتی ہیں تو خود بخود تحریکیں چل پڑتی ہے اور پھر انارکی پھیلتی ہے گلی گلی میں لوگ ایک دوسرے کو گولیاں مارتے ہیں۔ باجوڑ سے لیکر وزیرستان تک لاکھوں لوگ نکل پڑے ہیں۔ صرف اس بات پر کہ ہماری وہ نعمتیں جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں دی ہے اس پر یار لوگوں نے فیصلہ کیا ہے ہم نے یہ فلاں کے ساتھ معاہدہ کر دیا ہے اور آپ اس علاقے سے چلے جائیں۔ باجوڑ سے لیکر خیبر تک لوگوں کو زور زبردستی بے گھر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے غزہ میں تو انسانیت کی نسل کشی ہو رہی ہے اس پر سب خاموش ہیں کوئی یہ نہیں کہتا کہ نیتن یاہو کو انٹرنیشنل مجرم کے طور پر بین الاقوامی عدالت میں سزا ہونی چاہیے۔ ہمارا اتحاد کسی کھیل تماشے کے لیے نہیں بلکہ جب تک ملک میں آئین کی بالادستی نہیں ہوگی اور آئین میں تمام اداروں کے جو حدود واضح کیے گئے ہیں وہ بحال نہیں ہوتے، ملک میں غیر جانبدار الیکشن کمیشن قائم نہ ہو جس پر تمام پارٹیاں متفق ہوں، پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ نہیں بنتا اور داخلہ و خارجہ پالیسیوں کا مرکز عوام کی منتخب پارلیمنٹ نہیں ہوں گی ہم یہ تحریک نہیں چھوڑیں گے۔ اس اتحاد کا مقصد زور زبردستی حکومت کو عوام کی طاقت اور اپنے اجتماعی دانش سے فارغ کرنا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ سب کو پتہ ہے کہ 8 فروری کے الیکشن کیسے ہوئے ہیں، انتہائی دیدہ دلیری کے ساتھ کے جس پارٹی نے انتخابات جیتے ہیں اس کے لیڈر عمران خان کو دو سال سے جیل میں رکھا گیا ہے اور اپنے گھر کے لوگوں، وکلاء اور پارٹی کے رہنماؤں کو ملنے نہیں دیا جاتا اور اپنی مرضی کے لوگوں کو چھوڑا جا رہا ہے۔ دنیا میں کہیں بھی اس کی مثال نہیں ملتی۔ عمران خان سے کسی کا اختلاف ہو سکتا ہے یا ان سے متعلق رائے کچھ اور ہو سکتی ہے لیکن یہ بات طے ہے کہ گزشتہ انتخابات میں عمران خان کی پارٹی جیت چکی ہے

بقیہ 25 گورنر

سے صوبے کے سرکاری دورے کے دوران ملاقات کی۔ وفد میں ایم این اے محمد سعد اللہ، محمد مقداد علی خان، رابعہ اسامہ سرور، محترمہ اختر بی بی، محترمہ شائستہ خان، محمد عثمان بادینی اور رابعہ محمد علی شامل تھے۔ صدر YPF سیدہ نوشین افتخار نے ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کا ایک جامع جائزہ پیش کیا جس میں جمہوری شراکت داری، جامع پالیسی سازی اور قومی گفتگو میں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو فروغ دینے کے مشن کی وضاحت کی۔ انہوں نے خاص طور پر بلوچستان میں خواتین کی بہتر نمائندگی کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا، اس بات پر زور دیا کہ نوجوان خواتین کو بااختیار بنانا اور صنفی شمولیت کو فروغ دینا فورم کے مقاصد میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی، ایم این اے نے ینگ پارلیمنٹیرینز فورم اور بلوچستان بھر کی یونیورسٹیوں کے درمیان باضابطہ تعاون قائم کرنے کی تجویز پیش کی تاکہ علمی اور قانون سازی کیلئے ایک پائیدار پلیٹ فارم بنایا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس طرح کی شراکت داری پالیسی ساز اداروں اور صوبے کے نوجوانوں بالخصوص طلباء اور ابھرتے ہوئے لیڈروں کے درمیان خلیج کو ختم کرنے میں مدد دیگی۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے اس اقدام کو سراہا اور یونیورسٹی کے روابط کے خیال کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے وفد کو بتایا کہ بلوچستان میں پبلک سیکٹر کی 12 یونیورسٹیاں ہیں اور انہوں نے یقین دلایا کہ ان کا دفتر اس سلسلے میں YPF کو ہر ممکن تعاون فراہم کریگا۔

بقیہ 26 کمبوڈیا

وزارت خارجہ نے کہا کمبوڈیا نے حملوں میں ہسپتال سمیت شہری علاقوں کو نشانہ بنایا، کمبوڈین فوج کے حملوں میں جانی نقصان و ہلاکتیں ہوئیں، 11 تھائی شہری اور فوجی ہلاک ہو گیا، تھائی فوج نے کہا کمبوڈیا سے کشیدگی پر سرحدی علاقے میں ایف 16 جنگی طیارے پہنچا دیے،

بقیہ 27 سردار کھیتران

بچھ میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ان سانحات کو قومی المیہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے دشمن عناصر ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 28 خودکش حملے

سب سے زیادہ متاثرہ صوبہ رہا جبکہ بلوچستان دوسرے نمبر پر متاثرہ صوبہ رہا۔ "2025" کے پہلے چھ ماہ میں 13 خودکش حملے ہوئے،

بقیہ 29 چیئرمین پی ٹی آئی

پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف کارروائیاں دبانے کی کوشش ہے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا 39 اراکین پارلیمنٹ پر تلوار لٹک رہی، 2 ایم این ایز اور سینیٹرز کو سزا ہو چکی ابھی 14 اکتوبر کے کیسز رہتے ہیں، ایک ہی مطالبہ تھا جو بھی ملوث ہوں کارروائی کی جائے، صاف و شفاف تحقیقات کر کے سزا دیں، امید ہے پی ٹی آئی ڈٹ کر کھڑی ہے اور مقابلہ کرے گی، پاپولر لیڈر اور فیملی کو اتنے لمبے عرصہ تک جیل میں نہیں رکھ سکتے، کورٹ کے سامنے 11،11 بجے تک ٹرائل نہ چلے، آئین و قانون کے تقاضوں کے مطابق ٹرائل ہونے چاہئیں۔

بقیہ 30 جسمانی ریمانڈ منظور

سوات کے علاقے خوازہ خیلہ میں ایک مدرسے میں مبینہ تشدد کے باعث طالب علم کی موت کے کیس میں گرفتار ہونے والے 11 اساتذہ کو جوڈیشل مجسٹریٹ خوازہ خیلہ کی عدالت میں پیش کیا گیا، عدالت نے ملزمان کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ کیس کے مرکزی ملزم، مدرسے کے مہتمم اور ایک اور اہم شخص کو تاحال گرفتار نہیں کیا جا سکا۔ ڈی پی او سوات عمر خان نے ڈان کو بتایا کہ پولیس نے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں اور باقی ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'ہمارے پاس مرکزی ملزمان تک پہنچنے کے لیے اہم شواہد موجود ہیں اور ہم جلد ان تک پہنچ جائیں گے'۔

بقیہ 31 مقتولہ بانو بی بی

کو دو روزہ ریمانڈ کی استدعا کی جس پر عدالت نے اسے سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا بانو بی بی کی والدہ گل جان کو گزشتہ روز سیریس کرائم انوسٹی گیشن نے گرفتار کر لیا تھا۔ کیس کے تفتیشی افسر جاوید بزدار نے بتایا کہ بانو بی بی کی والدہ کو گزشتہ روز سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو میں قتل کے اعتراف میں گرفتار کیا تھا جاوید بزدار کے مطابق سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو میں گل جان نے اپنی بیٹی کے قتل کا کئی جگہ اعتراف کیا

بقیہ 32 ایف آئی اے

تفتان نے بڑی کارروائی کے دوران غیر قانونی بارڈر کراسنگ میں ملوث 33 غیر ملکیوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزموں کا تعلق بنگلہ دیش سے ہے جو وزٹ ویزے پر پاکستان آئے تھے، ملزموں نے ماشکیل بارڈر ضلع چاغی سے بارڈر کراسنگ کی کوشش کی، کارروائی فرنٹیئر کور حکام کے تعاون سے عمل میں لائی گئی، گرفتار ملزم قانونی دستاویزات طلب کرنے پر تسلی بخش جواب نہیں دے سکے، گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔

بقیہ 33 ہائیکورٹ

سماعت کی جسٹس خادم حسین سومرو نے استفسار کیا فیصلے سے آپ متاثرہ کیسے ہیں؟ وکیل نے کہا مکمل حق سماعت نہیں دیا گیا، 400 کیسز ہیں اور کچھ کیسز کورٹ کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں، کیا اس کیس میں کمیشن تشکیل دیا جا سکتا ہے؟ وکیل نے کہا کمیشن کی تشکیل کا اختیار وفاقی حکومت کا ہے، عدالت میں کیس نمٹایا گیا تھا پھر تحریری فیصلہ آیا کیس زیر التوا رہے گا یا کسی اور کی طرف سے رٹ پٹیشن قابل سماعت ہو سکتی ہے؟

بقیہ 34 سینٹ، بلوچستان

ہونیوالے جوڑے کی مذمت کرتا ہے، جرگے میں ملوث افراد کو سخت سے سخت سزا دی جائے، جرائم کی روک تھام ہونی چاہیے، پاکستان کے تمام شہریوں کی قانون و آئین کے مطابق حفاظت کی ذمہ داری ریاست کی، جے یو آئی کی جانب سے قرارداد کی حمایت نہیں کی گئی۔

بقیہ 35 علی امین گنڈاپور

پی سی کا بائیکاٹ کرنے والوں کیلئے دروازے کھلے ہیں، قبائلی علاقوں کے مشیروں سے مشاورت کے بعد گرینڈ جرگہ بلا رہے ہیں، آپریشن کی اجازت دی جائے گی نہ ہی کوئی آپریشن قبول ہے، ادارے گڈ طالبان کو سپورٹ کر رہے ہیں، گڈ طالبان کی کوئی گنجائش نہیں، پہلے ادارے ڈرون سے کارروائی کر رہے تھے اب دہشتگرد بھی ڈرون کے ذریعے حملے کر رہے ہیں

بقیہ 36 بلوچستان اسمبلی

منڈی کی منتقلی اور مولانا ہدایت الرحمان ضلع گوادر میں 100 کی بجائے 10 میگاواٹ بجلی کی فراہمی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔

بقیہ 37 فیس عائد

کے مطابق یہ اضافی رقم سیاحت، کاروبار یا تعلیم کی غرض سے عارضی طور پر امریکا آنے والوں سے وصول کی جائے گی۔ یہ فیس "سیکیورٹی ڈپازٹ" کے طور پر لی جائے گی جو صرف انہی افراد کو واپس کی جائے گی جو ویزا کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے مقررہ مدت کے اندر واپس چلے جائیں گے۔

بقیہ 38 صفر کا چاند

جس کی صدارت چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔

بقیہ 39 توشہ خانہ ٹو کیس

بشریٰ کو جیل سے کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا، ملزمان کی جانب سے وکیل صفائی قوسین فیصل مفتی جبکہ استغاثہ کی جانب سے اسپیشل پبلک پراسیکیوٹرز ذوالفقار عباس نقوی، عمیر مجید ملک عدالت پیش ہوئے۔

بقیہ 40 ربابہ بلیدی

کی ذہنی صحت، مثبت تربیت اور معاشرتی شعور کی آبیاری وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نفسیات کے قومی ادارے (نیشنل انسٹیٹیوٹ آف سائیکالوجی)، جامعہ قائداعظم اسلام آباد اور قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی (نیکٹا) کے اشتراک سے منعقدہ تربیتی ورکشاپ "نوجوانوں کے لیے نفسیاتی وسائل کی تیاری" کی اختتامی نشست میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان جیسے صوبے میں، جہاں دہائیوں سے محرومی اور پسماندگی نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں، وہاں نوجوانوں کو اعتماد، شعور اور علم سے آراستہ کرنا حکومت بلوچستان کا اہم ترین مشن ہے

بقیہ 41 سپریم کورٹ

شوہر نے بیوی کو والدین کے گھر چھوڑ کر دوسری شادی کر لی، پہلی بیوی کے حق مہر اور نان و نفقہ سے انکار کیا، عورت کی عزت نفس ہر حال میں محفوظ ہونی چاہیے، عدالت نے فیصلے میں لکھا خواتین کی تضحیک معاشرتی تعصب کو فروغ دیتی ہے، بیوی کی میڈیکل رپورٹس نے شوہر کے تمام الزامات رد کیے، خواتین کے حقوق کا تحفظ عدلیہ کی ذمہ داری ہے، 10 سال تک خاتون کو اذیت و تضحیک کا نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ 42 بلال خان کاکڑ

ایسے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں جن کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوتھ پارلیمنٹرین فورم کی صدر نوشین افتخار کی قیادت میں آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد نے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی دعوت پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ کیا۔ رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی، میر عثمان بادینی اور دیگر اہم شخصیات بھی وفد کا حصہ تھیں۔ وفد کو بورڈ کی جانب سے صوبے میں مجوزہ سرمایہ کاری منصوبوں، سرمایہ کاروں کیلئے فراہم کی جانے والی حکومتی مراعات اور نوجوانوں کیلئے دستیاب معاشی مواقع کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفد نے بورڈ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت کا وژن نوجوان دوست اور ترقی پسند ہے۔

بقیہ 43 وزیر اعلیٰ

چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، ایڈیشنل آئی جی محمد یوسف، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعزاز احمد گورایا، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند شریک ہوئے جبکہ سبی اور نصیر آباد ڈویژن کے کمشنرز، ڈی آئی جیز، ڈپٹی کمشنرز اور ایس ایس پیز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شامل ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سبی نصیر آباد شاہراہ پر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہوں پر بدامنی ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا آرگنائزڈ کرائمز پر کنٹرول مقامی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، ہر ضلع میں انتظامی افسران کی تعیناتی میرٹ پر کی جا رہی ہے تو صوبائی حکومت ان افسران سے خاطر خواہ نتائج بھی چاہتی ہے جرائم کی موثر روک تھام افسران کی ذمہ داری ہے جس کو ہر صورت پورا کرنا ہوگا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ پولیس اور لیویز کی حدود سے بالاتر ہو کر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے وزیر اعلیٰ نے انتظامیہ کو مکمل فری ہینڈ دیتے ہوئے کہا کہ لیویز اور پولیس مل کر ایک منظم حکمت عملی کے تحت ان عناصر کا قلع قمع کریں انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی یا بہانے بازی ہرگز قبول نہیں کی جائے گی

بقیہ 44 پی کے میپ

بالخصوص جنوبی پشتونخوا کے مختلف اضلاع میں محکمہ پولیس کی جانب سے لیویز کے اہلکاروں کو حاضری رپورٹ فوری طور پر جمع کرنے کے احکامات دراصل عدالتی توہین کے مرتکب ہیں، اور عدالت عالیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کا نوٹس لیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ غیر آئینی مسلط حکمرانوں کو یہ بھی معلوم نہیں کہ لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کے خلاف پہلے سے ہی کیس عدالت میں زیر سماعت ہے عوامی حمایت سے عاری حکمران آئے روز عوام کے جذبات سے کھیلتے ہوئے ایسے اقدامات اٹھا رہے ہیں جس سے عوام کو ریلیف کے بجائے اذیت پہنچ رہا ہے۔ لیویز جو کہ ایک لوکل فورس ہے

بقیہ 45 نسیم الرحمن ملاخیل

ان تعطیل پر رہ کر خدمات انجام دیں۔ نسیم الرحمن ملاخیل نے کہا کہ میجر محمد انور کاکڑ کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے، اور پوری قوم ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاک فوج قوم کا فخر ہے۔ ہماری بہادر افواج نے ہمیشہ ہر محاذ پر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے، اور کسی بھی دشمن کی سازش ہمارے عزم، حوصلے اور اتحاد کو متزلزل نہیں کر سکتی۔ صوبائی مشیر نے میجر محمد انور کاکڑ کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور اس عظیم شہید کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی، اور قوم ہمیشہ ان کے جذبہ حب الوطنی کو یاد رکھے گی۔

بقیہ 46 عبدالرحیم کاکڑ

کے معاہدے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ معاہدے کے طرح افغانستان سے سیب اور ٹماٹر کی درآمد اور ان پر ٹیرف کی شرح 60 سے کم کر کے 27 فیصد تک لانے سے بلوچستان کے زمیندار شدید متاثر ہوں گے کیونکہ معاہدے سے قبل تاجر برادری، زمینداروں اور دیگر کو اعتماد میں نہیں لیا گیا جس کی مذمت کرتے ہیں اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ تاجر برادری بلوچستان کے دیگر ممالک کے ساتھ مستحکم تجارتی تعلقات کے خواہاں ہے اور اسی طرح گزشتہ دنوں پاکستان کے سیکرٹری تجارت جواد پال اور افغانستان کے وزیر تجارت ملا احمد اللہ زاہد کے مابین گزشتہ روز وفاقی دارالخلافہ اسلام آباد میں پاکستان اور افغانستان کے مابین ترجیحی تجارتی معاہدہ (پی ٹی اے) پر معاہدہ ہوا ہے اس معاہدہ کے تحت افغانستان سے انگور، ٹماٹر، انار اور سیب کی پاکستان کو درآمد ہوگی جبکہ پاکستان سے آم، کیلا، آلو اور کینو کی درآمد ہوگی معاہدے کے تحت مذکورہ پھلوں اور سبزیوں پر ٹیرف کو 60 فیصد کر کے 27 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے ہم کسی بھی ملک کے ساتھ تجارتی معاہدوں کے خلاف نہیں ہم معاہدے کے تحت افغانستان سے سیب اور ٹماٹر کی درآمد کو بلوچستان کے زمینداروں کیلئے نقصاندہ سمجھتے ہیں کیونکہ بلوچستان میں سالانہ 10 لاکھ ٹن سیب اور لاکھوں ٹن ٹماٹر پیدا ہوتا ہے افغانستان میں سیب کی پیداوار انتہائی کم ہے ہمیں خدشہ ہے اب ایران اور دیگر ممالک سے سیب کی افغانستان درآمد کے بعد پاکستان برآمد نہ ہو اس سے بلوچستان کے بدحال اور معاشی صورتحال سے دوچار زمینداروں کو نقصان ہوگا کیونکہ مقامی زمینداروں کے ٹماٹر اور سیب سستے داموں فروخت ہوں گے یہاں پر پیدا ہونے والے پھلوں اور سبزیوں دیگر اجناس سمیت تازہ پھلوں کو پروسیسنگ پلانٹ نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ کے ذریعے ایران سے افغانستان مختلف سامان جاتا ہے اور وہی سامان واپس بلوچستان کے راستے آتا ہے جس میں وہ سامان اور آٹو بھی شامل ہیں

بقیہ 47 جمال رئیسانی

سہولیات فراہم کی جا سکتی ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ نوجوان نسل کے بہتر مستقبل کیلئے زیادہ سے زیادہ قانون سازی کر کے پالیسیوں کو تبدیل کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز دورہ کوئٹہ کے دوران بیوٹمز یونیورسٹی میں سوشل یونیورسٹی میں نوجوان کی اقتصادی سیاسی، سماجی ترقی کے حوالے سے منعقدہ پینل ڈسکشن کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا سیدہ نوشین افتخار نے کہا کہ بلوچستان سمیت پاکستان کے نوجوانوں کو ملک بھر سے جوڑنے کے لئے ہم نے ینگ پارلیمنٹرین کا فورم تشکیل دیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کے مسائل کے حل اور ان میں پائی جانے والی مایوسی اور تحفظات کو دور کرنا ہے کیونکہ نوجوان نسل کی بہتری کے لئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

بقیہ 48 کیلئے بھجوا دیا

کے مطابق بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے زیر اہتمام چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے میں بلوچستان سے سعودی عرب، عمان، یو اے ای، یورپی یونین، جرمنی، رومانیہ کیلئے ہنرمند جوانوں کو ملازمت کیلئے بھجوایا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان حکومت نے اس پروگرام کیلئے بی ٹیوٹا کو صوبائی حکومت نے ایک ارب 28 کروڑ نوے لاکھ روپے جاری کئے ہیں

بقیہ 49 میاں خان بگٹی

کاوٹ ہے جس کی روک تھام کرنے کے ساتھ ساتھ دہشت گردی میں ملوث عناصر کی سرکوبی اشد ضروری ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے مثالی امن اور عوام کی خوشحالی کے لئے بھرپور انداز سے جدوجہد کو یقینی بنا رہی ہے ملک دشمن عناصر فتنہ الہندوستان بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کی سازشوں میں مگن ہے مگر محب وطن قوم نے کل ملک سمیت ترقی امن کے دشمنوں کی ہر سازش کو خاک میں ملانے کے لئے اپنے افواج کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمہ سمیت فتنہ الہندوستان کی سرکوبی کے لئے بلوچستان کا بچہ بچہ سیکورٹی فورسز کے ساتھ ملک کی حفاظت کے لئے چٹان کی مانند کھڑا ہے

بقیہ 50 اصغر اچکزئی

ملگری وکیلان اور پارٹی ذمہ داران کیساتھ بات چیت کرتے ہوئے کیا عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے گزشتہ روز بلوچستان ہائی کورٹ میں نیشنل لائرز فورم (ملگری وکیلان) اور پارٹی کے دیگر سینئر ذمہ داران کے ہمراہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے خلاف آئینی رٹ پٹیشن دائر کی یہ پٹیشن نیشنل لائرز فورم سے وابستہ وکلا ٹیم ایڈووکیٹ نور اللہ شاہ ایڈووکیٹ حمید اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ کلیم اللہ کاکڑ اور دیگر قانونی ماہرین کے توسط سے جمع کرائی گئی پٹیشن میں موقف اختیار کیا گیا ہے

بقیہ 51 یونس عزیز زہری

اسلام ضلع اوستا محمد کے ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹرز کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دونوں اہم صوبے دہشت گردی، بدامنی اور قانون شکنی کی لپیٹ میں ہیں، لیکن وفاقی و صوبائی حکومتوں کی غیر سنجیدگی اور بے حسی سمجھ سے بالاتر ہے۔ میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ آئے روز بم دھماکوں، ٹارگٹ کلنگ اور سیکیورٹی فورسز پر حملوں جیسے واقعات معمول بن چکے ہیں، جس سے نہ صرف قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہو رہا ہے بلکہ عوام میں شدید خوف اور بے یقینی کی فضا بھی پیدا ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اداروں کی مجرمانہ خاموشی اور ناقص حکمت عملی نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ ریاست کی اولین ذمہ داری شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہے، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت اس بنیادی فریضے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے

بقیہ 52 سستی بجلی

فروغ دینے کیلئے ڈیزائن کیا گیا تھا تاکہ پاکستان علاقائی سطح پر مسابقت میں آگے بڑھ سکے، آئی ایم ایف نے پیکیج کی منظوری کو '100 فیصد ریکوری' یعنی تمام واجبات کی مکمل وصولی سے مشروط کر دیا۔

بقیہ 53 قاری مہراللہ

نظریاتی ایک جامع اور ہمہ گیر انقلاب کی داعی ہے۔ طاغوت سے مصالحت کے بجائے اس کے پورے نظام سے پنجہ آزمائی کے لیے اٹھی ہے۔ امت مسلمہ کو ظلم کے شکنجے سے نجات دلا کر دین حق اور امن و عدل کی طرف لائے۔ آج پورے عالم اسلام میں مسلمان جن مشکلات اور مصائب سے دوچار ہیں، اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ امت مسلمہ نے اپنے مقاصد اعلیٰ کو خواہشات پر قربان کر دیا گیا خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی ایک اصولی اور نظریاتی تحریک ہے ہمارا نصب العین اقامت دین اور رضائے الٰہی ہے اہداف اور نصب العین کی حصول کے لیے بہت سی مشکلات اور سخت حالات سے گزرنا پڑے گا اقامت دین کا یہ فریضہ پوری امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ دین کی سربلندی کے لیے اپنے زندگیوں کو وقف کرے معاشرت، معاملات، سیاست اور نظام مملکت اطاعت الٰہی کے اصولوں پر قائم ہو۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رکنیت سازی مہم کے کامیابی کے لیے تمام ورکرز دن رات ایک کرے۔ رکنیت سازی کا مقصد ملک میں نظام مصطفیٰ کی نفاذ کے لیے جدوجہد میں ہمارے ساتھ چلے

بقیہ 54 حاجی اختر کاکڑ

اور بری طرح متاثر ہوں گے، معاہدے سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے تھا۔ جمعرات کے روز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے حاجی اختر کاکڑ کا کہنا تھا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان ہمسائیہ سمیت دنیا کے دیگر ممالک کے ساتھ مستحکم تجارتی تعلقات کا خواہاں ہیں گزشتہ روز پاکستان کے سیکرٹری تجارت جواد پال اور افغانستان کے وزیر تجارت ملا احمد اللہ زاہد کی جانب سے گزشتہ روز اسلام آباد میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدہ (پی ٹی اے) پر دستخط ہو گئے ہیں جس کے تحت افغانستان سے سیب، ٹماٹر، انگور اور انار کی پاکستان کو درآمد ہوگی

بقیہ 55 مولانا ہدایت الرحمان

اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا پریس کانفرنس میں سابق امیر صوبہ عبدالمتین اخوندزادہ جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امرا صوبہ زاہد اختر بلوچ مولانا محمد عارف دمڑ میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند و دیگر ذمہ داران بھی شریک تھے مولانا ہدایت الرحمن نے کہا کہ لانگ مارچ کے دوران قلعہ سیف اللہ لورالائی سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں استقبالی جلسے اور مظاہرے ہونگے بلوچستان میں پنجاب کے عوام کو شہید کیا گیا یا کوئی بھی مظلوم شہید ہو جائے ہم نے ہمیشہ اس کی مذمت کی اور کرتے رہیں گے محسن نقوی بلوچستان کے عوام پر رحم کریں محسن نقوی تک اپنی آواز پہنچانے جا رہے ہیں اسمبلی میں ہماری تقریر کون سنتا ہے؟ وزیر اعلیٰ بلوچستان ایک چیک پوسٹ ختم کرنے کا اختیار نہیں رکھتے بلوچستان میں گالی اور گولی کی پالیسی ترک کی جائے

بقیہ 56 سردار یعقوب ناصر

عناصر پر زمین تنگ کر دینگے بھارت کے اشارے پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ہاتھوں بے گناہ پاک فوج کے آفیسران اور دیگر شہریوں کے قتل کا لائسنس کسی صورت کسی کو نہیں دے سکتے اپنی ریاست قائم کرنے اور نجی فورس رکھنے کی کسی جماعت اور گروہ کو اجازت نہیں ہے یہ حق صرف ریاست کو حاصل ہے انہوں نے کہا کہ حقوق کی بات ٹھیک اور آئینی و قانونی حق ہے لیکن تشدد کا حق کسی صورت ریاست کسی کو نہیں دے سکتی انہوں نے گزشتہ شب ژوب کے علاقے ذب سرڈاک میں پنجاب کے تو مسافروں کو شہید کرنے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی دہشتگردی قرار دیا انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ دہشت گردی ہے

بقیہ 57 بدلنے پر مجبور

سمندری حدود کے قریب نہ آئے اور فوری طور پر اپنا رخ موڑ لے وارننگ کے جواب میں امریکی بحری جہاز سے ایرانی ہیلی کاپٹر کیلئے خطرے کی وارننگ جاری کی گئی، ایرانی ایئر ڈیفنس فورس نے مداخلت کرتے ہوئے امریکی جہاز کو خبردار کیا ایرانی ہیلی کاپٹر کی مکمل حفاظت کی جائے گی اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، ذرائع کے مطابق ایرانی وارننگ اور دفاعی حکمت عملی کے جواب میں امریکی جنگی جہاز نے جنوب کی جانب رخ موڑتے ہوئے علاقے سے فاصلہ اختیار کر لیا۔

بقیہ 58 حسین احمد شرودی

رند، ملک روز الدین کاکڑ، نصیب اللہ آغا ایڈووکیٹ، عبدالباری شہزاد اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن بڑیچ، جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ نے اپنے مشترکہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ کیسکو سریاب ہزار گنجی مشرقی بائی پاس خروٹ آباد ٹو فیڈر پر بدترین غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور بار بار ٹرپنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ تاجروں کا کاروبار ٹھپ ہو چکا ہے جبکہ عام شہری بھی دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں۔ دو فیز بجلی کی فراہمی سے نہ پنکھے چلتے ہیں، نہ ہی بلب روشن ہوتے ہیں، اور نہ ہی برقی آلات کام کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بار بار آنے جانے والی بجلی کے باعث فریجز، ٹی وی، پنکھے، موٹرز اور دیگر برقی آلات جلنے لگے ہیں۔ مہنگائی کے اس دور میں ایک چھوٹا سا پرزہ بھی ہزاروں روپے میں آتا ہے

بقیہ 59 بی این پی (عوامی)

گھر پر فورسز کی جانب سے جو لشکر کشی کی گئی جس میں سی ٹی ڈی، اے ٹی ایف، سول وردی میں پرائیویٹ ملیشیا نے غیر قانونی غیر آئینی ماورائے آئین عمل کی ہے اس سے بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) بلوچ قوم کے درد رکھنے والے لاکھوں لوگوں نے اس عمل کی بھرپور مذمت کی ہے اس عمل کو حاکم وقت کی بدنیتی، انتقامی کارروائی اور بلوچستان کے فضا کو مزید خراب کرنے کا جو انداز اپنایا گیا ہے پارٹی اس کی سخت مذمت کرتے ہوئے ایسی سازشی انداز کی ہر فورم پر مخالفت کریگی اور قانونی چارہ جوئی کی جائے گی عوامی عدالت میں جائیں گے، بلوچستان کو 75 سالوں میں نوآبادیاتی طرز حکمرانی کے طور پر چلایا جا رہا ہے۔ 9 جولائی کی رات پارٹی کے لیے اور بلوچ قوم کے لیے ایک بڑے سانحے سے کم نہیں ہے اور اس رات کو ہم کبھی نہیں بھولیں گے بڑھتی ہوئی ظلم اور جبر بی این پی (عوامی) کے ہمدردوں کو تنگ کرنا ایک گریڈ سے لے کر چھ گریڈ کے ملازمین کو ٹرانسفر کرنا معذوروں کو بھی نہیں بخشا گیا

بقیہ 60 نور محمد دمڑ

جرگے سے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آج تک اگر کسی نے میرے یا میرے خاندان کے نام ایک انچ زمین اپنے فائدے کے لیے الاٹمنٹ ثابت کیا تو میں ہمیشہ کے لیے سیاست کو خیر باد کہوں گا ہمیں عوام نے مینڈیٹ دیا ہے ہم عوام کی طاقت سے اقتدار میں آئے ہیں ہم اپنے علاقے کے تحفظ کے لیے کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک زیارت کے فاریسٹ زمینوں کے الاٹمنٹ کی بات ہے تو پاکستان بننے سے پہلے انگریز کے دور میں بھی دو ہزار بھی دس ہزار اور اور بھی ایک لاکھ ایکڑ زمینوں کی الاٹمنٹ وقتاً فوقتاً بلوچستان کے جن اضلاع میں جنگلات موجود ہیں ان اضلاع میں بھی ہوتی رہی ہے، ضلع زیارت میں آخری بار فاریسٹ زمینوں کی الاٹمنٹ 2017 میں ہوئی ہے اس وقت زیارت میں عوامی نمائندہ جمعیت کا تھا اور پشتونخوا میپ اقتدار میں تھی عبدالرحیم زیارتوال صوبائی وزیر کے عہدے پر فائز تھے عبدالرحیم زیارتوال کے دستخط اور سٹیمپ سے دو ہزار سترہ میں زیارت کے زمینوں کی الاٹمنٹ ہوئی ہے جو کہ ریکارڈ پر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم پرست اور مذہبی پرست جھوٹا پروپیگنڈہ کر کے عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

بقیہ 61 گورنر بلوچستان

ہم اپنے نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات اٹھائیں۔ گورنر نے مفاد خلق پر مبنی تمام ڈویلپمنٹ پروجیکٹس کو صوبے کے دیگر اضلاع تک وسعت دی جائے۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان رورل اسپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام پیس انیشیٹو پروجیکٹ کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر ربابہ بلیدی، ایم پی اے ظفر آغا، چیئرمین بی آر ایس پی ملک انور سلیم کاسی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید، سابق سینیٹر روشن خورشید بروچہ، وائس چانسلر وومن یونیورسٹی ڈاکٹر روبینہ مشتاق سینئر منیجر بی آر ایس پی نعمت اللہ مریانی، نوابزادہ محبوب جوگیزئی اور اقوام متحدہ کا ادارہ برائے ڈرگ اینڈ کرائمز کے نمائندہ سمیت مختلف اداروں اور گروہوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان رورل اسپورٹ پروگرام نے یورپی یونین اور UNODC کے اشتراک سے، پیس انیشیٹو پراجیکٹ کی بروقت تکمیل ایک خوش آئند اقدام ہے۔ واضح رہے کہ کسی پروجیکٹ کی تکمیل ایک اور نئی منزل کی تلاش کی علامت ہوتی ہے

بقیہ 62 ڈالر کے نرخ

کی قیمت میں اضافہ کرنسی سمگلنگ مافیا کی دوبارہ سرگرمیوں کی وجہ سے ہو رہا ہے جو ڈالر و دیگر غیر ملکی کرنسیوں کو ایران و افغانستان سمگل کر رہے ہیں، ملک بوستان نے دعویٰ کیا سمگلنگ مافیا زیر زمین چلی گئی، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی ٹیموں نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر بڑے چھاپے مارے، جس کے نتیجے میں اوپن مارکیٹ میں ڈالر کا ریٹ 288 روپے 60 پیسے سے کم ہو کر 288 روپے پر آ گیا ایف آئی اے نے کریک ڈاؤن جاری رکھا تو ڈالر کا ریٹ مزید کم ہو کر 270 روپے اور بالآخر 250 روپے تک آ سکتا ہے۔

بقیہ 63 مولانا عبدالقادر لونی

خون نچوڑ دیا گیا۔ دوسری طرف غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے گھریلو زندگی سے لے کر تجارت اور زراعت سب کچھ تباہی کی دہانے پر پہنچا دیا واپڈا کی من مانیاں حد سے گزر چکی ہے سخت گرمی میں 12 گھنٹے سے زائد غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، آنکھ مچولی اور وولٹیج کی معمول بن چکا ہے پوچھنے تک کوئی تیار نہیں اور نہ کسی کو عوام کی مشکلات کا احساس ہے چیف کیسکو کینٹ میں بیٹھ کر عوام کو بجلی سے درپیش مشکلات سے کوئی سروکار نہیں انہوں نے کہا کہ واپڈا کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، آنکھ مچولی اور وولٹیج کی کمی سے عوام تنگ کر بار بار بجلی چوری کے الزام لگانے سے پہلے چیف کیسکو اس کا نوٹس لے کہ اس میں واپڈا کے ملازمین کتنے ملوث ہے

بقیہ 64 میر ظہور بلیدی

جا سکتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ پاکستان آرمی کے بہادر افسر میجر زیاد سلیم اور دو سپاہیوں کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں جنہوں نے آج مستونگ میں فتنہ ہندستان کے خلاف جاری آپریشن کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج کے دلیر افسران اور سپاہی مادر وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ایک ناقابل تسخیر دیوار بنے ہوئے ہیں جو بیرونی سرپرستی میں ہونے والی جارحیت کے خلاف سینہ سپر ہیں۔ بلوچستان اور پاکستان میں جو امن، ترقی اور خوشحالی دیکھنے میں آ رہی ہے، وہ افواج پاکستان کے بہادر آفیسران اور وطن کے بہادر فرزندوں کی بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ اللہ تعالیٰ شہدا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، اور ان کے پسماندگان کو صبر، استقامت اور عزت بخشے۔ آمین۔

بقیہ 65 جاتی چاہیے

حلیمہ حمید خان درانی، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، فرح عظیم شاہ، شاہدہ روف، کلثوم نیاز بلوچ، سلمیٰ کاکڑ، صفیہ بی بی، طاہرہ بلوچ، صابرہ اسلام، یاسمین لہڑی، ڈاکٹر شمع اسحاق، عارفہ صدیق، اور ترینہ زہری شامل تھیں۔ اجلاس کا مقصد خواتین کی برابری، تحفظ اور قیادت کو یقینی بنانے کے لیے ایک مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا تھا۔ اس موقع پر اسمبلی کے نظام میں ادارہ جاتی جینڈر آڈٹ کرنے اور اسمبلی قواعد و ضوابط میں صنفی حساس اصلاحات لانے پر بھی زور دیا گیا، تاکہ بلوچستان میں شمولیتی اور جوابدہ حکمرانی کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ ایک خوش آئند اور تاریخی قدم تھا کہ مختلف نظریات، تجربات اور پس منظر رکھنے والی خواتین ایک پلیٹ فارم پر اکٹھی ہوئیں

بقیہ 66 مولانا عبدالواسع

کی پرورش ہوتی ہے انہوں نے کہاں کہ جمعیت علماء اسلام ملک کی جغرافیائی سرحدات کیلئے صف اول میں رہی ہے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن نے ملک کی اساس اور نظریہ کی حفاظت سمیت روشن مستقبل کی حفاظت کرنے کیلئے کمربستہ ہے انہوں نے کہاں کہ مشکل حالات کے یہ غازی کسی پر نہ احسان جتا رہے بلکہ ملک کے ساتھ محبت کرنے کو وہ اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں انہوں نے کہاں کہ حکمران طبقہ عوام کی مشکلات کے ساتھ مخلص نہیں ہے اقتدار میں ہو نہ ہو جمعیت علماء اسلام نے عوام کی آواز بنتا ہے انہوں نے کہاں کہ صوبے کی حقوق کیلئے موثر اور سخت آواز بنتے پر جمعیت علماء اسلام نے سیاسی قیمت چکائی ہے جمعیت علمائے اسلام پاکستان کی وہ ملک گیر اور ہمہ گیر جماعت ہے جو

بقیہ 67 اویس لغاری

حکومت کا کردار صرف ریگولیٹری فریم ورک تک محدود کر دیا جائے گا، منتقلی بتدریج و جامع حکمت عملی کے تحت کی جائے گی تاکہ نظام میں استحکام قائم رہے، وزیر توانائی نے کہا پاکستان کی پالیسی کا جھکاؤ واضح طور پر نجی شعبے کے فروغ و شفافیت کی جانب ہے، چاہتے ہیں بین الاقوامی سرمایہ کار شراکت دار بنیں، عثمان ڈیون نے توانائی شعبے میں ہونیوالی اصلاحات کو سراہتے ہوئے کہا عالمی بینک پاکستان کی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان کیساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں تاکہ پائیدار، قابل اعتماد اور سرمایہ کاری کیلئے موزوں توانائی نظام کو فروغ دیا جا سکے۔

بقیہ 68 صدر مسعود پزشکیان

میں اضافہ عالمی قوانین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے کریگا، سفارتکاری پر یقین رکھتے ہیں لیکن دھمکیوں یا جبر کو قبول نہیں کریں گے، ٹرمپ کا ایرانی جوہری پروگرام ختم کرنے کا دعویٰ محض فریب ہے، مسعود پزشکیان نے کہا العدید اڈے پر کیے گئے حملے قطر یا عوام کیخلاف نہیں تھے، حملوں کے دن قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کو فون کر کے اپنی پوزیشن واضح کی تھی، کسی بھی نئے اسرائیلی فوجی اقدام کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں، جنگ بندی معاملے پر بہت پرامید نہیں۔

بقیہ 69 کا سینیٹر محمد عبدالقادر

اتفاق ہونا نہایت خوش آئند ہے دونوں ممالک کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدوں پر عملدرآمد 15 اگست 2025 سے شروع ہوگا اور ابتدائی طور پر ایک سال کے لیے موثر رہے گا دونوں ممالک کے مابین پی ٹی اے کے پہلے مرحلے کے تحت دونوں ممالک کی 4،4 برآمدی اشیاء پر ٹیکس میں نمایاں کمی کی جائے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار محمد عبدالقادر نے مزید کہا کہ افغانستان پاکستان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کو آئندہ 2 ماہ میں حتمی شکل دی جانے سے دونوں ممالک کی سنجیدہ کوششوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے آئندہ 15 روز میں تکنیکی مذاکراتی کمیٹی تشکیل دینے پر اتفاق ہونے سے دو طرفہ معاملات تیزی سے آگے بڑھیں گے

بقیہ 70 کا ازالہ کیا گیا

احکامات بھی جاری کیے۔ ای کچہری میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، درجنوں شہریوں نے کالز اور میسجز کے ذریعے اپنے مسائل براہ راست بیان کیے ای کچہری کے دوران شناختی کارڈ میں درستگی، نئے شناختی کارڈ کے اجرا، فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ، نادرا عملے سے متعلق شکایات اور دیگر اہم مسائل کو شہریوں نے ڈائریکٹر جنرل کے سامنے رکھا، جس پر نوید جان صاحبزادہ نے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ایکشن لینے کی ہدایت دی نادرا حکام کے مطابق اس آن لائن سیشن کا مقصد عوامی رابطہ بہتر بنانا، شکایات کا بروقت ازالہ اور شفافیت کو فروغ دینا تھا

بقیہ 71 خوشحال خان

تمام قیادت کو اس اذیت ناک صورتحال کا اچھی طرح ادراک حاصل ہے ہم کسی نمود و نمائش سے بالاتر ہو کر حقیقی معنوں میں قومی آزادی، قومی خودمختاری، جعلی دہشتگردی، الاٹمنٹ کے نام پر قبضہ گری اور بدامنی و لاقانونیت کے خلاف حقیقی معنوں میں پشتون قومی محاذ اور مشترکہ جدوجہد کو اولین ضرورت سمجھتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع زیارت کے علاقے منہ میں عوامی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس سے پارٹی رہنماؤں نصراللہ خان زیرے، چیئرمین اللہ نور خان، فیاض صاحب، غنی فدائی، منصور خان ایڈووکیٹ اور محمود ریاض نے بھی خطاب کیا اس موقع پر ممتاز سیاسی قبائلی اور سماجی شخصیات کی قیادت میں 94 افراد نے اپنے خاندانوں سمیت پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ نام نہاد بوگس الاٹمنٹ اور غیر نمائندہ وفاقی و صوبائی حکومتوں کے عوام دشمن اور پشتون دشمن پالیسیوں کا مقصد پشتونخوا وطن کے معدنی وسائل، زرخیز زمینوں، جنگلات اور پہاڑی سلسلوں پر قبضہ کر کے ہمارے غریب عوام کے استحصال میں مزید اضافہ کرنا ہے اور پشتون قوم کو ملک میں برابر کے شہری بھی تسلیم نہیں کیا جاتا بلکہ پشتون قوم کی سالہا سال سے نسل کشی جاری رکھ کر ان پر بدترین جعلی دہشتگردی، بدامنی اور لاقانونیت مسلط کر رکھی ہے پشتونخوا وطن سالانہ اربوں ڈالر کی پیداوار اور آمدن کا مالک ہے لیکن ہمارے غریب عوام دو وقت کی روٹی کیلئے محتاج اور بدترین مسافرانہ زندگی گزارنے پر مجبور ہے ملک میں پشتون قوم کا ہر علاقے میں جا کر آپ کو صرف غربت، بے روزگاری اور بھوک و افلاس کے سوا کچھ نظر نہیں آتا ہمارے عوام کی دن رات انتھک محنت کے باعث جو زمینداری اور زرعی پیداوار پیدا ہو رہی ہے

مہم چلانا قاسم سلیمان کا حق مگر عوام کو والد کی کرپشن کیس میں سزا کا بھی بتائیں، عطاء تارڑ

دونوں 190 ملین پاؤنڈ کی فلیٹ شیٹ ساتھ لیکر جائیں اور بتائیں کرپشن کا کیس ہے سیاسی نہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

بتائیں بزنس ٹائیکون کے اربوں روپے کیسے استعمال کیے، سانحہ 9 مئی میں ملوث ملزموں کیخلاف شواہد موجود تھے، گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے مہم چلانا قاسم، سلیمان کا حق ہے مگر عوام کو والد کی کرپشن کیس میں سزا کا بھی بتائیں، دونوں 190 ملین پاؤنڈ کی فلیٹ شیٹ ساتھ لیکر جائیں اور بتائیں کرپشن کا کیس ہے سیاسی نہیں، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا 9 مئی کے سانحہ میں ملوث ملزموں کیخلاف شواہد بھی سی ٹی وی فوٹیج موجود تھیں، 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی اپنے حق میں کوئی شواہد پیش نہیں کر سکے، قوم کو بتائیں بزنس ٹائیکون کے اربوں روپے کیسے استعمال کیے، تاثر دینے کی کوشش ہو رہی 190 ملین پاؤنڈ سیاسی کیس ہے۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ شہید بینظیر بھٹو جنرل ہسپتال کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ملکی امن، ترقی و خوشحالی جوانوں کی قربانیوں کا ثمر ہے، میر ظہور بلیدی

دہشتگردی کیخلاف سیکورٹی فورسز کے جوان ناقابل تسخیر ڈھال بنے ہوئے ہیں

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان و صوبائی وزیر منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان اور پاکستان میں امن، ترقی و خوشحالی جوانوں کی قربانیوں کا ثمر ہے، دہشتگردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کے جوان وطن کی دفاع کیلئے ناقابل تسخیر ڈھال بنے ہوئے ہیں، بہادر آفیسر میجر زیاد سلیم اور سپاہیوں کی شہادت رائیگاں نہیں .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو برابر مواقع اور فیصلہ سازی میں شرکت دی جانی چاہیے

بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس کے تحت منعقدہ اجلاس میں مطالبہ

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس کے تحت منعقدہ اجلاس میں موجودہ اور سابق خواتین اراکین اسمبلی سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ یہ پروگرام یو این ویمن کے اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں شریک نمایاں خواتین میں ڈپٹی اسپیکر محترمہ غزالہ گولہ، را .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ہم نے ہر دور میں وطن عزیز کیلئے قربانیاں دی ہیں، مولانا عبدالواسع

ہمارے کارکنوں کی ملک و ملت کیساتھ محبت کرنے کی پرورش ہوئی ہے

جمعیت کے غازی ملک کے ساتھ محبت کرنے کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کی تاریخ ملک کیلئے قربانیوں سے بھری پڑی ہے ہم نے ہر دور میں وطن عزیز کیلئے قربانیاں دی ہیں ہمارے کارکنوں کی ملک کیساتھ محبت کرنے .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ یوتھ پارلیمنٹرین فورم کی صدر نوشین افتخار کو شیلڈ دے رہے ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سبی نصیر آباد قومی شاہراہ پر قیام امن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انتہا پسندانہ رجحانات کے تدارک کیلئے مربوط اقدامات ناگزیر ہیں، ربابہ بلیدی

نوجوانوں کی ذہنی صحت، مثبت تربیت اور معاشرتی شعور کی آبیاری ازحد ضروری ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ نوجوانوں میں شدت پسندی اور انتہاپسندانہ رجحانات کے تدارک کے لیے نفسیاتی اور سماجی سطح پر مربوط اقدامات کی اشد ضرورت ہے نوجوان ہمارے ملک کا مستقبل ہیں اور ان .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نوجوانوں کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، بلال خان کاکڑ

نوجوانوں کو کاروبار، سرمایہ کاری اور حکومتی اسکیموں سے جوڑا جا رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نوجوانوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، تربیت اور روزگار کی فراہمی کیلئے ایک واضح وژن رکھتے ہیں اور ان کی قیادت میں نوجوانوں کیلئے .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ریاستی رٹ کو چیلنج کرنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

قومی شاہراہوں پر جوائنٹ چیک پوسٹیں قائم کر کے موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے

جرائم کی موثر روک تھام آفیسران کی ذمہ داری ہے، حکومت بہترین نتائج چاہتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں سبی نصیر آباد قومی شاہراہ پر امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، ایڈیشنل .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

وڈھ، گلی عبدالنبی میں ہیضہ کی بیماری پھیل گئی

کوئٹہ (آن لائن) تحصیل وڈھ کے علاقہ کا کا ہیر گلی عبدالنبی لہڑی میں ہیضہ کی بیماری پھیل گئی ہے، جس سے درجن کے قریب افراد شدید متاثر ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل وڈھ کے علاقے کا کا ہیر گلی عبدالنبی لہڑی میں ہیضہ کی وبا پھیلنے سے درجن کے قریب بچے اور بچیاں متاثر ہوئے ہیں۔ یہ علاقہ وڈھ بازار سے سات کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ اب تک کوئی میڈیکل ٹیم وہاں نہیں پہنچ سکی۔

بھاگ، سوریج نالے میں تین سالہ بچہ گر کر ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بھاگ میں سوریج نالے میں تین سالہ کمسن بچہ گرنے سے پانی میں ڈوب کر ہلاک ہو گیا پولیس کے مطابق بھاگ سٹی غریب آباد محلہ میں پیارا خان ابڑو کا تین سالہ کمسن بچہ سوریج نالے میں گر کر ہلاک ہو گیا واقع کی اطلاع پر پولیس موقع پہنچ گئی پولیس نے لاش اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی

نصیر آباد تمبو میں ڈاکو پولیس پر بھاری پڑ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد تمبو میں ڈاکو پولیس پر بھاری پڑ گئے گزشتہ شب ڈاکوؤں نے پولیس سے اپنا بدلہ سود سمیت واپس لے لیا ان کے اوقات کار میں ڈاکوؤں نے کسی شاخ پر دوران گشت دو پولیس اہلکاروں سے موٹر سائیکل سرکاری اسلحہ نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق تھجوشوری پولیس نے گزشتہ شب ڈاکوؤں سے فائرنگ کے تبادلے میں موٹر سائیکلوں اسلحہ برآمد کیا

سیلاب میں بہہ جانیوالی ڈاکٹر فیملی کے زخمی سربراہ لودھراں منتقل

چلاس، لودھراں (بیورو رپورٹ) سانحہ چلاس کے متاثرہ ڈاکٹر خاندان کے زخمی سربراہ میاں اسلام کو علاج کیلئے لودھراں منتقل کر دیا گیا، میاں اسلام کی ٹانگ میں شدید فریکچر ہوا تھا، ڈاکٹروں کے مطابق زخمی کی حالت اب خطرے سے باہر ہے تاہم مکمل بحالی کیلئے سرجری ناگزیر ہے، دوسری جانب بابوسر ٹاپ پر سیلابی ریلے کی زد میں آکر جاں بحق ہونے والی خاتون ڈاکٹر مشعال فاطمہ کا 3 سالہ بیٹا عبدالہادی 3 دن بعد مردہ حالت میں مل گیا

نوجوانوں کے تحفظات دور کرنے کیلئے پالیسیوں میں تبدیلی ناگزیر ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

نوجوان اپنے تحفظات ہمیں پہنچائیں تاکہ ہم ایوان زیریں میں انہیں زیر بحث لا کر مثبت پالیسیاں بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کرسکیں

بلوچستان سے نکلنے والے 50 کے قریب منرلز کی لیب کو بلوچستان منتقل کر کے لوگوں کو سہولیات فراہم کی جاسکتی ہیں، سعیدہ نوشین

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ینگ پارلیمنٹرین فورم پاکستان کی صدر سعیدہ نوشین افتخار اور سیکرٹری جنرل نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو بہتر پالیسیوں اور سہولیات کی فراہمی سے ان میں پائے جانے والے تحفظات کو دور کرنے کے لئے پالیسیوں میں تبدیلی ناگزیر ہے نوجوان اپنے تحفظات ہمیں پہنچائیں تاکہ ہم ایوان زیریں میں انہیں زیر بحث لا کر مثبت پالیسیاں بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کرسکیں بلوچستان کی سرزمین سے نکلنے والے 50 کے قریب منرلز کی لیب کراچی میں ہے اس کو بلوچستان منتقل کر کے لوگوں کو .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بی ٹیوٹا 150 نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کیلئے بھجوا سکا

حکومت نے ادارے کو 1.289 ارب، کنسلٹنٹ کمپنیوں کو 45.20 کروڑ ادا کیے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت مقررہ ہدف 2375 کے بجائے رواں سال جون تک پروگرام کے پہلے مرحلے میں صرف 150 نوجوان ہی سعودی عرب جاسکے منصوبے کیلئے صوبائی حکومت نے ایک ارب 28 کروڑ روپے کی ادائیگی کر دی۔ محکمہ محنت و افرادی قوت کی رپورٹ .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی میں ملوث عناصر کی سرکوبی ضروری ہے، میاں خان بگٹی

بختیار آباد اور ڈمبولی کے درمیان ریلوے ٹریک پر بم دھماکہ کی مذمت کرتے ہیں

سبی (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم انرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و ڈیرہ میاں خان بگٹی پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے بختیار آباد اور ڈمبولی کے درمیان ریلوے ٹریک پر بم دھماکہ کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات بلوچستان میں امن و خوشحالی میں سب سے بڑی ر .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کا اسمبلی سے پاس ہونا لمحہ فکریہ ہے، اصغر اچکزئی

حکمران اشرافیہ 18 ویں ترمیم کو SIFC کے ذریعے رول بیک کے عزائم رکھتی ہے

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان کے عوام کا قدرتی وسائل پر حق و اختیار کو سلب کرتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکمران اشرافیہ 18 ویں ترمیم کو ایس آئی ایف سی جیسے غیر آئینی ادارے کے ذریعے رول بیک کی عزائم رکھتی ہے جو پشتون بلوچ اقوام کے حق پر کھلا ڈاکہ ہے بلوچستان اسمبلی سے اس ایکٹ کا پاس ہونا لمحہ فکریہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ہائی کورٹ میں .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں بدامنی تشویشناک ہے، یونس عزیز زہری

حکومت کی پراسرار خاموشی عوام کے لیے شدید اضطراب کا باعث بن رہی

اوستہ محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے، جبکہ حکومت کی پراسرار خاموشی عوام کے لیے شدید اضطراب کا باعث بن رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی ایک جامع اور ہمہ گیر انقلاب کی داعی ہے، قاری مہراللہ

جماعت طاغوت سے مصالحت کے بجائے اس سے پنجہ آزمائی کے لیے اٹھی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہراللہ ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم، مشرقی بائی پاس زون کنوینر قاری عبیداللہ حقانی ضلعی ناظم دوم مولانا آغا ابراہیم شاہ نے مشرقی بائی پاس زون کی یونٹوں کی کنوینرز میں رکنیت سازی فارم تقسیم اور رکنیت سازی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان سے سیب اور ٹماٹر کی درآمد نقصان دہ ہے، حاجی اختر کاکڑ

پی ٹی اے معاہدے سے قبل چیمبر آف کامرس اور دیگر کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے تھا

بلوچستان میں سالانہ دس لاکھ ٹن تک سیب اور لاکھوں ٹن ٹماٹر کی پیداوار ہوتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدہ (پی ٹی اے) معاہدہ پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدے کے تحت افغانستان سے سیب اور ٹماٹر کی درآمد اور ان پر ٹیرف کی شرح 60 سے کم کر کے 27 تک لانے سے بلوچستان کے زمیند .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ملک دشمن عناصر پر زمین تنگ کر دینگے، سردار یعقوب ناصر

مستونگ میں پاک فوج کے آفیسر اور جوانوں کی شہادت المناک ہے

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ مستونگ میں میجر اور دو سپاہیوں کے ٹارگٹ کلنگ میں شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک و صوبے میں ملک دشمن .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

2 ماہ میں فری انرجی مارکیٹ پالیسی نافذ، حکومت کا بجلی خریداری کا سلسلہ ختم ہو جائیگا، اویس لغاری

ماڈل کے تحت ویلنگ چارجز و دیگر میکانزم متعارف کرائے جا رہے ہیں، حکومت کا کردار ریگولیٹری فریم ورک تک محدود ہو گا

توانائی شعبے میں ہونیوالی اصلاحات کو سراہتے ہیں، عالمی بینک پاکستان کی حمایت جاری رکھے گا، عثمان ڈیون کی یقین دہانی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس لغاری نے کہا ہے ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ فری انرجی مارکیٹ پالیسی آئندہ 2 ماہ میں اپنے حتمی نفاذ کے مرحلے میں داخل ہو جائے گی، حکومت کی جانب سے بجلی کی خریداری کا سلسلہ مستقل طور پر ختم ہو جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی بینک کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کیا، اویس لغاری نے کہا سی ٹی بی سی ایم (CTBCM) کے تحت مارکیٹ میں بجلی کی آزادانہ تجارت ممکن ہو سکے گی، ماڈل کے تحت ویلنگ چارجز و دیگر میکانزم متعارف کرائے جا رہے ہیں .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈیشنل آئی جی پولیس کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف قاسم لائن میں منعقدہ دربار سے خطاب کر رہے ہیں

ٹرمپ کا ایرانی جوہری پروگرام ختم کرنے کا دعویٰ محض فریب ہے، صدر مسعود پزشکیان

جوہری صلاحیتیں سائنسدانوں کے ذہنوں میں ہیں، بین الاقوامی مخالفت کے باوجود یورینیم افزودگی جاری رکھیں گے

کسی بھی نئے اسرائیلی فوجی اقدام کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں، جنگ بندی معاملے پر بہت پرامید نہیں، عرب میڈیا کو انٹرویو

تہران (بیورو رپورٹ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے امریکی صدر ٹرمپ کا ایرانی جوہری پروگرام ختم کرنے کا دعویٰ محض فریب ہے، جوہری صلاحیتیں سائنسدانوں کے ذہنوں میں ہیں، عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے کہا امریکی صدر کی ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہونے کی بات سے اتفاق کرتے ہیں، جوہری ہتھیاروں کو مسترد کرتے ہیں یہ سیاسی، مذہبی، انسانی اور تذویراتی موقف ہے، بین الاقوامی مخالفت کے باوجود یورینیم افزودگی کا پروگرام جاری رکھیں گے، ایران جوہری صلاحیتوں .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، ایک منشیات سمگلر اور ایک مفرور ملزم گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او سٹی اور سی آئی اے کی مشترکہ کارروائی بھاری مقدار میں منشیات افیون برآمد، ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کی ہدایات پر ڈی ایس پی سٹی محمد زمان ہندرانی کی زیر نگرانی ایس ایچ او سٹی عبداللہ چندرانی اور سی آئی اے انچارج مقبول موسیانی، زاہد مصطفیٰ نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ایکس۔ کرولا کار کو سنیپ چیکنگ کے دوران روکا اور مکمل تلاشی لی۔ کار کی ڈرائیور سیٹ کے نیچے سے تین تھیلی برآمد ہوئیں جن میں 12.5 کلوگرام افیون موجود تھی۔

وڈھ، گلی صالح محمد کا رہائشی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ گلی صالح محمد کا رہائشی نوجوان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق گلی صالح محمد وڈھ کے رہائشی عنایت اللہ ولد عبدالرحیم قوم لانگو نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جان بحق ہو گئے۔ نوجوان عنایت اللہ اپنے ساتھی ناصر کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار تھے کہ دراکھالہ بزنجو اچھڑو کراس کے مقام پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے موقع پر جان کی بازی ہار گئی۔ مقامی انتظامیہ نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

نوشکی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

نوشکی (آن لائن) کلی جمالدینی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق جمعرات کی شب رات گئے نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے معاویہ جمالدینی جان بحق ہو گئے، ضروری قانونی کارروائی کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دی گئی ہے جبکہ واقعے کی مزید تفتیش پولیس کی جانب سے جاری ہے۔

ہائی کورٹ بار کے صدر میر عطاءاللہ لانگو اور اسحاق ترین کو بازی کو سپریم کورٹ کا لائسنس ملنے پر مبارکباد دے رہے ہیں

انگور اڈہ 14 اگست کو کھولنے سے نئے دور کا آغاز ہوگا سینیٹر عبدالقادر

پاک افغان تجارتی معاہدہ، چار چار اشیاء کے رعایتی ٹیرف پر تجارت کا فیصلہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدے (پی ٹی اے) کے پہلے مرحلے میں 14 اگست سے انگور اڈہ کراسنگ پوائنٹ کھولنے افغانستان میں مشترکہ سرمایہ کاری پروجیکٹ، صنعتی پارک اور اکنامک زونز کے قیام سمیت اہم منصوبوں پر .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

نادرا کی لائیو ای کچہری میں عوامی شکایات کا ازالہ کیا گیا

نادرا ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ کے زیر اہتمام ای کچہری کی صدارت ڈی جی نے کی

آن لائن سیشن کا مقصد عوامی رابطہ کی بہتری، شکایات کا ازالہ اور شفافیت کا فروغ تھا

کوئٹہ وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات کے تحت نادرا ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ کی جانب سے منعقدہ فیس بک لائیو ای کچہری میں ڈائریکٹر جنرل نادرا بلوچستان نوید جان صاحبزادہ نے شہریوں کے مسائل نہ صرف سنے بلکہ موقع پر ہی ان کے فوری حل کے .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بی این پی (عوامی) کے رہنما نور احمد بلوچ، حسن بلوچ، قدیر احمد ہانی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پشتونخوا نیپ پشتون قومی سیاسی تحریک میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی، خوشحال کاکڑ

پارٹی قیادت اور کارکن پشتون افغان ملت کو درپیش سنگین صورتحال سے نجات دلانے کیلئے ہراول کا دستہ بن کر جدوجہد کرینگے

ہم بدامنی، لاقانونیت، جعلی دہشتگردی، الاٹمنٹ کے نام پر قبضہ گیری کیخلاف مشترکہ پشتون قومی جدوجہد کو اولین ضرورت سمجھتے ہیں

زیارت (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیپ کی قیادت اور کارکن پشتون افغان ملت کو درپیش سنگین صورتحال سے نجات دلانے کیلئے پشتون قومی سیاسی تحریک کی جاری جدوجہد میں صف اول کا دستہ بن کر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی اور پشتون قومی سیاسی تحریک کے دعویدار تمام پارٹیوں، ان کی قیادت اور کارکنوں سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ تمام پشتون قوم، پشتونخوا وطن کے سیاسی جمہوری پارٹیوں کا اتحاد اور مشترکہ جدوجہد کے طلبگار ہے پشتون قومی سیاسی تحریک کے .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ نے خواتین کے بانجھ پن پر مہر یا نان ونفقہ سے انکار غیر قانونی قرار دیدیا

خواتین پر ذاتی حملے عدالت میں برداشت نہیں ہوں گے، عزت نفس ہر حال میں محفوظ ہونی چاہیے

نان و نفقہ کیخلاف درخواست مسترد، عدالت شوہر کے رویئے پر برہم، درخواست گزار 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے خواتین کے بانجھ پن پر مہر یا نان و نفقہ سے انکار کو غیر قانونی قرار دیدیا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے نان و نفقہ کیخلاف درخواست مسترد کرتے ہوئے شوہر کے رویئے پر برہمی کا اظہار کیا اور درخواست گزار صالح پر 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد کرتے ہوئے کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے فیصلے میں لکھا شوہر نے بیوی پر بانجھ پن اور عورت نہ ہونے کا الزام لگایا تھا تاہم بانجھ پن حق مہر یا نان و نفقہ روکنے کی وجہ نہیں، خواتین پر ذاتی حملے عدالت میں برداشت نہیں ہوں گے .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بی آر ایس پی کے زیر اہتمام پیس انیشیٹیو پروجیکٹ کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

لیویز کو پولیس میں ضم کرنے پر عملدرآمد توہین عدالت ہے، پی کے میپ

فارم 47 کی غیر آئینی و غیر قانونی نااہل حکومت نے تمام اخلاقی حدیں عبور کر لی ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں لیویز فورس کو پولیس فورس میں ضم کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت اور توہین عدالت کے مرتکب اقدام پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی غیر آئینی و غیر قانونی زر و زور سے مسلط نااہل و کرپٹ حکومت نے نااہلی و ناکامی کی تمام حدیں عبور کر لی ہیں۔ صوبے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

نواں کلی کوئٹہ سے اغوا ہونے والا بچہ ڈھاڈر سے بازیاب، پولیس

کوئٹہ (یو این اے) نواں کلی کے علاقے سے اغوا ہونے والا الحسن پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں ڈھاڈر سے بازیاب کرا لیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ گھریلو تنازع کا شاخسانہ تھا۔ بچے کو اس کا دادا، نانا کے گھر سے لے کر اپنے گھر ڈھاڈر لے جا رہا تھا۔ بچہ گھریلو تنازع کا شکار، دادا نے نانا کے گھر سے لے جا کر ڈھاڈر پہنچا دیا۔ واقعے کی اطلاع بچے کے ماموں نے اغوا کی شکایت کے طور پر پولیس کو دی جس پر فوری ناکہ بندی کی گئی

میجر محمد انور کاکڑ کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے، نسیم الرحمن ملاخیل

ہماری بہادر افواج نے ہمیشہ ہر محاذ پر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے، مشیر ماحولیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمن خان ملاخیل نے میجر محمد انور کاکڑ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ میجر انور ایک دلیر، فرض شناس اور مادر وطن پر جان قربان کرنے والے سپاہی تھے جنہوں نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جا .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی اے معاہدے سے زمیندار شدید متاثر ہوں گے، عبدالرحیم کاکڑ

معاہدے سے قبل تاجر برادری، زمینداروں کو اعتماد میں نہ لینا قابل مذمت ہے، حضرت اچکزئی

تازہ پھلوں کو پروسیسنگ پلانٹ نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے، میر یاسین مینگل و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعد اللہ اچکزئی، حاجی ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، عبدالخالق آغا، عبدالعلی دمڑ، وذان علی کاکڑ، اللہ داد اچکزئی، جہانگیر لانگو، نقیب اللہ کاکڑ، عمر اچکزئی، سید عبداللطیف نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدہ (پی ٹی اے) .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سریاب، معمولی تکرار پر فائرنگ دو بھائی زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب مل میں گھر کے باہر کھڑے ہونے پر ہمسائے نے فائرنگ کر کے دو بھائیوں کو زخمی کر دیا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق سریاب مل میں دو بھائی محمد ناصر اور عبدالشکور ولد محمد ایوب گزشتہ روز اپنے گھر کے باہر کھڑے تھے ہمسائے نے باہر کھڑے ہونے پر تکرار کی اور فائرنگ کر کے دونوں بھائیوں کو زخمی کر کے فرار ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا

سستی بجلی کی امیدوں کو دھچکا، آئی ایم ایف نے وزارت توانائی کا پیکیج مسترد کر دیا

وزارت توانائی کے اعلیٰ حکام مارجنل پیکیج پر آئی ایم ایف کو قائل کرنے میں ناکام، اہم منصوبہ فی الحال تعطل کا شکار ہو گیا

عالمی مالیاتی فنڈ نے پیکیج کی منظوری کو '100 فیصد ریکوری' یعنی تمام واجبات کی مکمل وصولی سے مشروط کر دیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے پاکستان کی وزارت توانائی کا مجوزہ 3 سالہ مارجنل انرجی پیکیج مسترد کر دیا مقصد ملک میں موجود اضافی بجلی کو سستی قیمت پر مصنوعی ذہانت (AI)، ڈیٹا مائننگ اور صنعتی شعبے کو فراہم کرنا تھا ذرائع کے مطابق وزارت توانائی کے اعلیٰ حکام مارجنل پیکیج پر آئی ایم ایف کو قائل کرنے میں ناکام رہے، اہم منصوبہ فی الحال تعطل کا شکار ہو گیا تاہم حکام نے کہا دوبارہ بات چیت اگلے اقتصادی جائزہ مذاکرات میں متوقع ہے، ذرائع کے مطابق پیکیج خاص طور پر مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت کو .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، ڈپٹی کمشنر ذکاءاللہ درانی زمینوں کے الاٹمنٹ کے حوالے سے گرینڈ جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

آج لانگ مارچ روانہ ہوگا تمام رکاوٹیں توڑ کر اسلام آباد جائینگے، ہدایت الرحمن بلوچ

یہ لانگ مارچ بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا لانگ مارچ ہوگا اسلام آباد سے بلوچستان کو کالونی کی طرح چلایا جاتا ہے

گوادر سے چمن تک بارڈر کی بندش سے 30 لاکھ افراد کو بے روزگار کرنا منظور نہیں ٹرالر مافیا کی سرکاری سرپرستی بند کی جائے

سی پیک کے ثمرات سے موٹرویز اہل بلوچستان پر کیوں حرام ہیں، سی پیک فیز 1 اور 2 کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ آج صبح 10 بجے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کریں گے یہ لانگ مارچ بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا لانگ مارچ ہوگا اسلام آباد سے بلوچستان کو کالونی کی طرح چلایا جاتا ہے یہاں کسی کو کچھ نہیں پتہ بلوچستان میں کیا ہو رہا ہے طاقتور طبقہ بلوچستان کو چھڑی سے چلا رہے ہیں۔ ان خیالات کا .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی بحریہ کی وارننگ، امریکی جہاز راستہ بدلنے پر مجبور

تہران (بیورو رپورٹ) خلیج فارس میں ایک بار پھر امریکہ اور ایران کے درمیان فوجی کشیدگی دیکھنے میں آئی جب ایرانی بحریہ کے ہیلی کاپٹر نے امریکی میزائل بردار جہاز کو وارننگ جاری کی اور علاقے سے نکلنے کا مطالبہ کیا، ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی جنگی جہاز یو ایس ایس فٹزجیرالڈ کی موجودگی کی اطلاع ملتے ہی ایرانی بحریہ نے فوری طور پر نگرانی کا ہیلی کاپٹر علاقے میں روانہ کیا، ایرانی ہیلی کاپٹر نے امریکی جہاز کو وائرلیس وارننگ دی ایران کی .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کچلاک کے دورے کے موقع پر عوام کے مسائل سن رہے ہیں

بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، حسین احمد شرودی

سریاب، ہزار گنجی، مشرقی بائی پاس، خروٹ آباد ٹو فیڈرز پر تو کیسکو نے حد ہی کر دی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا سعید احمد، مولانا مفتی عبدالباقی بزنجو، مولانا محمد اکبر مینگل، مولانا مفتی محمد رضا خان، مولانا محمد عثمان پرکانی، مولانا حافظ احمد جان ساسولی، مولانا قاری نذر محمد حقانی، مولانا حاجی محمد عیسیٰ، مولانا عبدالمجید، امین جان .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو نوآبادیاتی طرز حکمرانی پر چلایا جا رہا ہے، بی این پی (عوامی)

سینٹرل کمیٹی نے پارٹی صدر کے گھر پہ فورسز کے بلاجواز چھاپے کی مذمت کی

بی این پی (عوامی) سے جڑے لوگوں کو تنگ کرنا حکمرانوں کی بوکھلاہٹ ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کی سینٹرل کمیٹی کی میٹنگ زیر صدارت مرکزی صدر میر اسد اللہ بلوچ منعقد ہوا اس سینٹرل کمیٹی میں بہت سے ایجنڈوں پر تفصیلی بحث ہوئی۔ اس سینٹرل کمیٹی میں پارٹی کے مرکزی صدر میر اسد اللہ بلوچ کے .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی کے ہمراہ عصمت اللہ شیخ و دیگر آفیسران کا گروپ فوٹو

اس وطن کے اصل محافظ ہم ہیں یہاں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے کردار واضح ہے، نور محمد دمڑ

جرگہ میں شرکت کرنے پر زیارت، سنجاوی اور ہرنائی کے لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں، آپ لوگ ہماری طاقت اور ہمارا سرمایہ ہیں

زیارت آپ کا ہے، ریاست نہ آپ کو اپنی سرزمین سے ضلع بدر کرے گی اور نہ ہی آپ کو کوئی نقصان پہنچے گا، ڈی سی کا جرگے سے خطاب

زیارت (خ ن) کاروان حاجی نور محمد خان دمڑ کے زیر اہتمام زیارت فٹبال گراؤنڈ میں جنگلات کے زمینوں کی اندراج کے سلسلے میں گرینڈ قبائلی جرگے کا انعقاد کیا گیا جرگہ میں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالستار کاکڑ، ڈپٹی چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، حاجی باز محمد دمڑ، حاجی راز محمد دمڑ، حاجی خان محمد دمڑ، ملک ظاہر خان کاکڑ، ملک ایاز دمڑ، ملک گل زرگزیب، سردار عتیق الرحمن، ملک عبدالجلیل، ملک لاجور دمڑ، ملک محراب، سردار عبداللہ خان سمیت جرگے میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

آزاد کشمیر میں آئینی بحران، ن لیگ نے قبل از وقت الیکشن کا مطالبہ کر دیا

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر میں آئینی و سیاسی بحران نے شدت اختیار کر لی، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی اعلیٰ قیادت نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے فوری انتخابات کا مطالبہ کر دیا، راجہ فاروق حیدر خان نے آزاد کشمیر کے موجودہ سیاسی حالات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا خطے میں آئینی ادارے مکمل طور پر مفلوج ہو چکے، آزاد کشمیر میں چیف الیکشن کمشنر موجود ہے نہ ہی سینئر ممبر الیکشن کمیشن، صرف ایک رکن کام کر رہا ہے

پیس انیشیٹیو پروجیکٹ کی اختتامی تقریب، گورنر بلوچستان شریک

مفاد خلق پر مبنی تمام ڈویلپمنٹ پروجیکٹس کو وسعت دی جائے گی، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ عدل و انصاف پر مبنی ایک صحت مند معاشرے کے بنیادی اصول بہت واضح ہیں۔ پائیدار امن، سماجی مساوات، اور معاشی خود مختاری وہ اصول ہیں جو معاشرے کے ہر فرد کیلئے امید اور یقین کے باعث بنتے ہیں۔ پاکستان اور بلوچستان کی کل آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ ضروری ہے کہ .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ڈالر کے نرخ کنٹرول کرنے کیلئے کرنسی سمگلرز کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

ایف آئی اے نے کریک ڈاؤن جاری رکھا تو ڈالر 250 روپے تک آسکتا ہے، ملک بوستان

کراچی (بیورو رپورٹ) ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ای سی اے پی) نے کہا ہے تو ستار جنرل نے کرنسی سمگلرز کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیدیا تا کہ ڈالر کے بڑھتے ریٹ کو کنٹرول کیا جا سکے، چیئرمین ای سی اے پی ملک بوستان نے کہا ڈالر .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہید سردار زادہ کامران جنگ کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کر رہے ہیں

بجلی کی لوڈشیڈنگ سے کاروبار اور زراعت تباہ ہو رہے ہیں، مولانا قادر لونی

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے کولڈ اسٹورز میں پڑی کئی ملین ٹن سیب، انگور، چیری اور سبزیاں تباہ ہو رہی ہیں، بھاری بلز بدستور آتے ہیں

واپڈا کی من مانیاں حد سے گزر چکی ہیں سخت گرمی میں 12 گھنٹے سے زائد لوڈشیڈنگ، آنکھ مچولی اور وولٹیج کی معمول بن چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبداللہ حقانی ناظم۔ دوم میر مبارک محمد حسنی صوبائی سیکرٹری مالیات مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی سالار حاجی شیر جان کاکڑ نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے کاروبار اور کئی ملین ٹن سیب اور انگور چیری اور سبزیاں تباہ ہو رہی ہے ایک طرف بجلی کی بھاری بلز سے عوام کا .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر